الحمد للہ رب العالمین

مجموعہ

کتاب تنبیہ الضالین

فیض علم و باران رحمت بہ تصحیح تمام

بمطبع اسلامیہ لقالب طبع

درآمد

۱۰ ربیع الاول ۱۲۷۲ ہجری

Checked 1987
CHECKED 1998

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُولُہٗ

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ حبیبہ محمد سید المرسلین خاتم النبیین شفیع المذنبین وعلی آلہ الطاہرین واصحابہ الطیبین اجمعین بعد اسکے لکھا جاتا
ہے کہ واللہ باللہ تم تاللہ یاروں میں کسی بدعتی مولوی مت اسیح کا مرید ہوں نہ نائب مختار نواب عظیم جاہ بہادر کا طالب ہے چند سطریں اپنی
زبان میں سند فی اللہ مولوی سید محمد علی صاحب واعظ کے مقدمے میں بطور خلاصہ ایمان داروں کی خدمت میں عرض کرتا ہوں اور کتاب
تقویۃ الایمان اور نصیحت المسلمین وغیرہ کے مقدمات کے باب میں بطور نمونہ کے عمدہ عمدہ کتابوں سے ایسی سندان لایا ہوں جو ہر سند مشتمل کی حجت
کے ہو سکے اور عوام کو معلوم ہونیکے واسطے اسطور سے لکھا گیا ہیں تو اور یہ طور سے لکھا جاتا اب ذرا انصاف سے ہر محل و مقام کے مطلب اور معنی اور سندوں کو خوب
کرتے ہوئے ایک بار اس بیان واقعی کو اول سے آخر تک مطالعہ فرمائیے خدا کو حاضر و ناظر جانکر خوب اپنے دلمیں سوچئے اپنے کئے کہے کی باتیں کیجئے حسا
کو دلوں سے نکال لیجئے اللہ اور رسول کے فرمودے کو پس پشت نہ ڈالیئے اور اپنی عقل و عادت کے درپے نہو جئے اگر انصاف سے دیکھا بد جانتے ہو تو بھلا فقد
نظر حسد سے ایکبار تمام و کمال دیکھ لیجئے کہ کچھ عیب نہیں **بیت** جلوہ مفت است دیدنی دارد ؛ سخن ما شنیدنی دارد ؛ کہ سید واعظ سنہ بارہ
سو چنتالیس ہجری محرم کے مہینے میں مدراس کو آکر آٹھ مہینے تک لوگوں کو وعظ و نصیحت اور ہدایت موافق شرع شریف کے کرنے لگے اور قرآن و احادیث
کے بیان سے شرک و بدعت کی برائیاں ہر ایک کھولنے تو مدراس کے باشندے اور دور دور کے گاؤں کے لوگ آکر انکی بیعت کرنے لگے شرابیان سیندی کشان
کا نچواں زانیاں فاسقاں شہدے نرسوپستان وغیرہ عوام و خواص جو کبھی نماز کے نام سے بھی واقف نہ تھے اپنے فعلوں سے باز آکے پنجوقتہ نماز پڑھنے
یہاں تک کہ بعضے عورتاں بھی تہجد گذار ہوگئے اور ہندو مسلمان بنے پھر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انکے بیٹھنے کی جگہ کو بھی مسجد بنایا اندنوں میں فقیران بے شرع
اور مشائخان بے حقیقت سجدے لینیوالے چادر ابرو کی صفائی کرنیوالے نماز روزہ چھڑانیوالے گانجے کے دم میں خدا کو دکھلانیوالے اندر اور باہر کا
کوڑی کے آشنا عود دان کی راکھ کو سرمہ چشم ایمان سمجھنے والے امردوں پر اپنے ساتھ گوشہ پردہ حرام جانیوالے اپنا بازار سرد دیکھ کر انہ

تہمتان بہتانان اٹھائے اور اطراف کے گاؤن کو بھی خطان لکھہ بھیجے کہ ایک یہودی یا نصرانی سید کا نام ٹھہرا یہان آکے مریدان کرتا ہی خبردار کوئی مت آئیو
اور مدراس کے علمای بے عمل اور فاضلان سراسر غبی اُن بے حقیقتون کے ساتھ ملکر حسد سے کمال سے مذکور کے رمضان کے مہینے مین ایک سوال سید واعظ پر
لکھکر دندان شکن جواب پایا پھر بعد سب ملکر نہایت جلاپے سے اٹھارہ سوال سید واعظ کو روانہ ہونے کے وقت لکھے جسمین کچہ مسلمانون کے مسئلے کچہ بدعیون کے
مسئلے ملے ہوئے تھے منصوبہ یہ کئے تھے کہ اگر سید واعظ اُن سوالون پر مہر کردین تو لوگون مین مشہور کردیں کہ سید واعظ بھی بڑے بدعقیدے تھے ہمنے
چھپا کر مہر لے چکے اگر مہر نا کرے تو بدنام کردین کہ سید واعظ مین یہ بدعقیدے موجود ہین سید واعظ وہ سوالات سنکر جواب کہلا بھیجے کہ ان اٹھارہ سوالون
مین سے دینداری کے سوال علیحدہ ہون تو اسکے صحیح ہونے پر مہر کردیتا ہون اور بدعیون کے سوال علیحدہ لکھین تو اُسکے باطل ہونے پر مہر کرتا ہون یہ دغا بازی ہم
قبول نہین کئے تب سید واعظ بولے کہ اس کاغذ کو میرے ساتھ دو یہان تو فرصت نہین ہی جہاز پر بیکاری کے عالم مین مطالعہ کرکے مناسب ہی تو اپنی مہر
اور کلکتے کے عالمونکی مہر کروا دونگا نہین تو جواب بھیجونگا پھر وہ کاغذ ان کے حکم سے ہمراہ لیگئے کلکتے مین سید واعظ کے طریقہ کے عالمان پسند نہ کئے
بلکہ اُن سوالون کا رد لکھہ بھیجے اور نواب کے مفتی بدرالدولہ بہادر بھی اُس فتوی مین غلطیان دیکھہ کے اسکا رد بخوبی تمام لکھے چنانچہ علمای کلکتہ اسکو
چھاپا کروا کے مشہور کئے سو بات مشہور ہے مدراسیان اوربھی ملکر سید واعظ کا کینہ دلونمین رکھے اور یہان سے بہت کچہ کلکتے کتین سید واعظ کو ایذا پہنچانیکے لئے
لکھائے پر کچہ نہ چل سکی لاچار قابو جوہے کہ کسطرح سے سید واعظ کو ایذا دیا جاے اور اہانت کیا جاے اتفاق ایسا ہوا کہ سنہ بارہ سے پچاس مین سید واعظ حج کے ارادے سے
اپنا وطن چھوڑ کلکتے کو آ بیٹھکر جہاز کے موسم کے انتظار مین تھے مدراس کے حاکمان سنکر بڑے اشتیاق کے دو خط بھیجکر سید واعظ کو بلا بھیجے کہ ابھی راستے
ملیوار ہی سے مکہ کو تشریف لیجائیے سید واعظ آگئے بلاوے پر رمضان کے ستائیسوین ۱۲۵۰ سنہ ہجری مین مدراس کے ساحل پر اُترے تین روز میان پیٹھ مین رہے مدراس کے
سرکار سے جعفر علیخان نسامان کو بھیج بھیج کر منتان کر کرکے سید واعظ کو سید صبغۃ اللہ مرحوم کی حویلی مین لاکر اُتارے پھر تو کیا کیا دلداری اور کیا کیا جہانداری
کرنا شروع کئے اور لوگونمین مشہور کیا کہ نواب اور نواب بیگم وغیرہ سید واعظ کے مرید ہوتے ہین اور خلق بھی بہت سے مرید ہونے لگے پھر تو کیا پوچھنا دشمنون کے
سینون پر سانپ پھر گیا اور حسد کی آتش مین جل بل کباب ہوگئے ہر روز فتنے اور بہتانان بے حساب بڑھنے لگے اور سب ملکر بعد جو کچہ سید نوازی کئے سو
مشہور ہے اس سید نوازی کا باعث یہہ ہے کہ جب سرکار کا خط لیکر سید کو بلانے کوٹ قاسم روانہ ہوا کرکے سنے تو بے عالمان اور بے دین مشایخان مدراس
کے آپسمین مکر مشورہ کرکے اپنے مشورے مین یہہ ٹھہرائے کہ سید واعظ کے وعظ سے دنیاداران بدکاران سب دلونمین جڑ گئے ہین ہم ایکے مار بہتانان باندھکر
امرا اور عوام کو سید واعظ پر اٹھا کھڑے کرنا اور تقویۃ الایمان وغیرہ مین جو عوام کے رسم وعادت کے خلاف باتان ہین سو انکو کفر کلمہ ٹھہرانا اور سید واعظ کے مریدون
کو ذات مین سے نکالنے کا اور نواب کے یہان سے برطرف کروانے کا خوف بتانا یہ مریدان سب ملکر ایک طرف سے سید واعظ کو تنگ کرتے ہین اور ہم اور امرا ایک طرف
سے دوستی اور صلح بتلا کر اس بات پر سید واعظ کی مہر کروالین کہ تقویۃ الایمان اور اُسکے سیر کی کتابون مین کفر کے باتان ہین اور اسکا معتقد کافر ہی جب وہ مہر
کردیوے تب اس کاغذ کو مخفی بنگالے کو بھیجکر سید واعظ کے تمام پیر بھائیون کو اسکے جانی دشمن بنانا اور یہان منبر پر ایک ڈھب سے سید واعظ ہمارا تقدیر توبہ
کیا ہی کرکے ایسے طور سے سب کو سنا دین کہ سید واعظ اپنی تعریف ہی سمجھہ لیوین لیکن اندر مضمون توبہ کا ہووے جب اسطرح مہر کرنا اور ایسا توبہ کرنا شہر مین مشہور ہوجاے
تو کہین سید واعظ کا اعتبار نہین رہیگا کوئی اُسکا مرید نہ ہوگا بلکہ اُسکے مرید اُس سے پھر جائینگے اور اُسکے پیر بھائی اُسکے دشمن بن جاوینگے بعد سید واعظ کے آتے
پر دربار مین سید واعظ کا شکوہ اور اُن پر اور اُنکے مریدون پر افترا بہتانان کرکے نائب مختار کو اُنکا دشمن بنادینگے دولتمندون کو تو عدل اور انصاف اور بات
کی تحقیق کہان محض بے دیانت سید آزاری کئے دین کی جمعیت مین تفرقہ ڈالے مسلمان بھائیونکی تکفیر کا بوجہا سر لئے جب خلاصہ مدراسیونکی بغض اور کینے کا معلوم
اب آگے قصہ ذکر کرتا ہون سنئے کہ اُنھین دنونمین فرنگی محلی جمال شوال کے مہینے کے اول ۱۲ مین سید واعظ کے بازدید کو آنکر تمہ ماتان کرتا تھا آتے تک

امیر الدولہ خاندانی وہان آگئے اور جمال فرنگی محلی سے پوچھے کہ کل نواب کے یہان آپ شفاعت کا مسئلہ کچھ بیان فرماتے تھے سو فرما دیں تو شک دفع ہو جاویگا
فرنگی محلی جمال بولا میرا عقیدہ یہہ ہے کہ اذن شفاعت ہو چکا ہے اب اگر مولانا صاحب یا ملا نظام الدین ہمارے جد اُسکے خلاف بولین تو نہ مانون
سید واعظ کے بعض بعض مرید کچھ آیات و احادیث شفاعت بالاذن کے پڑھنے لگے اور بولے کہ شفاعت کا اذن ہو چکنے کی دلیل کون سی کتاب میں
ہے سو دکھلائیے فرنگی محلی بولا کسی کتاب میں لکھا ہوگا اور قرآن و حدیث سے معارضہ کریں تو نہ مانونگا سوائے مجتہدون کے قولوں کے تب مجتہدون کے
اقوال کو بھی جو کسی نے جمع کیا تھا دکھلا دیئے پہلے تو اُسکو اعتبار کیا پھر دیکھکر کچھ سرد ہوا اور سید واعظ سے پوچھا کہ آپ کیا کہتے ہو سید واعظ جو عقیدہ
تمام اہل سنت و جماعت کا تھا سو بولے کہ موعود ہو چکے قیامت کے روز باذن ہونگے یعنے اللہ تعالے دنیا میں وعدہ دے چکا ہے قیامت میں مقام محمود
میں اذن پاوینگے اور حضار مجلس سے جو قریب دو سو آدمیوں کے تھے پکار کر بولے یارو مطلق شفاعت کا منکر کافر ہے مگر بات اذن او غیر اذن میں
ہے فرنگی محلی بولا کہ جو نعمتان رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دینا تھا سو خدا دے چکا اب کچھ باقی نہیں سید واعظ بولے کہ لاتعد و لاتحصی قیامت
تک بلکہ انتہای دخول بہشت تک نعمتان ملے جاوینگے۔ دیکھئے ایماندار و اللہ تعالی کی نعمتون کو رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں دنیا ہی پر حصر
کر ڈالا ہے تو اس بد اعتقادی کو کوئی نہین پوچھا مگر جو شخص کہ لاتعد و لاتحصی کہا اسکو بد اعتقاد جانتے ہیں خاک ایسی سمجھ پر جو اُلٹی بات سید ہی
لگتی ہے ایسے میں ابو المعالی بازاری بعد نماز عشا کے چند مشہدون کے ساتھ تائید کو فرنگی محلی کے آیا اور بازاری گفتگو کر آخر فرنگی محلی و وے
ملکر رخصت چاہے اور فرنگی محلی بولا کہ مولوی اسمعیل دہلوی مولانا شاہ عبد العزیز کا بھتیجا ہے کچھ سمجھ کے لکھا ہوگا ہم جو کہنا ہو سو اُسکو کہینگے
لیکن دوسرا کوئی شخص کچھ کہا تو اُسکی چھاتی پر چڑھ بیٹھ کے گلا دابونگا سید واعظ وقت رخصت فرنگی محلی سے بولے کہ قرآن و احادیث اور
اماموں کے اقوال سے موافق عقاید اہل سنت و جماعت کے شفاعت بالاذن میری عقل ناقص میں ثابت پائی جاتی ہے لیکن جناب اگر کوئی دلیل
صریح اُسکے خلاف کسی کتاب میں پاوین تو لکھ بھیجیں تا ہم بھی اسکے تابع ہو جاوینگے اور رخصت کئے پھر تو فرنگی محلی اپنے دعوے پر سند تو نہ لکھ بھیجا لیکن
اس مقدمے کو برعکس خاطر خواہ کچھ اپنی مجلس میں بولنے لگا اور نواب بیگم سے کچھ کہا اور نائب مختار اور مولویون سے کچھ بیان کیا اور ایک فقرا کیا کہ
سید واعظ تقویۃ الایمان کو آپ منگوا کے اُسمین گفتگو کئے تھے اگرچہ صبح کو حضار مجلس کے اظہار سے جو چلی تھی سو گفتگو سبھون پر کھل چکی
لیکن دشمنان حیلہ جو یہہ مشہور کر دیئے کہ سید واعظ منکر شفاعت کا اور محمد علیہ الصلوۃ والسلام کا ہے تا خواص عوام سنتے ہی اعتقاد سے باز آکے دشمن
بن جاوین اور بیعت کرنے پاوین غرض سید واعظ میں تو کوئی بات گرفت کے لایق نپاتے تھے و چار لفظوں کو تقویۃ الایمان کے جو سید واعظ کے پیر بھائی
مولانا اسمعیل دہلوی کی تصنیف کر مشہور تھی دستاویز فساد کا ٹھہرا کر مشورت نائب مختار ایک سوال کو علماء مدراس کی طرف سے بے مہر و بے تاریخ
کے سید واعظ کے پاس بھیجے چنانچہ اُسکی نقل یہہ ہے۔ ہو الحق المبین حامدا مصلیا و مسلما۔ سوال از طرف علماء مدراس بخدمت کثیر المواہب
مولوی سید محمد علی صاحب اینکہ آنجناب تقویۃ الایمان تصنیف مولوی اسمعیل دہلوی را بتمامہ لفظا و معنا مطابق عقاید خود و علماء اہل سنت و جماعت
و موافق اعتقاد مرشدین خود شاہ ولی اللہ و شاہ عبد العزیز قدس سرہما میدانید یا بعض را مطابق و بعض را غیر مطابق می انگارند امید که مکارم اخلاق
گرامی آنداریم کہ از اختیار یکی ازین شقوق اطلاع بخشند تا بر طبق آن کار بند شدہ قطع سلسلۂ منازعت نمائیم۔ ربنا اغفرلنا و لاخواننا الذین
سبقونا بالایمان و لا تجعل فی قلوبنا غلا للذین امنوا ربنا انک رؤف رحیم سید واعظ نائب مختار کو پیام بھیجے کہ اس کاغذ پر سائلوں کے مُہران ہو جاوین تو
انھون کے نامون سے اُسکی جواب ہو جاویگی نائب مختار جواب کہلا بھیجے کہ اس کا کیا مضایقہ مُہران کچھ ضرور نہیں اور جواب اُسکا لکھنا چاہیے پھر تو سید واعظ بے تکرار اُسکا جواب
مہر لگا کر بھیجے جو نقل یہ ہے۔ جواب۔ [illegible] اللہ الرحمن الرحیم ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا انک انت الوہاب

اَللّٰہُمَّ صلِّ وسلّم علےٰ سیدنا و شفیعنا و مولانا محمد المختارِ و علی آلہ الاطہار و اصحابہ الاخیار۔ امّا بعد بمیقہ انیقہ و صحیفہ شریفہ مورخہ بجدہم شوال ۱۲۴۰ھ
مقدسہ و اصل و اطلاع بر مضامین فیض آگین حاصل شد کتاب تقویۃ الایمان خواہ منسوب بمولوی اسمٰعیل دہلوی معلوم باشد یا موہوم اگر کلاً یا بعضاً مخالف عقیدۂ مرآن
فقیر کہ حسباً و نسباً و علماً و ادباً و مذہباً و مشرباً سنی پاک اعتقاد و بری از شرک و الحاد ہستیم بودہ باشد با پایہ جناب سائلین از فقیر سوال نہ رسد کہ مصنف و مروج آن
کتاب ام و نداز اقارب و اتباع مولف آن پس ہر چہ مخالف عقیدۂ ما کہ عقیدۂ جمہور اہل سنت و جماعت است بودہ باشد خواہ در کتاب تقویۃ الایمان یا در کتب دیگر آن
بیشک ساقط الاعتبار است و آنچہ موافق عقیدۂ جمہور اہل سنت و جماعت باشد بالیقین و بالاختیار حسب فقیر مع احباب عقاید باطلہ ہمیشہ مبرا و بیزار و اللہ علی ما نقول
وکیل بذل مساعی بزرگانہ برای دفع سواطن کرام الٰہی با جناب ایشان واقع است ہر و موجب اجر موفور و الی اللہ ترجع الامور زیادہ السلام خیر الاختتام فقط مرقوم
بیست و دوم شوال ۱۲۴۰ ہجری مقدسہ - کہو بار و یہہ سب کیفیت مجھو تھے بحث ہے پس اگر اُن بزرگواروں کو اصلاح عالم کی منظور ہوتی تو البتہ اُن دو چار لفظ
کو جو بد جانتے تھے بے تامل کتاب تقویۃ الایمان سے نکال دیکر مشہور کر دیتے ہیں تو اللہ کے پاس اجر عظیم پاتے وہ تو منظور نہ تہا پھر چند روز کے بعد او فساد عظیم برپا کئے
کہ غرہ ذیقعدہ سنہ الیہ جمعہ کے روز نائب مختار کے ماموں ممتاز الامرا بہادر نائب مختار کے حکم سے پولیس کے پیادے ہندو مسلمان اور اردلی نوکر چاکروں کو لیجا کر مسجد کے
اور منبر کے گرد و پیش کھڑے کروا کے آپ ہمہتم بن کھڑے رہے اور فرنگی محلی منبر پر چڑھ کر قرآن ہاتھ میں لئے ہوئے بولا کہ میں کچہ بعض و حسد سے نہیں کہتا ہوں
للہ فی اللہ تکفیر کرتا ہوں تب قاضی بلدہ سید عبید اللہ خان بولے کہ تکفیر اہل قبلہ کی کب جایز ہے اُسکے عوض کچہ وعظ بولئے تو بھلا ہے غرض فرنگی محلی
تقویۃ الایمان ہاتھ میں اُٹھا لے کہنے لگا کہ تقویۃ الایمان میں سب باتان کفر کے ہیں اور اسکا مصنف مولوی اسمٰعیل دہلوی کافر ہے اور اس کتاب کا معتقد اور
اسکو گھر میں رکھنے والا بھی کافر ہے صاحبو پیغمبر کو چمار ہے کر کے لکھا ہے اسکو کیا کہتے ہو تب اسکی ہر بات پر بلے لوٹنے ناسمجھے جیسے بھالو کے پیچھے کولے پکارتے ہیں
بے تحقیق و بے دریافت کہنے لگے کافر کافر ہے اور شفاعت کا منکر ہے کیا کہتے ہو بولنے لگے کافر کافر - اور پیغمبر کو بڑے بھائی کے برابر جانتا لکھا ہے کیا کہتے ہو لوگ
کافر کافر - اور مولوی محمد علی اس کتاب پر اعتقاد رکھتے ہیں کیونکہ شفاعت کی سند اسکو سند لائے تھے کیا کہتے ہو چلانے لگے کافر کافر - اور ممتاز الامرا بہادر اور نائب مختار
کے خدمتگار وغیرہ چار پانچ شخص سے جو سید واعظ کے مرید تھے توبہ لیا اور تیرے مخرو بزرگی سے چلا چلا کے بولا کہ مولوی محمد علی کو یا اُسکے کسی مرید یا دوست
کچہ پوچھنا ہو تو پوچھے سید واعظ کے بہت سے مریدان بعد نماز جمعہ اپنے اپنے گھر کو چلیگئے تھے لیکن بعض بعض جو حاضر تھے سو اُن میں سے کوئی مباحثہ کے لئے اُٹھنے
چاہتا یا اُٹھا تو اُسکو پیادے اور حبشیان وغیرہ روک دیتے اور فرنگی محلی کسیکے حقیں کچہ خاطر خواہ بولا تو بلے گویاں کافر کافر کا دہوم اُٹھا دیتے اور اُس کفر محکم کے لئے
سے جوبات نکلی تو حکم تکفیر کا جانتے تھے چنانچہ ذکر بد کرحب سید عبد القادر جیلانی کا نام لیکر پوچھا کہ صاحبو تم اُنکو کیا کہتے ہو بلے گویان بے تامل بول اُٹھے کافر کافر
تو فرنگی محلی چلانے لگا کہ ایسا مت بولو مسلمان لوگو تب بھلا ان اس کیفیت کو دیکھکر - فاعتبروا یا اولی الابصار - پڑھنے لگے حاصل کلام فرنگی محلی جو بکتا تھا سو
بکر وقت عصر جب منبر سے اتر پڑا تو پکار کر بولا یارو ممتاز الامرا بہادر کے حکم موافق یہہ سب بولا ہوں مجھے کسیکی تکفیر سے کیا کام - پس ابہت باز رہوں کو حیرت
ہوگئی کہ قرآن ہاتھ میں در اس وقت کے پیش از یہہ شخص للہ تکفیر کرتا ہوں کرکے کہا تھا اور اب ممتاز الامرا کا حکم بجا لایا ہوں کہتا ہے یارو ادھر منبر پر تو
مسلمانوں اور سیدوں کی تکفیر ہو گئی اور اُدھر ممتاز الامرا بہادر دربار میں جا کے کہنے لگے کہ سرکار کے نوکروں میں سے سید واعظ کا مرید توبہ نکریگا تو برطرف کیا جائیگا اور
بعض بعض نوکر کو بھی فرنگی محلی کے گھر توبہ کے لئے بھیجے اور نائب مختار بھی ایک سپاہی سے جو پہرے پر کھڑا تھا پوچھے کہ تو مولوی محمد علی کا مرید ہے وہ بیچارہ نوکری جانیکے
ڈر سے کانپتا کانپتا بولا ہاں مرید ہوں اب توبہ کیا توبہ کیا توبہ کیا نائب مختار پھر پوچھے کہ تیرے پیر تجھے کیا بولے عرض کیا کہ اللہ ایک محمد برحق ہے اور نماز پڑھ روزہ
رکھ نیک کام کر بد کام مت کر پھر کانپتا کانپتا بولا توبہ کیا توبہ کیا نائب مختار سنکر فرنگی محلی کے یہاں اُسکو بھیجوا دینکا حکم کئے سید واعظ کے بیچارے مریدان یہہ حال
دیکھکر سید واعظ سے بڑی عاجزی سے عرض کرنے لگے کہ آپ تقویۃ الایمان کے

ای واقف لوگو یہ باتان جھوٹھی ہیں یا سچ اب انصاف شرط ہے کہ اُسوقت سید واعظ کی کیا خطا تھی جو تکفیر کر چکے پس فساد و بد ذاتی کسکی ہے سوا ایمان دارون
پر خوب روشن ہے خدا علیم است ولیکن سید واعظ پیر کے روز ناصر الدولہ بہادر کے گھر گئی بیبیو کی بیعت کی خاطر جا رہے تھے جب جامع مسجد مین نماز کے لیئے آئے تو وعظ
بولینگے گمان سے متولی منبر کو چھپا دالا پھر تو سید واعظ منگل کے روز مسجد کو نجا اپنے گھر مین وعظ بولنے لگے پانچ سات سو آدمیون تک جمع ہوا ایک حشر کا عالم ہو گیا لوگ زار زار
رونے لگے اور کئی لوگ بیعت سے مشرف ہوئے دشمنان اور بھی آتش حسد مین جل بل کباب ہو گئے اُس روز فرنگی محلی نائب مختار سے بولا تھا کہ مولوی محمد علی ایک کتاب
طریقہ محمدیہ تصنیف کئے ہین اسکو منگوا کر دیکھین کیا لکھا ہے اسلیئے نائب مختار جسکی طریقہ محمدیہ کے نام کی ہدایت ... سید واعظ کے پاس بھیجے تھے سو اُنھی
عین وعظ ہونے کے وقت چوبدار جسکی ... ظاہر حسید وعظ مین خلل انداز ہونا چاہا لیکن سید واعظ جھڑک کے بولے اللہ جلشانہ کے احکام بیان کرنیکے وقت امیر وزیر کے پیغام
سے کیا کام اور اپنے وعظ مین مشغول رہے پھر نائب مختار وقت مغرب ندیم اللہ صاحب کو سید واعظ کی خدمت مین بھیجے غرض سید واعظ کتاب طریقہ محمدیہ کو جو سنہ ۹۸ نوسی آتی
ہجری مین تصنیف کئی گئی تھی حضرت مولانا برگوئی کی بھی ساتھ لیئے شادی محل کو گئے جب اس کتاب مین مولانا برگوئی کا نام دیکھے سب مبہوت ہو گئے یہان ایک بات
سمجھ رکھنا چاہیئے کہ مولانا برگوئی کی کتاب کا نام طریقہ محمدیہ ہونے سے دوسرے مسلمانون کے سب کتاب کو یہود یا نصرانیہ کی کتاب نہیں کر کے لکھ سکینگے مگر جو نصرانی یا
یہودی ہو سو ایسا قیاس کریگا اور فرنگی محلی جو آگے نائب مختار کو اکثر کہا کرتا تھا کہ مولوی محمد علی صاحب سے بحث کروا دین تو مین بحث کرونگا سو وقت سید واعظ
سے ہر بات کا جواب دینے اس شکل ایسا پایا کہ اُسکا ناطقہ بند ہو گیا سید واعظ اُس سے پوچھے آپ جو اتنے مومنون اور بزرگون کی تکفیر کر سکتے سو کونسی ملت و مذہب مین ہو اور کہا
اور کس کتاب مین اسکی سند پائے ہین جو بیان کیجئے پس فرنگی محلی جمال جو جمعہ کے روز اپنا کمال ظاہر کر کے تمام کی تکفیر کیا تھا اور سید واعظ اور انکے مریدون کو بحث کے
لیئے بلایا تھا اسکو واجب تھا کہ سید واعظ وغیرہ کی تکفیر اپنے دعوے کے موافق روبرو ثابت کرین لیکن یہ جو نیا تیسا جمعہ کا انکار کر گیا کہ واللہ باللہ مین انکی تکفیر
نکیا آپ سید اور میر صاحبزادے ہو اور تقویۃ الایمان کے مصنف کو کافر بولا ہون یا رو یہان سمجھ لیجئے کہ سچے کون ہین اور جھوٹھے کون سید واعظ نائب مختار سے بولے
صد گواہان عادل اپنے دعوی پر حاضر کرتا ہون آپ تو دین کی بڑی حرارت رکھتے ہو بعد دریافت حد شرعی جاری کرین نائب مختار بولے پیچھے کسیکے قتل کی قدرت نہین ہے سید
واعظ جواب دیئے خیر تم تعزیر بھی تو دے سکتے جانے دو ایک نوشتہ انکار تکفیر کا کر دیوین تو بس ہے فرنگی محلی اقرار کیا کہ لکھ دیتا ہون سید واعظ بولے ابھی ...
نائب مختار بولے میں تو گواہ ہون کیا مضائقہ کل لکھ دینگے اور کہے کہ منگل کو مسجد مین کیون وعظ نہین فرمائے سید واعظ بولے کل آپ ہی کے حکم سے منبر چھپایا گیا تھا تو
نہین شادی محل ہو گیا نائب مختار بولے مین نے حکم نہین کیا سید واعظ بولے کہ جب آپکے علاقہ کی مسجد مین ایسا کام ہووے اور آپکو خبر نہووے تو بیخبری کا اللہ کے پاس باز پرس ہوگا
اور کوئی آیت قرآن بھی جو ایسے مقدمے مین اللہ تعالی وعید فرمایا تھا پڑھے نائب مختار فرنگی محلی کی گلی بات کے اعتماد پر سید واعظ سے پوچھے کہ شفاعت کے بحث
کے روز تقویۃ الایمان کو کیا آپ منگوائے تھے سید واعظ بولے نہین منگوایا اُسمین کچھ بحث کیا نہ میرے پاس وہ کتاب ہے مگر مولوی جمال صاحب یا برا منگوائے تھے پوچھ لیجے
تب فرنگی محلی بولا ہان مین ہی منگوایا تھا لیکن کہان سے آئی سو معلوم نہین سید واعظ نائب مختار طرف مخاطب ہو کے بولے کہ آپکے جد امجد میر کے طویلے ... والے کے گھر
سے آئی ہے کتاب اللا والا ہو الا دونون آپ ہی کے نوکر مین اور اُس کتاب کا مصنف انکا بھائی ہے کیونکہ آپ بھی فاروقی ہین اور وہ بھی فاروقی تھا پس تعرض
اس کتاب کا آپ سے پہنچتا ہے دیکھئے صاحب وہ جمعہ تھا جمال غیبت مین تو اپنا کمال بتلا کہا تھا کہ تقویۃ الایمان کو سید واعظ منگوا کے اُس مین بحث کیئے تھے اور اسی
بات کی سند پر سید واعظ کی تکفیر بھی کیا تھا پھر روبرو اسکے خلاف بیان کیا سبحان اللہ عالم دیندار ایسے ہی سچے ہوتے ہین سید واعظ انھین باتون مین نائب مختار سے
بولے کہ ایک روز مولوی اکمل صاحب اور مولوی مرتضی علی خان صاحب اور مولوی جمال صاحب سے تقویۃ الایمان کے باب مین فقیر کو مباحثہ کروا دین بحولہ و قوتہ ہر بات
مین انکو قایل کر دے اٹھونگا غرض سید واعظ کے ہر سخن حق سے سبھون کا دم بند ہو گیا اور عمدہ عمدہ لوگ پکار اٹھے کہ شیر غالب آیا اور سید واعظ مظفر و منصور اپنے مکان
... نائب مختار ... حافظ ... سے بولے کہ تم جو کہتے تھے کہ مدراس کے علما غالب آئینگے اب دیکھا کہ کیا ہوا

کہنے ہی ایماندار و واقف لوگو یہ باتان سچ ہیں یا جھوٹھ اور اب جھٹلانا کچھ بڑی بات نہیں لیکن عالم الغیب اور احکم الحاکمین کے روبرو نہ جھٹلا سکوگے۔
الحاصل بحث کر و انکے نتیجے تو دلوں میں حاصل ہو گئے تھے اور خوب سمجھ لئے تھے پھر تو ایک تازی تدبیر ہوئی کہ چہارشنبہ کے روز حکیم احسن الدین خان کا
سالا ایک کاغذ تقویۃ الایمان کے بابمیں لکھا ہوا سید واعظ کے پاس تنہائی میں لا کے بولا کہ قاضی ارتضا علیخان کہتے ہیں کہ اسپر مُہر کردیوین تو رفع فساد
ہوجاتا ہے حالانکہ معلوم نہیں کہ قاضی نے کو بھیجے تھے یا وہ شخص آپ لکھوا لایا تھا لیکن ارتضا علی خان قاضی صدر کورٹ کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا سید واعظ
جو مسلمانوں میں کسی صورت سے فتنہ و فساد مٹ جانا اور انکی بہبودی چاہتے تھے بتامل جھٹ اسپر مُہر اپنا کردئیے چنانچہ اسکی نقل کو اپنے خلفا آئے تو بھلا
تو ایک خلیفہ نے کہا کہ اس کاغذ میں مشعر تنقیص شان سرور عالم لکھا ہے اسکی جگہہ پر لفظ موہم کا ہوا چاہئے سید واعظ فرمایا کہ اجی ہمنے تو مہر کردی اور وہ بھلا آدمی
کاغذ لیگیا پھر دیر کے بعد اس کاغذ کو لا کے بولا کہ کاغذ برا جائیے کیونکہ نواب کے یہاں بھجوانا ہے سید واعظ اُسکو رکھ لیکر دوسرا کاغذ لکھوا کے اپنا مہر دیکے
اور اپنے خلفا اور مفتی صدر الدولہ بہادر وغیرہ کے مہران کروا قاضی مذکور کے پاس بھجوادئیے چنانچہ اسکی نقل یہہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم - ربنا لا تزغ قلوبنا
بعد اذ ہدیتنا وہب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوہاب وصل علی حبیب الشفیع المجاب محمد المبعوث بفصل الخطاب علی آلہ وصحبہ خیر آل و اصحاب
امابعد بر علمای امت مصطفویہ و فضلای شریعت نبویہ مخفی و محتجب نماند کہ عقیدۂ این فقیر سید محمد علی و حضرت سید احمد صاحب مرشد فقیر موافق عقائد
جمہور اہل سنت و جماعت و مطابق اعتقاد مرشد ان مرشد خود حضرت شاہ ولی اللہ مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہما ست پس باید کہ جمیع خلفا و مریدان
من برین عقاید حقہ ثابت قدم باشند و کفی باللہ شہیدا کہ این فقیر معتقد مطالب و الفاظ تقویۃ الایمان وغیرہا کہ خلاف عقاید جمہور اہل سنت و
مشعر تنقیص شان سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم باشند نیست پس ہر کسیکہ از خلفا و مریدان این فقیر بران اعتقاد دارد ضال و مضل ست
اینچند کلمہ بطریق برات نامہ بحکم اتقوا من مواضع التہم - نوشتہ مہر و دستخط خود بر آن ثبت کردہ مواہیر خلفای خود بر آن ثبت کنانیدم تا دفع
مظنہ گردد و زبان بتشنیع احدی دراز نشود وتحریر فی التاریخ پنجم ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۲۵۱ ہجری نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ؛ پھر اس کاغذ کو واپس
بھیجدئیے کہ مولوی جمال اور مولوی آلمی اس کاغذ پر راضی نہیں ہوئے تھے سنو ابھی ایماندار و منصفو اگران بزرگواران کو فساد مٹانا اور لوگونکو درست کرنا
منظور ہوتا تو یہہ کاغذ بس تھا اور کچھ پیچ پاچ کی حاجت نتھی وہ تو حضرات کو منظور نتھا پھر بایکدیگر تجویز کر نائب مختار جمعرات کے روز قاضی مذکور
اور دونوں مفتیوں اور اسلمی اور فرنگی محلی وغیرہم کو جمع کر ایک جگہہ بٹھا اور اولیا طاغوت کے ساتھ اپنی خاص سکساون بھیجکر سید واعظ کو
بڑی عجز و الحاح اور تعظیم و توقیر سے بلوائے سید واعظ اپنے خلیفوں سے کسیکو ساتھ نہ لیکے تنہا بعد نماز عصر کے پیادہ پا شادی محل کو گئے تو نائب مختار
سید واعظ کو دوسرے مکان میں بٹھائے اور نواب کرناٹک غلام محمد غوث خان بہادر زاد اللہ عمرہ و دولتہ انکے پاس آبیٹھے نائب مختار
آپ بیچ میں واسطہ کار بنکر دوسرا ایک کاغذ نئے مضمون کا لکھوا اُن مولویوں کیطرف سے سید واعظ کے پاس لا کے بولے کہ اسپر اپنا مہر
کردیوین تو فساد رفع ہوجاتا ہے سید واعظ تامل کئے کہ جھوٹھہ اسپر کیون مہر کردیون نائب مختار بولے کہ ان لوگوں کی مرضی اسی بات پر گئی
ہے پس جیسا پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم صلح حدیبیہ کئے تھے ویسا آپ بھی صلح کر دین کہ آپ تو سنت رسول پر جان دیتے ہو اور اولیائے طاغوت
بھی بولا کہ حضور کی بھی مرضی اگر یہی ہے کیا مضایقہ تب سید واعظ بولے کہ آپ صلح کروانا چاہتے ہو اسلئے مہر کردیتا ہوں لیکن مولوی سمعیل کا نام نکال ڈالیں کیونکہ انکی
تصنیف ہے سو مجھے یقین معلوم نہیں چھاپنے والا اُسپر نام لکھ دیا ہے خدا جانے کیا حقیقت ہے تب نائب مختار اس کاغذ کو ان مولویوں پاس لیگئے اس
عرصے میں نواب کرناٹک غلام محمد غوث خان بہادر زاد اللہ عمرہ و تسلط سید واعظ سے صلح حدیبیہ کی حقیقت پوچھے سید واعظ فرمائے سو اسکا خلاصہ
یہہ ہے کہ حدیبیہ ایک جگہہ تھی وہان پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کفار مکے ساتھہ صلح کرنا مصلحتاً اتفاق پڑا صلح نامہ میں من محمد رسول اللہ

لکھے تھے کفار کہنے لگے اگر ہم محمدؐ کو رسول اللہ جانتے تو جنگ کیونکر کرتے محمد ابن عبد اللہ لکھنا ضرور ہے تب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لفظ رسول اللہ
کو مٹا کر ابن عبد اللہ لکھو فرمائے لیکن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اس لفظ کے مٹانے کی جرات نہیں ہوئی پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مٹا دئیے قصہ مختصر
نائب مختار پھر وہ کاغذ لائے سید واعظ اپنی صاف دلی سے اُس مسودہ کو منفذ احکام کے ہاتھ سے بسیغہ کروا اُسپر اپنا مہر کر دئیے دیکھو تو یہان والو سخن شناسو
اُن مولویوں کی جماعت کو کافر دین کے ساتھ اور سید واعظ کو رسول اکرم کے ساتھ تمثیل دیکے کس مکر و فریب سے اُس کاغذ پر مہر کروایا گیا ہے اور ایک بات بھی سن
رکھا چاہئے کہ اُس مہر کے کرنے سے سید واعظ کچھ خطامند نہونگے کیونکہ ایک تو صلح حدیبیہ کے سرکا معاملہ کئے دوسرا یہہ کہ جناب علی کرم اللہ وجہہ کا حکم
بجا لائے جو صواعق محرقہ میں لکھا ہے اخرج عبد الرزاق عن حجر المدری قال قال لی علی رضی اللہ عنہ کیف بک اذا امرت ان تلعننی
قلت وکاین ذلک قلت نعم قلت فکیف اصنع قال العنی ولا تبرا منی قال فامرنی محمد بن یوسف اخو الحجاج وکان امیرا علی
الیمن ان العن علیا فقلت ان الامیر امرنی ان العن علیا فالعنوہ لعنہ اللہ یعنے عبد الرزاق حجر مدری سے نقل کرتے ہیں کہ کہا مدری نے کہ مجھے
علی رضی اللہ عنہ کیسا ہوگا تجھے جب حکم ہوگا میرے پر لعنت کرنیکا بولا میں کیا یہہ ہونیوالا ہے فرمایا ہاں کہا میں نے پھر میں کیا کروں فرمایا کہ لعنت کر مجھ پر اور مجھسے تبرا مت کر
یعنے دل سے تبرا مت بول حجر مدری کہا پھر حکم کیا اپنے کو یمن کا امیر محمد بن یوسف حجاج کا بھائی کہ علی پر لعن کروں پس میں کہا کہ علی پر لعنت کرنے امیر
مجھے حکم کیا ہے پس اُسپر لعن کرو خدا اُسپر لعنت کرے انتہی۔ پس سید واعظ کا ناچاری سے مہر کرنا جو ہزاروں مسلمانوں میں فساد مٹ جانیکے واسطے اور
سیکڑوں کی پرورش اور بہبودی کے لئے تھا باعث خطا کا نہو سکیگا خصوص اس زمانہ فساد میں کہ مسلمانان آب و نان کے محتاج ہیں بعد اسکے نائب مختار
سید واعظ کو اپنے ساتھ ان مولویوں کی محفل میں لیگئے سید واعظ بعد السلام علیکم و علیکم السلام کے بولے انشدکم باللہ یعنے قسم دیتا ہوں میں تم کو اللہ
کی کچھ بھی مجھ میں پایا ہو تو کہہ دیجئے سب بول اٹھے کچھ نہیں مگر اسلمی بولا کچھ گمان تھا سید واعظ جواب میں یہہ آیت پڑھے اِجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ
بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ یعنے بچتے رہو بہت تہمتان لگانے سے مقرر بعضی تہمت گناہ ہے یارو سبحان اللہ جو مولوی کہ کوس انا ولا غیری بجاتا تھا کیسی بے دلیل بات کرکے خفت
پاگیا غرض ہر بات کے جواب میں سید واعظ کی زبان ذو الفقار علی کی سی ریکا کام کرتی تھی لیکن نائب مختار یہہ حال دیکھکر مصلحتاً روک دئیے اور صبح کو جمعہ کے روز
اُنکے خلیفے بھی اُنکے حکم سے طوعاً و کرہاً مہران کر دئیے نائب مختار سید واعظ سے بولے کہ مولوی جمال صاحب منبر پر فقط اس وثیقہ کا مضمون مومنوں کو سناوینگے
ویسا ہی آپ بھی اسکا مضمون برسر منبر سبکو سنا دینا ضرور ہے الغرض اس روز جو آٹھویں ذیقعدہ کی تھی ہزاروں مسلمانان نمازی و غیر نمازی صلح کا شہرا سنکر
جامع مسجد میں جمع ہوئے بعد نماز جمعہ کے سید واعظ نائب مختار سے عذر کئے کہ آج مجھے وعظ سے معاف رکھو مولوی جمال صاحب جو بولنا ہے سو بخوبی بول دینگے کیونکہ
میری کسی بات پر لوگ خطا پکڑکے فساد مچا دینگے نائب مختار نمانے سید واعظ کو بھی وعظ بولنا ضرور جانے فرنگی محلی نائب مختار کی مرضی کے موافق سید واعظ کو
منبر پر بٹھایا اور سب مولویان سب منبر کے نزدیک بیٹھے فرنگی محلی پولیس کے ہندو مسلمان پیادوں کے بل سے منبر کے نیچے کی اسیدھی پر کھڑا ہوکے لوگوں کو پکار پکار
کے پوچھنے لگا کہ صاحبو گئے جمعہ کو میں مولوی اسمعیل دہلوی اور مولوی سید محمد علی صاحب کی کیا تکفیر کیا تھا یا کسی سے توبہ لیا تھا خدا کے واسطے راست
بولو تب لوگ کیا خاک راست بولینگے خاموش رہگئے پھر فرنگی محلی ویسا ہی مکرر پوچھنے لگا تو اسکی ہر بات پر ہاں ہاں بولنیوالے کہنے لگے کہ نہیں نہیں
لیکن ہزاروں راست بازان اس جھوٹے بے باک کی تقریر سے حیرت میں پڑ گئے تھے کہ برسر منبر ہزاروں کے روبرو بولا سو باتوں کو آج انکار کر جاتے
پھر اُنھیں لوگوں کو خدا کا واسطہ دیکے شتوا ہے گر انتا ہے خدا جانے یہہ کس قماش کا آدمی ہے اللہ کی پناہ اور پولیس کے پیادوں کے ڈر سے اور فتنۂ عظیم
کے اندیشہ سے اُسکو رد کہنے اور جھٹلانے نسکے بعد اُسکے کاغذ وثیقہ ہاتھ میں لیکے فقط وثیقہ کا مضمون مومنوں کو سنا دینے کے عوض میں خلاف
اقرار و قرار داد فتنہ انگیز بیان آغاز کیا کہ آدم علیہ السلام گندم کھا کے خطامند ہوئے جب توبہ کئے اللہ تعالے معاف کیا اور فلانے فلانے نبی فلانی

افلانی خطا کئے پھر توبہ کئے تو اللہ تعالیٰ نے معاف کیا اور فلانے فلانے اولیا فلانا فلانا گناہ کئے تھے توبہ کرنے سے بخشے گئے اور ابن جوزی حضرت غوث کی
کیا تھا جب توبہ کیا تو بخشا گیا اور جو شخص کہ اپنی خطا پر آپ متنبہ ہو کے توبہ کیا تو اسکی کچھ تنک نہ جانا لوگ ان باتوں کے سننے سے متحیر ہو گئے اور پہچان گئے
کہ یہ باتیں صلح آمیز نہیں بلکہ صاف فتنہ انگیز ہیں کہ سید واعظ سے توبہ لیئے سر کا کلام ہے اور کاغذ وثیقہ کا دیئے کر دیئے سبب لکھوا لینا محض اس فساد
کے لیئے تھا پھر فرنگی محلی بعد اس تقریر تنک و ذلت کے سید واعظ کی تعریف و ثنا شروع کیا کہ مولوی سید محمد علی صاحب سید صحیح النسب ہیں نبی صلی اللہ علیہ
کے اور نواسے ہیں اور انکی سیادت ہندوستان میں مشہور ہے اور بڑے عالم فاضل متقی واعظ اور چنان چنیں ہیں ہمیں ہمارے میں ایک بات کی تکرار تھی سو جاتی
اب انہوں یہہ کاغذ لکھہ دیئے ہیں دیکھو اور اس کاغذ کا مضمون سنا دیا اور منبر سے اتر کے سید واعظ کو بولا آپ کچھ فرمائے تب لوگوں کو تعجب پر تعجب ہو گیا کہ کبھی حمد کو
تقویۃ الایمان تمام کفر کلموں سے بھری ہوئی ہے کہا تھا حالانکہ اسمیں کلمہ طیب لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا معنی اور تمام قرآن کے آیات اور حدیثان لکھے ہوئے ہیں
اور آج بعضے مضامین کا قید لگ گیا ہے آفرین برین دینداری و علم و شیخی ای ایماندار و اب انصاف سے گذرو کہ اگر فساد مٹ جانا منظور ہوتا تو بے موقع ذکر اسکا
تو بہ فساد انگیز کی کیا حاجت تھی اور کسکے جانب سے ہر وقت ہر باب میں فتنہ و فساد برپا ہوتا اور بڑھتا آتا ہے الٰہی ایسے فسادیوں کا منہہ دونوں جہانمیں کالا کیجیو
یا رب العالمین پس سید واعظ کو ضرور ہوا کہ بیان واقعی کر دیویں اور منبر پر اٹھہ کھڑا ہو کے بڑی فصاحت و بلاغت سے حمد حق جل و علا اور نعت رسول مجتبیٰ ادا کر کے سب
کی طرف مخاطب ہو کہے کہ صاحبو مجھہ میں قولاً و فعلاً خلاف سنت و جماعت کے کچھ پایے ہو تب وے مولویان بولے کچھ نہیں پھر سید واعظ الدنیا جیفۃ و طالبہا
کلاب وغیرہ چار احادیث دنیا کی اہانت کے پڑھکر بولے کہ میں تو لوگوں کو کلمہ پڑھا کے شرک و بدعت وغیرہ سے توبہ لیا تھا پھر جو انھوں سے کیا توبہ لئے ہیں سو خدا
جانے اور مولوی اسمعیل دہلوی مولانا شاہ عبد العزیز محدث قدس سرہ کے بھتیجے اور عالم متبحر اور حافظ قرآن اور حاجی حرمین تھے اور تیس ہزار حدیث انکی نوک زبان
پر تھی جبتک میں انکے پاس تھا کوئی بات خلاف سنت و جماعت کے انمیں نہ پایا اور ایسا ہو کہ دین محمدی کی تائید میں جان دیئے اور تقویۃ الایمان کو جو انکی طرف
نسبت کرتے ہیں سو میں واقف نہیں ہوں مگر چھاپنے والا کتاب پر نام انکا لکھہ دیا ہے اور مشرع بہت تاویل جائز ہے اور نو دیر نو وجہ کفر کے ایک وجہ اسلام کی ہو تو
اسکی تکفیر جائز نہیں عالمان بیٹھے ہیں پوچھ لیجئے اور یہہ کتاب میرے آنیکے آگے یہاں آئی ہے اب دیکھتا ہوں کہ باپ بیٹے میں جورو شوہر میں بھائی بھائی
میں سالے بھنوئی میں فساد پڑ گیا ہے اسلیئے جیسے میرے جد امجد حسن بن علی رضی اللہ عنہما دو گروہ میں مسلمانوں کے صلح کروا دیئے تھے انکی پیروی پر میں بھی صلح
کروا دیا اور اس کاغذ پر جو نواب صاحب علما کی طرف سے لائے اپنا مہر کر دیا اور اپنے دوستوں کے بھی مہران کروا دیا اور نواب صاحب کو اللہ سلامت رکھے
انکی کوشش سے یہہ کام ہوا اور اس وثیقہ کے کاغذ کو بھی تبلا دیئے چنانچہ اسکی نقل یہہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام
علی رسولہ محمد سید المرسلین وآلہ الطاہرین وصحبہ الطیبین اما بعد بر متبعان شریعت غرا و پیروان سنت بیضا مخفی و محتجب نماند کہ فقیر سید محمد علی امیوی
در ینولا کتاب تقویۃ الایمان را ملاحظہ کردہ گاہ بعض مضامین و عبارات آنرا مخالف مذہب اہل سنت و جماعت دیدہ دریافت متیقن گشت کہ کسیکہ بر آن
مسائل کتاب کہ متضمن تنقیص انبیا و اولیا و مخالف عقاید حقہ اہل سنت است معتقد شود بیشک کافر گردد و از دایرہ اسلام بیرون رود و کسیکہ توقع رستگاری
از عذاب الٰہی دارد او را ضرور است کہ کتاب مذکور و امثال آنرا از خود دور انداز و از متابعت ائمہ اربعہ در عقاید و فقہ بیرون نرود لہذا فقیر بر ذکر امر
ہذا مہر خود مع خلفا ثبت کرد و اہل علم مدراس نیز مہرہای گواہی خود ہا بران ثبت کردند بنا علی ہذا برائے اطلاع جمیع ساکنان این اطراف در جامع مسجد وغیرہ
اشتہار دادہ شد و زیادہ والسلام علی من اتبع الہدیٰ والصلوٰۃ والسلام علی رسول اللہ المصطفیٰ وآلہ واصحابہ اہل المجد العلی تحریر فی التاریخ ہفتم ذیقعدہ
۱۲۵۵ ہجری مقدسہ اور بولے کہ میرے دوستان اور غیر دوستان اس کتاب کو اپنے پاس نہ رکھا چاہئے اور سواے اسکے قاضی ارتضا علی خان صاحب بھیجے تھے سو
کاغذ پر بھی مہر کر دیا ہوں اور اپنے دوستان اور مفتی اسلام بدر الدولہ بہادر وغیرہ کے مہران کروا دیا اور بعضے علما ایک کاغذ ہم کو بھی لکھہ دینے کو

اقرار کیسے میں اور منبر سے اتر کے وہان سے تشریف لیجا چلے تب ادھر نامحمود منشی انگریزی اور اولیائے طاغوت نائب مختار سے کہنے لگے کہ دیکھے سید واعظ مولوی
اسمٰعیل کی تعریف کیا اور حضور کو یزید بنایا نائب مختار کے دلمیں اور بھی فساد بڑھ گیا ارے لوگو سخن شناسو ذرا ان اولیاؤں کی ولایت کو غور کرو
امام حسن صلوٰۃ اللہ علیہ کے وقت میں یزید کہان حاکم تھا اگر معاویہ رضی اللہ عنہ تو صحابی رسول تھے پس انکے ساتھ اگر کوئی تشبیہ پاوے تو اسکا
بڑے نصیب حالانکہ معاویہ کے ساتھ بھی تشبیہ پانا نصیب نہیں ہے کیونکہ سید واعظ نے نائب مختار کو تو اس صلح کا واسطہ کار بیان کیا ہے و لو بالفرض ایسا
ہو تو بھی نائب مختار بجہد صلح حدیبیہ کی رو سے ان مولویونکو کافرونکے ساتھ تشبیہ دینے کو نیک جانتا پھر معاویہ لعن کے ساتھ اپنی تشبیہ بد جانکر ان ہند
کے سخت دشمن بن جانا اس سے غلط نیت اہل طاغوت کے عقل کی پائی جاتی ہے - اور ادھر فرنگی محلی جہالت و حماقت سے باوجود قاضی صدر کورٹ
منصوبت قدیم کے لحاظ سے منع کرنیکے منبر پر سوار ہو گیا اور نائب مختار کے روبرو کاغذ لکھ دینے کا اقرار سید واعظ سے کیا تھا سو اسکا جھوٹ انکار کر جا چلا
کہ تو نے لگا کسی نے کاغذ لکھ دینے کا اقرار نکیا تھا اور قاضی ارتضا علیخان صاحب بھی کاغذ بھجوا دیتے یہ جھوٹھ تھے تو ہاں اور مولوی اسمٰعیل اور
مولوی ولایت علی کو میں نے لکھا ہو تو دے کافر کافر ہیں اور منبر سے اتر پڑا تب مسجد کا متولی اور اکبر جنگ عرف یحییٰ صاحب وغیرہ قاضی صدر کورٹ
اور فرنگی محلی وغیرہ مولوی لوگ سے پوچھے کہ حضرات آپ لوگ اور انہیں صلح ہو گئی صلح کا آوازہ کر دیں قاضی مذکور اور فرنگی محلی وغیرہ مصلحت قدیم کی رعایت
کرتے ہوئے کہے کہ صلح ہو گئی صلح ہو گئی دو مونسادین لے علما سے فساد اٹھ گیا تب متولی وغیرہ پکار دئے کہ اجی صلح ہو گئی عالموں میں کا فساد مٹ گیا ہے
اب کوئی کسی سے مخالفت نرکھنا اور طعن و تشنیع نکرنا - ای اہل انصاف ذرا غور کیجیو انصاف سے مگر اگر سید واعظ کی تقریر مخالف عہد کی تھی تو وے
مولویان اسوقت اس صلح منافقت آمیز فتنہ انگیز کا آوازہ نکرواتے بلکہ ظاہرا و باطنا اپنا جیسا چاہئے ویسا صاف ظاہر کرتے - اور یہ بڑی عبرت کا محل ہے
کہ ذرہ وقت نے انکے مولوی اسمٰعیل شہید مرحوم کی تکفیری بری انکی ہوئی تھی پھر ذرہ وقت کے پیچھے تکفیر شہید ہو گئی اور جھوٹھا اسمٰعیل کو جھوٹھے بولنے
لگا غرض بعد اسکے ایک کتاب تقویۃ الایمان کو اور پچاس ساٹھ جلد کو ردشرک کی تصنیف مولوی ولایت علی کی جو منشی مدنی کتب فروش سے انھوں
دونوں نائب مختار مول لئے تھے حوض میں ڈبو کے پاؤں سے کھندلوا کے آیات و احادیث کا بھی ادب نکئے اور اس صلح فریبیہ کی رعایت یہان تک کر
کتابوں کو پانی میں ڈال کھندلوانے کی بعد بھی جب متولی دو تین بار فرنگی محلی سے صلح کی بات پوچھا تو بولا کہ بے شک صلح ہو گئی اب کچھ شک باقی نہیں ہے
اور نائب مختار شادی محل کو جانیکے نیت سے اس وقت پھر ارتضا علیخان صدر کورٹ کے قاضی اور فرنگی محلی اور مفتی صدر عبد الودود اور سلمی وغیرہ کو بلا بھیجے
پھر تو منصوبت قدیم بدلگئی نائب مختار اپنے نوکروں اور خاندانیوں پر جو سید واعظ کے مرید دوستدار و آشنا تھے توبہ کا دروازہ کھولدئے اور فرنگی محلی کو مالک
توبہ بنا کے اور واعظ کو بھی تفسیر وغیرہ جو ہدیہ دئے تھے اسکو بھی واپس دیکے پیام کہلا بھیجے کہ صلح توٹ گئی سید واعظ بولے ہم نے نہیں توڑی تمہی نے توڑی
غرض صلح کے توٹ جانیکا پیر جا پھیلا حضور عالی اور مالک توبہ کے یہان توبہ ہونے لگا بیچارے نوکروں اکثر نوکری کے خوف سے ظلم کو
رام رام کئے اور انہیں سے بعضوں کا عجب تعجب ہوا کہ جب وے توبہ کے لئے گئے تو مالک توبہ بولا آپ کو تو سب معلوم ہے فقط یہان آنا بس ہے اور جنہی توبہ
کی لکھ دیا اور بعضے نوکری سے توبہ کئے اور اس توبہ کے بازار میں جو سیدونکی فضیحتی و رسوائی ہو گئی سو قلم کیا لکھ سکے اور یہان تک تکفیر کا
دھوم مچگیا کہ سادات کے مرید اور آشنایان اور معتقدان بستی کے مکفروں کی تکفیر میں کوچہ و بازار گرفتار ہو گئے لیکن نامحمود منشی انگریزی جو اہلیا
کی سیاست میں نشک رکھتا ہے معہ نائب مختار کو خوب معلوم ہو گئے ہے اسپر حد شرع یا تعزیر یا عرفی جاری نکرنا بلکہ برعکس اسکے روز بروز اسکی تواضع
و برداشت اور پاس خاطر منظور رکھنا کہ نسبی و بنداری ہے سو معلوم نہیں اور نائب مختار جب نصیر جنگ کی والدہ نواب والاجاہ کی عورت کو توبہ کرنیکے
لئے بولے تب وہ بولی جو اپنی نی نیر کے خاوند والا جاہ کا نام محمد علی اور تم میرے پوتے تمہارا نام محمد علی اور میرے پیر کا نام محمد علی اور پیغمبر کا نام محمد

اور انکے داماد کا نام علی ہے اب کسی محمد سے علیٰ سے توبہ کرنی ہو اور ایک بوڑھی عجب کام کیا کہ پہلے گھبرا کے فرنگی محلی کے پاس جا اُسکے کہے موافق توبہ سے فراغت پاچکی

تو بولی ابھی مولوی صاحب ہمارے پیر بھی تو یہی کلمہ پڑھاکے توبہ کروا چکے تھے پھر تجھا تازہ توبہ کیا ہے خیر معلوم ہوچکا اور کچھ کہتے چلا گئی اب تو توبہ کا دروازہ بند ہوگیا ہے

قیامت ہوچکی ہے ذرہ دیتے ہیں کہ کہیں فرنگی محلی اپنے منہ سے عالم کو نہ اٹھا دے الحاصل سید واعظ کے قتل پر فتوی لکھا گیا چنانچہ اس فتوی کے موافق اشتہار نامہ لکھا گیا

سو اُسکے آخر کی عبارت بجنسہ یہ ہے کہ بعد اتمام تقریر واعظ رامپوری برات نامہ ہذا منقض گردید صلاح و فلاح مابین علمای اس آنجلیہ بسماعت الناس سپرد

بود بر جاہلان آن معہود نامہ را شکستہ پارہ پارہ نمودہ تخصیصاً علیہ اطلاق کفر نمودند چا عالی اہل حق و سنت و جماعت از کتب خود مسئلہ واجب القتل برآوردند در زمرہ لایقبل توبہ منہم

داخل کردہ من شک فی کفرہ فقد کفر فرمودند انشاء اللہ تعالی در دو شنبہ ہذا احکام مکفر در صلوۃ جنازہ و نکاح وغیرہ جاری خواہند نمود آنچہ کہ حکم حضور پر نور صادر یابد مخفی بر

جمیع مؤمنین امت ختم المرسلین نخواہد ماند فلہذا با وجود استماع خبر ہذا اگر کسی از بیعت وی دست کشیدہ توبہ برآورد و معتقد علی حالہ ماند بلا شک و شبہ کافر متمرد گردد دعای او در

دل علمای مدارس بحضور عالی مقبول نخواہد ماند و اگر ملازم سرکار فیض آثار ست بر طرف خواہد شد اللہم احفظنا من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا بحرمۃ نبینا و آلہ و صحابہ اجمعین

تحریر یازدہم شہر ذیقعدہ سنہ ۱۲۵ ہجری قدسی اب جو کوئی اسپر تامل کرکے دیکھیگا تو اس مضمون و عبارت مہملہ سے اُن بزرگواروں کی حماقت و جہالت کس قدر ثابت

ہوتی ہے لیکن قدرت قتل کی نہونیکے سبب سے اُس فتوی کو چھپایا دوسرا اشتہار نامہ جو آخر رسالہ میں مرقوم ہے تکفیر میں سید واعظ وغیرہ کے لکھوا امیران آن مولویون کے

اور بے حقیقت مشایخوں کے اور چند جاہلوں کی مہریں کرا جامع مسجد میں جمعہ کے روز پندرھوین تاریخ کو ذیقعدہ کے فرنگی محلی کی زبانی منبر پر تمام لوگون کو سنایا گیا اور

خاطر خواہ جو ہوتا تھا بیان ہوا اور مولوی خرم علی اور مولوی ولایت علی اور مولانا اسمعیل شہید دہلوی اور سید احمد صاحب کی تکفیر کرچکے اور تمام مسجدوں میں اُس

کی اس اشتہار نامہ کو لگا دیے اور اطراف بھی بھیجے تو مسجدوں تکفیر جانے اہل بیت کے بنگلے بجائے تسبیح تہلیل کے سنت مروجہ کے مطابق لعن طعن کی حصوم ہوچکی اور اُن

کفر دون سے قطع نظر عوام کے خواص بھی مسجدوں میں ذکر اللہ کے عوض اُن پر لعن طعن کرنیکو عبادت جانے عبد الحق دہلوی محدث ترجمہ مشکات کے باب مناقب

اہل بیت النبی صلعم میں یہہ حدیث لکھتے ہیں عن زید بن ارقم قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم انی تارک فیکم ما ان تمسکتم بہ لن تضلوا بعدی

بدرستیکہ من گذارندہ ام در شما چیزی را کہ اگر چنگ در زنید بہ آن چیز ہرگز گمراہ نمی شوید بعد من احدہما اعظم من الاخر یکے از ان دو چیز بزرگ تر است از

دیگر کتاب اللہ حبل ممدود من السماء الی الارض - یعنی کتاب خدا آن مانند رسنی ست دراز کردہ شدہ از آسمان بسوی زمین و آویختہ شدہ تا دست

در آن زنند و بآسمان قدس برآیند و عہد و امان او ست برای بندگان و عترتی اہل بیتی و دیگر عترت خود را کہ اہل بیت من اند و لن یتفرقا حتی یردا

علی الحوض و ہرگز جدا نمی شوند کتاب اللہ و عترت من از من تا آنکہ در آیند بر من حوض را یعنی پس مجری شما میکنند و شکر میگویند شما را پیش من و معاملہ کہ با این

کردہ آید در دو آمدن باب فانظروا کیف تخلفونی فیہما پس نظر کنید و تامل و تفکر نمایید کہ چگونہ خلیفہ می شوید شما مرا در کتاب و عترت یعنی چگونہ معاملہ می کنید و تمسک

مینمائید باینہا بعد از من رواہ الترمذی انتہی اور اُسی باب میں حدیث زید بن ارقم سے ایک حدیث طویل مرقوم ہے سو اُسمیں یہہ لکھا اذکرکم اللہ فی اہل بیتی

یاد میدہم شمارا بخدا و میترسانم از عقاب او بر تقصیر کردن شما در حق اینہا اذکرکم اللہ فی اہل بیتی مکرر فرمود این کلمہ را برای مبالغہ و تاکید معنی اہل بیت معلوم

شد و حمل این بر جمیع آن معانی درست است خصوصاً بر معنی آخر کہ محبت و تعظیم ایشان و رعایت حقوق و آداب ایشان اقدم و اہم و اتم است ظاہر چنان مینماید کہ این ارشاد

باخذ سنت ست چنانکہ اول بعمل بکتاب ست و باین معنے تمامہ مومنان مطیع اہل بیت نبی و آل او یند شیخ ولی مقتدا حکیم علی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ رحمہ واسعہ در نوادر الاصول

میفرماید کہ بیت دو بیت ست بیت تن و بیت ذکر و اہل این ہر دو خانہ سبب آبادانی عالم ست ظاہر و باطن صلاح کارخانہ دنیا و دین ست ساکنان بیت جسم

اہل و عیال و اولاد صوری او یند و ساکنان بیت ذکر علما و اتقیا کہ اولاد معنوی آن حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم و سبب عمارت خانہ دین و اساس بنا نہ معمورت

اند و مثل سفینہ نوح و امثال آن در شان ایشان صادق ست و ہر کہ جامع این دو صفت افتاد و نسبت دینی را با نسبت طینی جمع کرد ایشان اتم و اکمل

شد از غیر خود چنانکہ بعضے از اولیا کہ جامع اند میان علم و سیادت و ولایت و باوجود آن رعایت ادب و تعظیم و تقدیم و ادا حقوق نسبت و حب ولازم است
کذا قال الحکیم انتہی اور مولانا شاہ عبد العزیز محدث قدس سرہ بھی تفسیر میں سورۂ بقر کے ایسا ہی لکھے ہیں دیکھیئے سبحان اللہ قرآن کا تو وہ مرتبہ کہ جو کرے کہ اسکی
آیات کو یاد نہیں رکھتا اور اہل بیت رسول اکرم جو نسبت دینی اور طینی کے جامع تھے انکی یہہ تعظیم تو ہو کہ بالائے منبر او مسجدوں میں خطبہ و وعظ اور
بانگ صلوٰۃ کے بدلے انکی تکفیر کا شور و غل مچایا جائے آفرین صد آفرین کلمہ گو ہوں تو ایسے ہوں اور محب رسول ہون تو ایسے ہوں صواعق محرقہ میں لکھا ہی اخرج
الدار قطنی عن مروان بن الحکم انہ قال ما کان احد ادفع عن عثمان من علی فقیل لہ ما لکم تسبونہ علی المنابر قال انہ لا یستقیم لنا الامر
الا بذلک یعنے دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ مروان بن حکم سے نقل کئے ہیں کہ کہا اُسنے کوئی بھی عثمان سے حرف دفع کرنیوالا علی سے زیادہ نہ تھا تب مروان کو کسی نے
پوچھا کہ تمکو کیا ہی جو اُسکو منبروں پر گالیاں دیا کرتے ہو بولا کہ ہمارا کام درست نہیں ہوتا اُسکے سوا انتہی ویسا ہی فرقہ نوابیہ کا ہر شخص سید واعظ کی تکفیر کے سوائے
اپنے شرک و بدعت کے کاموں کی درستگی نہ دیکھ کے مروان سیرت بنگیا باوجود اس فتنہ عظیم کے سلسلہ بیعت کا موقوف ہونیکے سبب سے سید واعظ کا اپنے گھر
میں وعظ بولنا اور انکی اقامت بھی ناگوار جانے لیکن حقانیت اپنی تاثیر بتلاتی تھی کہ سید واعظ سفر کے ارادے سے مدراس سے نکل موضع کورم پاک کو
گئے تو وہاں بھی لوگ دوڑ کے قریب دو تین سو آدمیوں کے بیعت سے مشرف ہوئے اور اس بیعت کا سلسلہ پھر ارکات طرف سے لوٹ کر آ کے جہاز پر سوار
ہونے تک کا بھی جاری تھا غرض اس تکفیر ناحق سے سید واعظ کا کچھ نقصان نہوا بلکہ حق سبحانہ جل شانہ کے پاس انکا مرتبہ بڑھا اور ایمانوالوں کے دلوں میں
کئی وجہ سے ثابت و یقین ہو چکا کہ سید واعظ بیشک ولی اللہ اور سید صحیح النسب ہیں ایک تو یہہ کہ حدیث میں آیا ہی کہ کوئی شخص جناب رسالت صلے اللہ علیہ و
آلہ وسلم کے پاس جا کے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں اللہ تعالی کو دوست رکھتا ہوں آپ فرمائے کہ بلا کا لباس طیار کر یعنے بلا قبول کر اور امام شعرانی وغیرہ لکھے ہیں کہ
جب کوئی شخص اعلاء کلمۃ اللہ اور ترویج سنت رسول اللہ کے لئے اُٹھیگا لوگ اُسکے دشمن ہوتے ہیں دوسرے یہہ کہ لطایف المنن میں لکھا ہی کہ حکی الشیخ
تاج الدین بن عطاء اللہ ان سیدی الشیخ ابا الحسن الشاذلی کان یقول لا یکمل عالم فی مقام العلم حتی یبتلی باربع شماتۃ الاعداء و
ملامۃ الاصدقاء و طعن الجہال و حسد العلماء فان صبر علی ذلک جعلہ اللہ اماما یقتدی بہ یعنے حکایت کئے شیخ تاج الدین بن
عطاء اللہ تحقیق کہ مخدومی شیخ ابا الحسن شاذلی کہتے تھے کہ نہیں کامل ہوتا عالم مقام میں علم کے جبتک کہ مبتلا ہووے چار چیزوں میں ایک تو دشمنوں کی شماتت
میں دوسری دوستوں کی ملامت تیسری جاہلوں کے طعن میں چوتھے عالموں کے حسد میں پس اگر صبر کیا ان سب باتوں پر تو اللہ تعالی بنایا اُسکو امام ایسا کہ اقتدا
کئے جاویں اسکے ساتھ انتہی دیکھئے دوستیاں بھی ملامت کرتے ہیں کہ وہ کاغذ لکھ دیا تھا اور باقی تین چیزان ایسا ظاہر ہیں کہ اُسکے بیانکی حاجت نہیں اور
سید واعظ کا صبر بھی تمام پر روشن ہے کہ باوجود انواع و اقسام کے ظلم و ستم کے کسی وقت حرف شکایت انکی زبان پر نہیں آیا اور ہر دم کشادہ پیشانی سے دوست و
دشمن کے حق میں توفیق خیر اور اتفاق کے لئے واہب العطیات سے دعا مانگتے تھے حتے کہ جہاز پر سوار ہونیکے وقت نہایت عجز و زاری سے دعا کئے کہ یا غفور یا رحیم
جو گناہ کہ مجھ سے ہوا ہو اسکو بخش دے جو لوگ کہ میرے ساتھ کچھ بدی کئے ہوں انکو میں بخش دیا اب تو بھی بخش مجکو بحرمت رسول مقبول اور انکی آل کے صلوٰۃ اللہ
علیہم اجمعین سبحان اللہ شان سیادت کے قربان جائیے کہ دشمنوں کی بہتری کسقدر منظور ہوتی ہے تیسری یہہ کہ بیچ آخر باب ما جاء فی غرف الجنۃ
من التذکرۃ للقرطبی عن انس بن مالک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لیوتین برجال یوم القیمۃ لیسوا بانبیاء ولا شہداء یغبطہم الانبیاء
والشہداء لمنازلہم من اللہ تعالی و یکونو علی منابر من نور قالوا من ہم یا رسول اللہ قال ہم الذین یحببون اللہ الی الناس و یحببون الناس
الی اللہ و یمشون فی الارض نصحاء قلنا یا رسول اللہ ہذا یحببون اللہ الی الناس فکیف یحببون الناس الی اللہ قال یامرونہم بالمعروف
و ینہونہم عن المنکر فاذا اطاعوہم احبہم اللہ تعالی یعنے کتاب تذکرہ قرطبی کے بابوں میں سے ایک باب جنت کی مہاڑیوں کے بیانمیں ہے سو اُس باب کے

آخر میں انس بن مالک سے اونھون نے پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کئے ہین کہ فرمایا مقرر لایا جائیگا کتنے مردونکو قیامت کے دن جو نہ پیغمبر ہونگے نہ شہید
ہونگے نہ شہیدون سے انبیا اور شہیدان ارمان کرینگے انکے مقامونکی جو اللہ تعالی پاس ہونگے اور بیٹھے ہوئے ہونگے منبرون پر نور کے عرض کئے یا رسول اللہ وے
کون لوگ ہین فرمایا کہ وے لوگ وہ ہین جو دوست کرتے ہین اللہ کو آدمیون کنے اور دوست کرتے ہین آدمیونکو اللہ کنے اور پھرا کرتے ہین اللہ کے واسطے زمین پر نصیحت
کرتے ہوئے یعنی کہا کہ یہہ تو اللہ کو آدمیون کنے دوست کرتے ہین پھر آدمیونکو اللہ کنے دوست کرتے ہین سو کیونکر فرمایا کہ حکم کرتے ہین انکو شرع کی مقبول باتونکا اور
منع کرتے ہین انکو ناپسند باتون سے سو جب وے انکی مانین تو اللہ تعالی انھین پیار کرنے لگا اور اسی کتاب کے فیمن یدخل الجنۃ بغیر حساب کے باب مین ہی کہ ابونعیم
عن علی بن الحسین رضی اللہ عنہما قال اذا کان یوم القیمۃ نادی مناد لیقم اهل الفضل فیقوم ناس من الناس فیقال لهم انطلقوا الی الجنۃ فتستلقاهم الملائکۃ
فیقولون الی این فیقولون الی الجنۃ قالوا قبل الحساب قالوا نعم قالوا من انتم قالوا اهل الفضل قالوا وما کان فضلکم قالوا کنا اذا جهل علینا
حلمنا واذا ظلمنا صبرنا واذا اسیٔ علینا غفرنا قالوا ادخلوا الجنۃ فنعم اجر العاملین ثم ینادی مناد لیقم اهل الصبر فیقوم ناس من الناس
فیقال لهم انطلقوا الی الجنۃ فتستلقاهم الملائکۃ فیقال لهم مثل ذلک فیقولون نحن اهل الصبر قالوا وما کان صبرکم قالوا صبرنا انفسنا علی
طاعۃ اللہ وصبرناها عن معاصی اللہ قالوا ادخلوا الجنۃ فنعم اجر العاملین ثم ینادی مناد لیقم جیران اللہ فیقوم ناس من الناس وهم قلیل فیقال
لهم انطلقوا الی الجنۃ فتستلقاهم الملائکۃ فیقال لهم مثل ذلک قالوا بم جاورتم اللہ تعالی فی دارہ قالوا کنا نتزاور فی اللہ ونتجالس
فی اللہ ونتباذل فی اللہ عز وجل قالوا ادخلوا الجنۃ فنعم اجر العاملین یعنے ابونعیم نے علی بن حسین رضی اللہ عنہما یعنے امام زین العابدین سے روایت
کئے ہین کہ فرمایا جب قیامت کا دن ہوگا تب کوئی پکارنے والا یعنے فرشتہ پکار دیگا کہ چاہئے اٹھ کھڑے ہون فضل والے لوگ سو اٹھ کھڑے ہونگے
کئی لوگ لوگون میں سے تو کہا جائیگا کہ چلے جاو جنت کو پھر ملینگے انکو فرشتے سو کہینگے کدھر جاؤگے بولینگے جنت کو کہینگے کیا حساب کے آگے ہی بولینگے ہان کہنے لگینگے
تم کون ہو بولینگے فضل والے کہینگے تمہارا فضل کیا تھا بولینگے کہ جب ہمپر جہالت کی جاتی تو ہم برداشت کیا کرتے اور جب ہمپر ظلم ہوتا تو ہم صبر کرتے اور جب
ہم پر برائی کی جاتی تو ہم بخش دیتے کہنے لگینگے جنت مین چلے جاؤ سو اچھا ہی اجر عمل کرنیوالون کا پھر پکار دیگا پکارنے والا کہ چاہئے اٹھ کھڑے ہون
صبر والے سو اٹھ کھڑے ہونگے کئی لوگ لوگون میں سے پھر کہا جائیگا انکو چلے جاو جنت کو پھر ملینگے فرشتے سو کہینگے اسی موافق تو بولینگے کہ ہم صبر والے
ہین کہینگے تمہارا صبر کیا تھا بولینگے ہم نے اپنی جانونکو اللہ کی فرمانبرداری پر صابر رکھا اور اللہ کی نافرمانیون سے انکو روکا کہینگے چلے جاو جنت
مین سو اچھا ہی ثواب عمل کرنیوالون کا پھر پکار دیگا پکارنے والا کہ چاہئے اٹھ کھڑے ہون ہمسائے اللہ کے سو اٹھ کھڑے ہونگے کئی لوگ لوگون
میں سے اور وے تھوڑے سے ہونگے تو کہا جائیگا انکو چلے جاو جنت کو پھر فرشتے انھین ملینگے سو اسی موافق انھین کہا ہوگا کہینگے کس بات سے
اللہ تعالی کے ہمسایہ ٹھہرے ہو اسکے گھر مین یعنے جنت مین بولینگے ہم اللہ ہی کے واسطے آپس میں ملاقاتین کیا کرتے تھے اور اللہ ہی کے واسطے آپس میں
مل بیٹھے تھے اور اللہ ہی کے واسطے ہم آپس میں دیا لیا کرتے تھے جو تھا اور برا کہینگے چلے جاو جنت میں سو اچھا ہی اجر عمل کرنیوالون کا انتہی۔ اور یہہ
حدیث شریف طریقہ محمدیہ اور جمیع الفوائد میں لکھی ہوئی ہے عن زید بن ملحہ عن ابیہ عن جدہ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم انہ
قال ان الدین بدأ غریبا ویرجع غریبا فطوبی للغرباء الذین یصلحون ما افسد الناس من بعدی من سنتی رواہ مسلم یعنے
زید بن ملحہ اپنے باپ سے اونھون اپنے باپ سے اونھون نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کئے ہین کہ حضرت فرمائے کہ یہہ دین پردیسی آیا ہے اور پردیسی
ہو جائیگا پھر بھلائی ہی ان پردیسیون کو جو درست کرتے ہیں اس میری سنت کو جو لوگون نے بگاڑ دیا ہے میرے بعد روایت کیا اس حدیث کو
مسلم انتہی۔ اور عبد الحق دہلوی محدث ترجمہ مشکات کے باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ مین یہہ حدیث لکھے ہین ان الدین بدأ غریبا وسیعود

کما بدا بدرستیکہ دین پیدا شدہ است غریب وتنہا وسرانجام ہست کہ باز گردد چنانکہ بود فطوبی للغرباء پس خوشی وخنکی باد مر غریبان را وہم الذین
یصلحون ما افسد الناس من بعدی من سنتی وغرباء آنکسانے اند کہ نیکو میسازند چیزی را کہ بد ساختہ اند مردم بعد از من از سنت من رواہ الترمذی
انتہی۔ اور جمع الفوائد میں رزین سے یہہ حدیث روایت کئے ہیں عن علی رفعہ من احیی سنۃ من سنتی امیتت بعدی فقد احبنی ومن احبنی کان معی
یعنے علی کرم اللہ وجہہ روایت کئے کہ فرمائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شخص میرے بعد میرے موئی ہوئی سنتوں میں سے کسی سنت کو جلایا سو مجھے دوست رکھا
اور جو مجھے دوست رکھا سو میرے ساتھ ہی انتہی یاروا ایماندار ذرہ انصاف کیجئے حسد کو کام نفرمائیے دیکھئے کہ ان حدیثوں کے رو سے سید واعظ کی بزرگی اور فضیلت
کیا کچھ معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہ سب صفتاں سید واعظ میں تھے سو عالم پر روشن ہے اور انکار اسکا وہی کریگا جو حاسد بدخو ہے سبحان اللہ کیا خوش نصیب ان
ان لوگوں کے جو ایسے کامل مرشد صاحب الشریعت والطریقت کو پائے ہیں جو بھی یہہ کہ معتبر تاریخوں میں لکھا ہے کہ اللہ کے ہر دوست کو اسکے رتبے کے موافق امتحان
ہوتا ہے پس مسلط کرتا ہے اللہ تعالی اپنے دشمنوں کو دوستوں پر اور بسبب اسکے مرتبے دوستونکے بڑھاتا ہے اور دشمنوں کو سخت عذاب کے لایق کرتا ہے عیسی
نقل کئے ہیں بزرگان کہ بایزید بسطامی کو سات بار انکی بستی سے نکال دئیے ہیں اور اسیطرح ذوالنون مصری کو طوق زنجیر کرکے مصر سے بغداد طرف نکال دئیے
اسیطرح ابو سعید خراز کو اور فتوی دئیے عالمان انکے کفر پر اور نکال دئیے سہل بن عبد اللہ کو انکے شہر سے اور منسوب کئے انکو کفر طرف اور وہ موے
تک ہمیشہ بصرے میں رہتے تھے حالانکہ وہ بزرگ بڑے عالم اور مجتہد و متقی تھے تعصب کئے انپر فقہا اور نکالے حکیم ترمذی کو بلخ طرف اور بہتان کئے ان پر کہ وہ کہتا
ہے اولیا فاضلتر ہیں انبیا سے اور انکی سب کتابوں کو جمع کر دریا میں ڈالدئے اور ابو الحسین بوشنجی پر افترا کرکے انکو انکی بستی سے نیشاپور طرف جلا دئیے تو وہ بزرگ موے
تک وہیں رہے اور ابو عثمان مغربی کو جو بڑے علم اور تقوی اور مجاہدے والے تھے اونٹ پر بٹھلا کر گلیوں میں مکہ کے پھراے اور بدن پر مار پیٹ کے مکہ سے بدر کئے تو وہ
بزرگ موے تک بغداد میں رہے اور شبلی پر کئی بار گواہی کفر کی دئیے حالانکہ وہ بڑے علم والے اور موے تک نہایت تابع سنت کے تھے اور امام ابوبکر نابلسی جو بڑے عالم
اور زاہد متقی اور فضل والے اور امر معروف اور نہی منکر بجا لانے پر نہایت مستقیم تھے بادشاہ سے انکی چغلیاں کو لیتے لیتے آخر جیتے جی انکا پوست کھینچے ترغیب دئیے اور انکو
بستی سے مصر طرف نکال دئیے اور ابن سمعون پر جو بڑے عالم اور زاہد متقی اور بزرگی والے تھے ان پر بہتان کرکے رسوا کئے جب وہ بزرگ انتقال کئے انکے جنازے پر
نماز نہ پڑھے اور امام ابو القاسم ابن جمیل پر بہتان کرتے تھے یہانتک کہ وہ بزرگ موے تک انکا پیچھا نچھوڑے اور سید احمد رفاعی پر بہتان کئے یہان تک کہ انکو
زندیق اور ملحد ٹھہرائے اور امام ابو القاسم بن قسی جو امام مقتدا تھے ان پر کفر کی جھوٹی گواہی دئیے اور جان سے مارے اور عبد الحق ابن سبعین کو مغرب کے ملک سے
اخراج کر طرف بجایا کے بھیجے اور انکو بھیجنے کے آگے ایک خط بھی روانہ کئے اس مضمون کا کہ درویش شخص سے اور صحبت میں اسکے نہ بیٹھو اور تکفیر کئے امام محمد غزالی
کی اور جلا ڈالے انکی بنائی ہوئی کتاب احیاء العلوم کو اور قاضی عیاض مالکی پر تہمت کئے کہ وہ یہودی ہو گیا ہے کیونکہ وہ شنبہ کے دن گھر کے باہر نکلتا تھا اور نہ
کسی سے ملتا تھا کتاب شفا بنانے میں اس دن مشغول رہنے کے سبب سے پس مار ڈالا انکو مہدی خلیفہ نے اور ابو الحسن شاذلی کو مغرب کی بستیوں سے انکے مریدان
سمیت نکال دئیے پھر لکھ بھیجے نایب اسکندریہ طرف کہ آتا ہے تمہارے طرف مغربی زندیق اور ہم اسکو نکال دئیے ہیں اپنی بستیوں سے پس تم دور رہو اسکی صحبت سے
اور عبد اللہ ابن زبیر صحابی کو ریا اور نفاق طرف منسوب کئے اور دشمن ہوگئے چنانچہ ایک روز وہ سجدے میں تھے دشمنان گرم پانی انکے اوپر ڈالدئیے تو جدا
ہو گیا گوشت اور انکو بسبب استغراق کے کچھ خبر نہوئی جب نماز سے فراغت پا چکے تب لوگ ماجرا عرض کئے عبد اللہ ابن زبیر فرمائے ای پروردگار بخش دے
ان لوگوں کے اس کام کو اور بعضے عالمان کسی بزرگ سے عناد و حسد رکھنے کے سبب سے چمار سے ساخت کرکے سورۂ اخلاص کاغذ کی دو ٹکڑوں پر لکھ اس بزرگ کے نعلین
میں سلوا دئیے وہ بزرگ بے خبر اسکو پہن لئے ایک روز وہ حاسد عالمان بادشاہ سے عرض کئے کہ فلانا بزرگ بے دین ہو گیا ہے کہ سورۂ اخلاص کاغذ پر لکھ کر اپنے نعلین
میں سلوایا ہے بادشاہ اس بزرگ کے نعلین منگوا کر چیرواکے دیکھا تو ان عالموں کی بات کو سچی پایا اور اس بزرگ کو قتل کر ڈالا۔ اور جناب غوث

اعظم محبوب سبحانی اور حکیم الٰہی ثنائی اور شیخ اکبر اور امام ابو حنیفہ اور شافعی اور مالکی اور حنبلی اور عبد اللہ البخاری مؤلف صحیح بخاری کا ہی اور اکثر محدثین اور
مجتہدین اور مجدد الف ثانی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ کی توہین وتکفیر ہوگئی ہی اور صوفی سرمد مقتول ہوگئے تو اس سے معلوم ہوا کہ تکفیر وتشنیع اور بہتان اور نقصان
اولیائے عظام اور علمائے کرام ہی پر ہوتی ہیں ایسے لیسے پر اسطو کے ما تا ان نہیں ہوتے چنانچہ ایسے ہی مقام میں حضرت شیخ عبد الحق محدث بھی لکھے ہیں کہ ہر کہ
فاضل تر محسود تر پس اس تکفیر ومصیبت کی بدولت سید اعظم خواص حضرت شریعت وطریقت جامع علوم ظاہری وباطنی محی سنت قامع شرک وبدعت اور سنی پاک
تھے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان بزرگوں کی صف میں داخل ہوگئے مگر غم یہہ ہی کہ اکثر لوگوں کا نقصان ہوگیا کہ راہ نیک پر آنیوالے تھے سو باز رہے اور نادر
صرف جاہل جو ابلہ فریبوں کی باتوں اور تہمتوں پر فریب کھا اول سے توبہ کرکے خراب ہوگئے اور بہت لوگ سید واعظ کی تکفیر کرکے اور بے قید کلمہ کفر بول بیٹھے کے
اور بیجا حرکتان کرکے کافر بن جاتے ہیں چنانچہ نائب مختار کا نک زردی سیندی پیا ہو لشہ میں سرخوش کہتا چلا جاتا تھا کہ ہم مولوی محمد علی صاحب کے مرید ہوکے
ترے در میں پڑے تھے اب مولوی جمال صاحب کے یہاں توبہ کرکے منکر ہوگئے اور عبد الرحمن مدرسی کے بچے پڑھا او اپنے حیدنشا کر دمیت جب بلور کو جاتا تھا تب موضع
کاویری پاک کے پرے تیلی کے چھپر میں گانجوؤں سے گانجا پینے کے باہمیں کچھ گفتگو کا اتفاق ہوا تو گانجوان بولے ایسی باتوں سے تو مولوی محمد علی صاحب بدنام ہوکے
چلے گئے۔ اور کتاب خانے محمد صادق نوایط کتاب رد شرک اور تیسیر الصلوۃ کو جسمیں آیات واحادیث بھرے ہوئے ہیں ایک دوری میں باندھ کر گلی گلی نجاست
میں گھسیٹا کرتا تھا جب چھوٹی مسجد کے قریب حلوائی کی دوکان کے سامنے عبد الرزاق دیندار کی جوتیاں تڑ تڑ کھایا تب اس حرکت ملعونی سے باز آیا اور دشمنان
دین حکمت الٰہی سے غافل جو بہت خوش ہیں اور کہتے ہیں کہ دیکھو محمد علی کو کیسی ذلت ہوئی اور کیسے رنج وبلا میں پڑے مگر ہمکو کچھ نہ ہوا واہ کیا خوش بات ہے کہ ادھر تو
محمد علی کے غلامی کا دعوا پھر ادھر محمد علی کی یہہ کچھ توہین سچ کہا کسی نے جو کہا لا خیر فی العبید صاحب یہہ گفتگو فقط انکی گمراہی کی ہے کیونکہ سید واعظ جو بلا
وستم خدا کی راہ میں اٹھائے سو اپنے جد کی میراث پاکر کامیاب دارین ہوا اور انکے جد پر جو ظلم وستم ہوا اور ان پر اسّی سال تک منبروں پر لعن وطعن ہوتی تھی سو
اظہر من الشمس ہی بھلا سید واعظ پر اسقدر ہونا کیا عجب اور اس بات میں ذلت کا کیا ذکر ہاں جو لوگ کہ اسکو ذلت سمجھتے ہیں سو یزیدیوں میں داخل
ہوگئے ہیں کسی نے کیا خوب تاریخ کہا ہی **قطعہ** بر محمد علی جفای بتن ٭ رفت چون خور شام بر حسین ٭ ہست تاریخ این بلای عظیم ٭ یاد مظلومی
امام حسین ٭ اور اگلے زمانہ میں دیکھئے کئی بزرگوں کی تکفیر ہوگئی بلکہ کیونکر قتل بھی کر ڈالے لیکن انکے مریدوں کو کسی نے کچھ نہ پوچھا تو بہ لینے کا تو کیا ذکر
ہی مگر **بیت** مرزا حادثہ این زمانہ آمد یاد ٭ شکست بیعت شبیر وجود ابن زیاد ٭ ذرہ غور کیجیے کہ جو بدبختان ان بزرگوں پر تکفیر وتشنیع کر چکے
اور کئی طرح کا ظلم وستم کر گذرے اور جناب مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ پر اسّی سال تک مروانیان منبروں پر لعن طعن کیا کرتے تھے اور جناب سید الشہدا وغیرہ کو
پانی سے ترسا قتل کر ڈالے سو انکو پر معاً کچھ سزا نہوئی اور نہ ان ظالمان بے دین سے دولت وحکومت جاتی رہی مشہور ہی کہ یزید علیہ اللعنۃ پہلے سالمین
نقرس کی بیماری میں مبتلا ہو بعد اسکے اور بیماریاں اسپر مستزاد ہوکے تیسرے سال موا اور عبید اللہ بن زیاد سید الشہدا کے خون کے مکافات میں تین سال
مارا گیا منتقم حقیقی جل قدرتہ دیرگیر وسخت گیر ہی اور انکے عمر بے سزا کو موقوف رکھا ہی قال اللہ تعالیٰ انما نملی لہم لیزدادوا اثما یعنے کیا اللہ تعالیٰ
مہلت نہیں دیتے ہیں ہم انکو مگر اسواسطے کہ گناہ انکے زیادہ ہوں قال اللہ تعالیٰ ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون انما یؤخرہم لیوم
تشخص فیہ الابصار یعنے اور مت خیال کر کہ اللہ بے خبر ہی انکاموں سے جو کرتے ہیں بے انصاف انکو تو چھوڑ رکھا ہی اس دن پر جسمیں اوپر لگ جاویگی آنکھیں انتہیٰ
اگر ہماری ہدایت وعبرت کے واسطے دشمنان اہل بیت کو کچھ قریب سزا ہو جاوے تو بعید نہیں وھو علی کل شیء قدیر اور اشتہار نامہ مذکور میں لکھا ہوا ہے
کہ چونکہ حسب معہود فردای آن بعد نماز جمعہ در مسجد جامع والاجاہی بر سر منبر استادہ قرطاس مذکور را در دست گرفتہ بحضور عامہ مسلمین کلماتی گفتند بعض مضمون
وثیقہ متابعت نداشتند بلکہ بسبب استماع کلمات موحشہ کہ متضمن آن تعریف وتوصیف مولوی اسمعیل دہلوی وتمثیل خود با امام حسن رضی اللہ عنہ کہ

بادالی تمام مصلح لڑائی ہیں خلافی کرد بود اعتراض مرحکا کہ چرا تاویل در افراط و تفریط تقویۃ الایمان کردہ حکم تکفیر معتقدش نمودہ بود سوخ عقیدۂ ایشان
بر مضامین این کتب دانستہ شد لہذا لکھا گیا کہ مومنین اعلام دادہ میشود کہ ایمان خود را از دست بدہ این فرقہ نکاہ مارنہ دبا نددام ارادت ایشان نیفتند
عاقبت خود را تباہ نسازند انتہی یار و سید واعظ تو جیسا وثیقہ پر مہر کر دیئے تھے ویسا ہی مسلمانوں کے حضور میں بیان کر چکے اور مولویان بھی اسوقت بول چکے
کہ صلح ہو چکا عالموں سے فساد مٹ گیا چنانچہ آگے مفصل اسکا ذکر ہو گیا ہے پس ظاہر ہے کہ سید واعظ کی تقریر وثیقہ کے مضمون کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتی
تھی تو صلح ہو چکی صلح ہو چکی کر کر کہنا کیا تھا اور کیونکر کہتے تھے کہ فرنگی محلی وقت عصر کے قریب تک صلح ہو گئی صلح ہو گئی کہا کرتا تھا اگر جناب سید تھا کہ
پھر مشورت ہو گئی تو صلح ٹوٹ جاتا اور سید واعظ کی تکفیر کا چرچا ہو گیا اور اسکے دلایل ابلہ فریب جو لکھے ہیں سو اسیر از نا شعور چند فریب نہیں کھاتا
ہے بلکہ اسیر رنج و تعجب کرتا ہے کیونکہ سید واعظ جو مولوی اسمعیل کی تعریف کئے کہ وہ عالم متبحر اور حافظ قرآن اور حاجی حرمین تھے اور تیس برس حدیث انکی نوکِ
زبان تھی جیت تک میں انکے پاس تھا کوئی بات خلاف سنت و جماعت کے انمیں نہ پایا اور سنا ہوں کہ دین محمدی کی تائید میں جان دئیے وہ بھی اس قید کے ساتھ کہ جب
میں دیکھا تھا تو ایسا تھا سو اس تعریف سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ سید واعظ رسول اللہ کی اہانت و حقارت کرتے ہیں یا آنحضرت کے دشمن ہیں یا آنحضرت
کے مراتب کے قایل نہیں ہیں معاذ اللہ بلکہ اس تقریر سے تو سراسر رسول اللہ کی محبت ٹپک پڑتی ہے واہ کیا خوب محبت رسول دلیل تکفیر ہو گئی سوا اسکے ملا علی
قاری رسالہ سلوک میں لکھے ہیں سو دیکھ لیجئے کہ شیخ الاسلام تقی الدین علی ابن عبد الکافی السبکی کہتے ہیں کہ شیخ محی الدین ابن عربی اور اسکے تابعین گمراہ
ہیں اور اسلام سے خارج حافظ زین الدین عراقی اور نور الدین ہیثمی کہتے ہیں کہ ابن عربی اور اسکے تابعان ضال اور اسلام کے طریقہ سے خارج ہیں حافظ
مفتی ابو زرعہ احمد بن حافظ عراقی کہتے ہیں کہ کچھ شک نہیں ابن عربی کی کتاب فصوص اور فتوحات مکی کفر صریح پر مشتمل ہونے میں اور شیخ الاسلام سراج الدین
بلقینی تکفیر ابن عربی کے تصریح کئے ہیں اور امام رضی الدین ابو بکر بن محمد بن صالح اور قاضی شہاب الدین احمد بن ابی بکر تکفیر شیخ محی الدین
کی اور انکی فتوحات کفر پر مشتمل ہونے میں تصریح کئے ہیں پھر قاضی شہاب الدین کہتے ہیں کہ جو کوئی اعتقاد کرے کہ ابن عربی کا عقیدہ حق ہے سو وہ
کافر ہوتا ہے بلا نزاع اور ابن مقری کہتے ہیں کہ جو کوئی یہود اور نصاری اور ابن عربی کی جماعت کے کفر میں شک کرے سو کافر ہے اور ابن عربی کے
تابعین کو سلام آپ ہو کر نکرنا اور انکے سلام کا جواب نہ دینا جب وے سلام علیکم کہیں وعلیکم بولنا کیونکہ یہود و نصاری سے بھی بدتر ہیں اور انکا حکم مرتدوں
کا حکم ہے اور جب کوئی انمیں کا مر جاوے تو اسپر نماز نہ پڑھنا حاکموں پر واجب ہے کہ اسکو جلا ڈالیں جو ایسے اعتقاد پر ہے کیونکہ وہ نجس ہے انس سے
بھی جو علی کو خدا کہتے تھے اور امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ انکو جلا ڈالے اور یہ بھی حاکم پر واجب ہے کہ محی الدین ابن عربی کے بنائے ہوئے کتابوں کو
جلا دے انتہی اور اظہر من الشمس ہے کہ سلف کے عالمان اور مشایخان اور ہمارے زمانے کے پیرزادے اور علما اور ملک العلما مولانا عبد العلی قدس
سرہ اور انکے مدرسے کے تمام علما اور طلبہ ہوا در جتنے جو محی الدین ابن عربی کی تعریف و توصیف کئے اور کیا کرتے ہیں بلکہ فصوص اور فتوحات
کی کی سند ان کمال رسوخ اعتقاد سے لائے اور لاتے ہیں پس ان مکفران ابن میت کی دلیل مہمل کے رو سے وے مردے اور زندے سب کافر ہو چکے بدستور
امام محمد غزالی اور قاضی عیاض اور شاذلی وغیرہ علما رحمہم اللہ تعالی کہ جنکی تکفیر ہو چکی ہے انکی تعریف و توصیف کرنیوالے اور کتاب احیاء العلوم
اور کتاب شفا وغیرہ پر اعتقاد رکھکے ان کتابوں کی سند لانیوالے مردے اور زندے سب کے سب کافر ہو گئے بھلا اب ان مدح کرنیوالے اور سند لانیوالے
بزرگوں کو معاف فرمائے ہیں یا نہیں اگر معاف فرمائے ہیں تو سید واعظ کو بھی معاف رکھو اگر معاف نہیں فرماتے تو انکو بھی کافر جانکر حکم کفر
کا انپر جاری کر ڈالو اور امام حسن رضی اللہ عنہ کے ساتھ کسی فعل کی پیروی میں تمثیل دینے سے کیا قباحت ہے کہ اتباع سنت تو عین ایمانداری ہے
افسوس اس علم و شعور پر کہ ایمان کی بات کو تکفیر کی دلیل ٹھہرائے ہوا اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنی امت کے علما کو انبیاء بنی اسرائیل کے ساتھ تشبیہ

فرمایا ہے کہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل اور ہوا ہے اسکے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم صلح حدیبیہ کئے سو کیا تم بھی صلح کر کر کے سید اعظم کو کہتے تھے سو شاید ہو گئے سبحان اللہ
تب تو سید اعظم کو رسول خدا کے ساتھ اور اُن عالموں کو کافروں کے ساتھ تمثیل دیئے تھے اس صورت میں تو صاف معلوم ہو گیا کہ حق سید اعظم طرف تھا
پھر امام حسن کی تمثیل کیونکر مخالف ہو سکیگی اور تمثیل کی حقیقت کتاب تنزیہ الانبیاء عن تشبیہ الاغبیاء میں جو امام سیوطی سے ہے کھلتی ہے تاویل ممکن تھی کہنے سے
کیا کفر لازم آیا کیونکہ بہت سے علما کے کلام میں جیسے محی الدین ابن عربی اور محمد غزالی وغیرہما کی کتابوں میں تاویں کئے ہیں اور وہ تاویل کرنیوالے کافر ہو گئے سوا
اسکے حدیث صحیح ہے حرم اللہ من المومنین ماله ودمه وعرضه وان لا یظن به الا خیر یعنے حرام کیا اللہ تعالی مومن سے اسکے مال کو اور اسکے خون ریزی کو
اور اُسکی آبرو ریزی کو اور بدگمان کرنا اُسکے حق میں سوائے گمان نیک کے انتہی اور تمامی کتب اسلامیہ میں لکھا ہوا ہے کہ وہمی اور گمانی قرینوں سے کسی مومن کے حق میں
بدگمانی ثابت کیا جائے اور جبتک کسیکی کلام میں احتمال خیر کا ممکن ہووے تب تک شر پر احتمال کرنا روا نہیں بحر الرائق اور دوسرے معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کے کلام میں
نود پر نون احتمال کفر کے پائے جاوین اور ایک احتمال اسلام کا ہووے تو مفتی کو لازم ہے کہ ایک احتمال اسلام کو ترجیح دیوے اور زبان تکفیر میں نکھولے پس تعریف
مولوی اسمعیل کی خصوص اس قید مذکور کے ساتھ اور تمثیل امام حسن کی اور بیان کرنا جواز تاویل کا سید اعظم کی بد اعتقادی اور تکفیر کے دلایل نہو سکینگے طرفہ
یہ کہ منبر پر ہزاروں کے روبرو کہتے ہیں کہ مولوی محمد علی صاحب سید صحیح النسب ہیں اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پوتے اور نواسے ہیں اور کہتے ہیں کہ اُنسے قولاً و فعلاً
کچھ خلاف سنت و جماعت کے نہیں صادر ہوا چنانچہ اشتہار نامہ مذکور میں بھی لکھے ہیں کہ ظاہر حال شان صلاح) میں دیکھو جو خاطر خواہ گمانی تاویل سے تکفیر
انکی کئے ہیں سو معلوم نہیں کسکی شرع کا مسئلہ ہے کہ ان بہتا ویل ویسی ہے جیسے یزیدیان سید اعظم کے جد امجد امام حسین رضی اللہ عنہ کو باغی و فاسق ٹھہرا کر اُنکے
جناب پاک کو فاسق ابن الفاسق کہتے تھے حتے کہ اسی تاویل سے انکو شہید کئے چنانچہ ملا علی قاری جو کسی ملحد کے بہر کے رد میں ایک رسالہ تصنیف کئے ہیں سو
اُسمیں لکھے ہیں وکم جنی التاویل الفاسد علی الدین واھله من جنایة فھل قتل عثمان الا بالتاویل الفاسد وکذا ما جری یوم الجمل وصفین
وقتل الحسین والحرة ـ یعنے کیا کچھ آفت لائی ہے تاویل فاسدین پر اور دینداروں پر پس عثمان رضی اللہ عنہ تاویل فاسد ہی تو مارے گئے اسیطرح جو کچھ گذرا جنگ جمل
کے روز اور صفین میں اور حسین رضی اللہ عنہ کے قتل میں اور حرہ میں انتہی شرع محمدی میں تو متفق علیہ مسئلہ ہے کہ کسی مسلمان کی طرف گناہ کبیرہ کی نسبت کرنا
بغیر پانے دلیل قطعی کے حرام ہے تکفیر کا تو کیا ذکر وہ تو ایک نہایت دشوار نازک مقدمہ ہے کہ تکفیر اد نا مومن کی کفر ہے چہ جائے علمائے باعمل تارک شرک و بدعت کی
خصوص سادات جلیل القدر کی کہ اجزاء رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہیں اشد کفر ہوگا کیونکہ اولاد بتول رضی اللہ عنہا بحکم آیۂ تطہیر مانند اہل بدر کے مغفور
ہیں خاتم المجتہدین ابن حجر مکی کتاب حسن التوسل میں لکھے ہیں کہ یجب احترام الشریف والرعایة الوصف القرابة الذی لا یسلب عنه بما یوجد منه من الابتداع
والرفض بل یجب معه ان ینجا شاعن سبابه ونحوه لان الولد العاق لا یمنعه العقوق من الارث والانتساب والظن الجمیل فی محو الصدیق والقادر
ان یعفو عمن وقع فیه عن اقارب حبه فعلیک بحسن الظن والشفاعة المحمدیة اصالت الذی والجنایات من اهل البیت اذ هم المذهوب عنهم
الرجس والمطهرون تطهیرا بالنص القرآنی حتے فهم بعض الاکابر من الآیة ان احدهم لا یخرج من دار الدنیا حتی یطهر من الدنس المعنوی بمرض ونحوه
ولو قبیل موته وایدذلک ان بعض الاکابر قال اذا وجب علی احد منهم حد شرعی اتمناه علیه علی سبیل ان العبد یطهر رجل سیده من قذر
وحل بها یعنے واجب ہے احترام سید کی اور رعایت اسکی بسبب قرابت داری اسکے رسول خدا کے ساتھ جو دور نہیں کی جاتی اُس سے بسبب صادر ہونے بدعت اور رفض
کے بلکہ واجب ہے کہ اُسکو گالی دینے سے پرہیز کریں اسلئے کہ باپ کا نافرمان بیٹا ارث سے محروم اور نسب سے دور نہیں ہوتا اور گمان نیک حقمیں مثل صدیق اور قادر
کے وہ ہے کہ معاف کرینگے اُس چیز کو جو صادر ہوتی تھی اُنکے حق میں اقارب سے اپنے دوستوں کے پس لازم کر لے تو نیک گمانی کو کے حقمیں اور شفاعت محمدیہ
از رو اصالت کے اہل بیت کے گناہگاروں ہے کو بیجا دور کئی گئی ہے اُنسے پلیدی گناہ کی اور پاک کئے گئے ہیں ازرو تطہیر کے جو نص قرآنی ہے

یہانتک بعضے اکابر ان آیۂ تطہیر سے سمجھے ہیں کہ کوئی اہل بیت سے نجاویگا دنیا سے جبتک پاک ہووے پلیدی باطنی سے بسبب بیماری اور مانند اسکے اگرچہ تھوڑا آگے
موتکے ہو۔ اور بعض اکابر ایسے کہے ہیں کہ جب کسی سید پر حد شرعی واجب ہووے تو جاری کرینگے ہم اسپر حد اس طور سے جیسا غلام پاک کرتا ہی بیٹھ صاحب کے پاؤں کو نجاست
سے جو انکے پاؤں کو لگی ہوا انتہی۔ اور مختصر فتوحات کے انتیسوین ۲۹ باب مین جو امام شعرانی اختصار کئے ہین لکھا ہوہی قال تعالی انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس
اھل البیت ویطھرکم تطھیرا فدخل اولاد فاطمة کلھم الی یوم القیمة فی حکم ھذہ الایة من الغفران فھم المطھرون بل ولا یظھر حکم ھذا الشرف لاھل البیت
الا فی الدار الاخرة فانھم یحشرون مغفور لھم واما فی الدنیا فمن اتی منھم حدا اقیم علیه کالتائب اذا بلغ الحاکم امرہ وقد زنا او سرق او شرب
اقیم علیه الحد مع تحقیق المغفرة کماعز وامثاله ولا یجوز ذمه وینبغی لکل مومن مسلم باللہ وبما انزل ان یصدق اللہ تعالی فی قوله لیذھب
عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا فیعتقد فی جمیع ما یصدر من اھل البیت ان اللہ قد عفا عنھم فیه فلا ینبغی لمسلم ان
یلحق المذمة بھم ولا ما یشین اعراض من قد شھد اللہ بتطھیرھم وذھاب الرجس عنھم لا بعمل عملوہ ولا بخیر قدموہ بل سابق عنایة
من اللہ بھم ذلک فضل اللہ یوتیه من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم یعنے اس آیت کے حکم یعنے مغفرت مین فاطمہ کی اولاد جو قیامت تلک ہووینگی
سو سب داخل ہین پس وہ سب پاک ہین اس حکم کا شرف اہل بیت کو جو ہی سو ظاہر ہوگا مگر آخرت مین کیونکہ ان سبھون کا حشر مغفرت کے ساتھ ہوگا لیکن
دنیا مین اگر کوئی انھون مین سے گناہ کرے تو اس گناہ کا حد ان پر قایم کیا جاویگا جیسا کوئی شخص گناہ سے توبہ کرے جب حاکم کو معلوم ہوا کہ اسنے زنا کیا
ہی یا چوری کیا ہی یا شراب پیا ہی تو اسپر حد قایم کرینگے اگرچہ اسکی مغفرت متحقق ہوئی ہی جیسا ماعز بدری کرکے ایک صحابی تھے زنا کرنے سے حضرت انکو رجم
کئے اور اسکی مذمت جایز نہین پھر جو مومن اور مسلمان ہی اللہ پر اور اللہ کی نازل کی ہوئی چیز پر سزاوار ہی تصدیق کرنا اللہ تعالی کی اس آیت مین
لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا سو اعتقاد کیا چاہئے کہ جو چیز اہل بیت سے صادر ہوتی ہی تو اللہ تعالی تحقیق انکو عفو کیا پس
مسلمان کو سزاوار نہین جو اہل بیت کی مذمت کرین اور انکی آبرو لیوین جنکو اللہ آپ پاک کیا ہون اور انھون کی نجاست دور کیا ہون انکے شہادت
دیا ہی یہہ مرتبہ انکو کچہ عمل نیک کئے ہون کرکے یا کچہ آگے نیک بھیجے ہو کرکے حاصل نہین ہوا ہی مگر سابق سے اللہ کی عنایت انکے حال پر ہی سو اس سے یہہ مرتبہ
حاصل ہوا یہہ اللہ کا فضل ہی جسکو چاہے اسکو دیوے اللہ بڑے فضل والا ہی انتہی۔ اور مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ سلسلۃ الذہب مین فرماتے ہین

ع معنی انما یرید اللہ ؛ این بود نزد عارف آگاہ ؛ کہ خدا راز لوث رجس و فساد ؛ ہست تطہیر اہل بیت مراد ؛ نیست پوشیدہ بر ذوی الافہام
کہ بود رجس بدترین آثام ؛ چون بود رجس ذات و عصیان ؛ نیست تطہیر آن بجز غفران ؛ پس ہمہ اہل بیت مغفور اند ؛ وز عقوبات آخرت دور اند
از گنہ چون بریست ذمۂ شان ؛ نتوان بہر آن مذمت شان ؛ از معاصی مدار شان معصوم ؛ واز ذمایم مساز شان مذموم ؛ الخ۔ اور مولانا شاہ
عبد العزیز محدث قدس سرہ کی تفسیر مین بھی مفصل مرقوم ہی دیکھلو اور ابن حجر مکی صواعق مین یہہ حدیث شریف لکھے ہین قال رسول اللہ صلی اللہ علیه
وآله وسلم من لم یعرف حق عترتی فلاحدی ثلث اما منافق واما ولد زنیة واما حملته امه فی غیر طھر یعنے فرمایا رسول خدا صلی
اللہ علیه وآله وسلم جو شخص کہ میری آل کا حق نہ پہچانا سو ان تین وجھون سے ایک وجہ ہوگا یا وہ منافق ہی یا ولد الزنا ہی یا اسکی ماں کو حیض کے وقت حمل رہا
ہی انتہی۔ اور امام احمد رحمۃ اللہ علیه یہہ حدیث شریف روایت کئے ہین کہ من ابغض اھل البیت فھو منافق یعنے جو شخص کہ بغض رکھا اہل بیت سے
پس وہ منافق ہی اور دیلمی یہہ حدیث شریف روایت کئے ہین کہ اشتد غضب اللہ علی من اذانی فی عترتی یعنے سخت ہوا غضب اللہ کا اس
شخص پر جو ایذا دیا مجھے بسبب عترت میرے کے انتہی۔ اور ملا علی قاری شرح فقہ اکبر مین لکھے ہین من قال لعلوی علیو یا قصدا للاستخفاف
فقد کفر یعنے جو کوئی کسی سید کو حقارت سے چھوٹا سید کہیگا تو کافر ہی انتہی کسی نے کیا خوش کہا ہی ع ہر کس نہ آل طہ گرم عناد باشد ؛

از یک پدر بناشد ابن زیاد باشد ؎ دیکھئے جب سید گنہگار کا ایمان اوحترام قرآن وحدیث اور ائمہ کے قول سے اسقدر ثابت ہووے تو سید جلیل القدر عالم باعمل کا
کیا کچھ رتبہ ہوگا افسوس نہ خدا سے در نہ رسول سے شرمائے ایسے سید بزرگ کی تکفیر ٹھہراں کرکے اپنے ہاتھوں سے آپ تکفیر کی بُری بلا مین گرفتار ہوگئے الہی توفیق
توبہ کی دی طرفہ عجب یہہ ہے باوجودیکہ سوال کا شقہ جو پہلے نائب مختار کی معرفت سے سید واعظ کے پاس بھیجا گیا تھا اور بعد اُسکے وثیقہ کا کاغذ لکھکر سید واعظ
کا مہر کروالینے کے لئے جو نائب مختار کے ہاتھ سے بھیجے تھے سو اُن دونو کاغذ مین لفظ سید لکھے ہین اور بالائے منبر سید واعظ کی سیادت پر ہزارون کے روبرو گواہی
دئیے اور پوچھنے والون کے سامنے بھی کہے اور رکھتے ہین کہ وہ سید تھے پھر اُنکی تکفیر کے واسطے سید کا لفظ اُنکے نام سے نکال ڈالے ہین سبحان اللہ لفظ سید کو نکالے تو
کیا ہوا ذات سید کی تو تکفیر کر چکے اور یہہ بھی معلوم ہوا کہ جسکو چاہین سید بنا دین اور جسکو چاہین سید ی سے نکال دین یار و یہہ کچھ عجب نہین فرنگی محلی اور
کوٹ کے قاضی مفتی تو ہین چنانچہ بیلوری حکیم زین العابدین کو جو اندنو نہین طبیب بن بیٹھا ہے سید بنا ڈالے حالانکہ اُسکے باپ کا نام شیخ نظام الدین ہے سو
ہزارون پر مشہور ہے جب لوگ صدر کوٹ کے قاضی ارتضا علیخان اور مفتی عبد الودود اور حسن علی سے اور فرنگی محلی سے سید واعظ کی تکفیر کے باب مین کچھ پوچھین
تو فرنگی محلی کبھی کہتا کہ یہہ بات ہمسے مت پوچھو نواب سے پوچھو کبھی کسی کے روبرو بولتا کہ وہ بیشک سید ہین کبھی تو کافر بنا دیتا اور رشید الدولہ کے یہان مجلس
مین ربیع الاول کے فاتحہ کی بولا اگر میرا بس چلتا تو دو مہینے تک سید واعظ کو پانی سے ترسا کر مار ڈالتا یہہ یہہ تو ابن زیاد کا بیٹا پایا جاتا ہے کیونکہ
زادہٴ ظالم ستمگر میشود ؎ تیغ چون بشکست خنجر میشود ؎ غضب تو یہہ ہے کہ بعد تکفیر سید واعظ کے علانیہ منبر پر بولا کہ شفاعت کے بحث کے رُو سے مجھے کھانا
پانی خوش نہین لگتا تھا اور رات کو نیند نہین آتی تھی لیکن آج پیٹ بھر کھانا کھایا پانی پیا اور نیند بھر سویا سبحان اللہ محب رسول ہون تو ایسے ہون کہ
اہل بیت کی تکفیر سے پیٹ بھرین اور پیاس بجھاوین اور آرام پاوین صدر کوٹ کے قاضی اور مفتیون مین سے ہر ایک کسیکے روبرو کہتا کہ وہ سید ہین اُنکو کون
کافر بولیگا جو اُنکو کافر بولا سو وہ کافر ہے اور کسی سے بولتا کہ اُنکے مریدون کے پیچھے نماز مت پڑھو اور کسیکو سنا دیتا ہے کہ ہم اُنکے مریدون کے پیچھے نماز پڑھینگے
اور پڑھے بھی ہین اور کسی سے کہتا کہ ہم اور دوسرے عالمان نواب کو کہہ دئیے کہ مولوی اسمعیل کی تعریف وغیرہ سے کچھ عہد سکتی نہین ہوئی لیکن نواب تہدیداً
ایسا کئے ہین حتے کہ صدر کوٹ کے قاضی نے ایک روز حکیم عبد القادر خان سے کہ جسکی مہر تکفیر کے اشتہار نامہ مذکور پر ہے کہا مین نواب کے فریب مین آگیا
مگر آئندہ پھر کسی اور مقدمہ مین قلم ناتھا ونگا چنانچہ حکیم مذکور جب ارکات کو نواب کی طرف سے گئے تب ایک روز مسجد مین کوئی پیرزادہ سید واعظ کی تکفیر
کرتا تھا سو سنکر اسکو سخت منع کئے اور قاضی مذکور سے جو تقریر سنے تھے بیان کرکے کہے کہ تکفیر بہت بیجا ہے یار و حکیم مذکور اب تو مرحوم ہو چکے مگر جو صاحب
کہ اُنکی زبان سے علانیہ مسجد مین سنے ہین سو بفضلہ تعالے آج موجود ہین اور جب قاضی مذکور سے نواب عظیم الدولہ مغفور کے بیٹے شمس الدولہ پوچھے کہ سید واعظ
کی تکفیر کیا جائے یا نہین قاضی مذکور بولا کہ وہ مسلمان ہین تکفیر نکیا جائے اور اب آفرین صدر کوٹ کے مفتی عبد الودود کی دینداری در استگوئی پر کہ آخر
جو حقیقت تھی سو صاف صاف کہہ دئیے کہ ہمنے اچھا منصوبہ گانٹا تھا کہ وثیقہ مولوی محمد علی سے لکھوالیکے اس کاغذ کو کلکتہ اور ہندوستان بھیجوا دینا کہ دیکھو
محمد علی خود تقویۃ الایمان کو بدتر ٹھہرا کاغذ لکھہ دیا ہے تاکہ وہان کمال رسوائی اُسکی ہو جاتی لیکن نواب جبری جلدی کرگئے اور ہمارا منصوبہ ٹھیک نہ بنا اور
نائب مختار فرماتے تھے کہ جیسا عالمان مسئلہ لکھہ دئیے ویسا عمل مین لایا ہون اگر کلکتہ کے عالمون سے دو چار عالم تقویۃ الایمان کی بہتری پر مہر کر دیوین تو
کوئی ہو تو ہو مین تو اُنکی طرف ہو جاؤنگا لیکن آخر وعدہ خلافی ہوگئی چنانچہ آئندہ معلوم ہو جائیگا یار و تم ہم اب کسکو سچے کہنا اور کسکو جھوٹھے اپنی تو ان
پر کسی نے کیا خوب کہا ہے اگر ایک روز مجسٹرٹ کی حکومت اپنے کو ملجاوے تو بسبب فیصلہ کر ڈالتا ہون جھوٹھہ سچ کھل جاویگا اور جب فرنگی محلی امیر الدولہ خاندانی
سے سید واعظ کی ملاقات کو جا نکلے گناہ کا توبہ لینا جامع مسجد مین منبر پر مقرر کیا تو قاضی صدر کوٹ اور اسکے دونو مفتیان عبد الودود اور حسن علی مالک توبہ
کے گھر یعنے فرنگی محلی کے یہان جاکر سفارش کئے کہ وہ مرد ذی عزت ہے شادی محل مین انکا توبہ لیوین تو بھلا ہے لاکن توبہ فرمائے کہ مسجد مین توبہ

لونگا تب قاضی مذکور وغیرہ بولے کہ تو یہہ مسجد ہی مین لینا اور گھر مین نہ لینا کون سی کتابون مین ہے بالک تو نے جواب دیا کہ تم ہم خوب جانتے ہین کہ مولوی محمد علی سید صحیح النسب
اور عالم باعمل و واعظ جلیل القدر تھے اور اُن سے کوئی قول و فعل خلاف شرع سرزد نہوا تھا پھر جو انکی تکفیر کئے سو کون سے مسئلہ کے رو سے تھا جیسا تو اب کہتے گئے ویسا
کرتے گئے ویسا ہی پھر بھی ہوگا ای ایماندارو ذرہ غور کرو کہ یہ کام دیندارونکے ہین یا بے دینون کے اور حق و ناحق سمجھلینے عقلمندونکو یہہ بات بس ہے اور اِنہا
باتونکو چھپانا دنیا مین ہو سکتا ہی لیکن آخرت مین سوا ہان ہان کہنے کے اور کچھ دم نہ مار سکوگے حاصل کلام جب کہ اشتہار نامہ مذکور کے رو سے تقویۃ الایمان
اور رسالہ حزم علی یعنے نصیحت المسلمین دونو مردود ہوچکے اور اُنکے معتقد کافر بنگئے اور فقط مولوی اسمعیل دہلوی کی تعریف و توصیف اور تمثیل امام حسن کی رفع فساد
مین اور جواز تاویل کا بیان جو از روے شرع کے کچھ بد نہیں تھا سید واعظ کی تکفیر کی دلیل قطعی ہوچکی تو قاضی صدر کوت اور مفتیان وغیرہ باوجود یسی حکومت
و دینداری کے اور اُن رسالونکی بدیون سے کماحقہ واقف ہونیکے چھہ سات سال کے عرصہ سے ابتک جو حضور مین مسلمانونکے منبر پر انکی بدیان بیان نکئے اور مومنون
کو اُنپر عقیدہ رکھنے سے اسطور پر باز نرکھے بلکہ برعکس اسکے چار سال کے بیش از رسالہ حزم علی یعنے نصیحت المسلمین کو جو چھاپے کی نقل مطالعہ کر یہہ رسالہ اول سے
آخر تک قابل وعظ ہی کر کے اُسپر مہران کرا در رقعے لکھ نور محمد کے ہاتھ سے موضع والمباڑی کو مولوی محمد میر صاحب کے پاس بھیجے چنانچہ بعد اسکے ویلوری
علی پیران مشایخ کے جعفوی سید ابوالحسن اسی رسالہ کی صحت پر چتور کے قاضی مولوی مقیم صاحب اور مفتی ولی محمد صاحب سے بھی سندان لکھوا لیے اور اسی
سبب سے اس رسالہ پر ہزارون مسلمانان ابتک عقیدہ رکھے اور سیکڑون انہی عقیدہ پر مر بھی ہو گئے لیس قاضی مذکور وغیرہ اپنے ہاتھون سے آپ اشد
کافر ہوچکے یارو جبتک وہ سب منبر پر علانیہ توبہ نکرین تب تک اونکے ساتھ تمام رسوم اسلام کے بجالانا یعنے اقتدا کرنا اور السلام علیکم و علیکم السلام لونا
اور انکے جنازے پر نماز پڑھنا اور تہنیت تعزیت عیادت وغیرہ ادا کرنا حرام ہے کیونکہ آپ گمراہ ہونیکے قطع نظر ہزارون مومنونکو گمراہ کر چکے غضب
تو یہہ ہی کہ مفتی حسن علی نے حکیم تقی نواز خان سے کہا تھا کہ کتاب تقویۃ الایمان کو تمام و کمال دیکھا ہون انمین تمام آیات و احادیث کا معنی صحیح اور
قابل عمل ہی اب اُس کتاب کے مردود ہونے پر اُنو بھی مہر کر دئیے ہین اور فرنگی محلی اپنے مکان مخصوص مین ایک روز انہی ایام فساد مین روبرو شاہ
سید قاسم صاحب قادری اور قادر بادشاہ صاحب وغیرہ کے مجمع مین اپنے معشوق سے یہہ شعر پڑھا کہ مصرعہ پھر جا بیگم جمع آیند سادات
فسادات فساد ات فسادات تو بعضے پوچھے سیدون سے کب فساد ہوا تھا جواب دیا کہ دیکھو علی کے وقت مین اور امام حسین کے وقت مین
کیسا فساد ہوا تھا اور اب مولوی سید محمد علی کے وقت کیسا فتنہ و فساد ہوا ہی یارو دیکھو تو کسقدر جناب علی کرم اللہ وجہہ اور امام حسین رضی اللہ
عنہ کی اہانت عظیم کیا ہی اور انکو مفسد بنایا معاذ اللہ یہہ تو خارجی ہو گیا ہی اور جب امیر الدولہ خاندانی کے توبہ نامے مین فرنگی محلی اپنے عقیدے کے
موافق لکھا تھا کہ خدا و رسول کو حاضر و ناظر جانکر توبہ کرتا ہون تب قاضی صدر کوت اور اسلمی وغیرہ اعتراض کئے کہ یہہ بات تو شرک ہے
اسلئے کہ ہر جگہہ حاضر و ناظر رہنا اللہ ہی کی شان ہے رسول کی نہین تو فرنگی محلی اُسپر اصرار کیا یہ باطل بات حق کیونکر ہو سکتی آخر کچھ نہ بن پڑی چنانچہ
اسی بات پر قاضی صدر کوت نے کہا تھا کہ انشاء اللہ تعالی اس شخص سے منبر پر توبہ لونگا لیس اس اہانت عظیم خلیفہ معظم اور امام مکرم سے اور
اس عقیدہ شرک سے بھی کافر ہو گیا اور اسلمی نے زمانِ سابق مین روبرو احمد رضا صاحب پوتے امام صاحب مدرس کے کہا تھا کہ حسنین صحابی
نہین ہین صاحب موصوف مولوی محمد غوث مرحوم سے یہہ کیفیت بیان کئے تو مولوی محمد غوث اس بات کو رد کر کے اسلمی کو خوب ذلت دئیے تھے اور
سنا جاتا ہی کہ خادم آل نبی محمد مظفر خان بہادر نواب الف خان کے فرزند کے روبرو اُس نے جناب امام حسین رضی اللہ عنہ کو جہالت سے مار
گئے تھے کہا تھا تو بہادر موصوف اُسکو مارنا چاہے لیکن بہادر موصوف کے مصاحبون کی کمک سے جان بچا کر بھاگ گیا تھا چنانچہ اسی کا تربیت یافتہ
حاجی مراد قدیم جامع مسجد مین جو بھوتی مسجد کر کے مشہور ہے کئی لوگون کے روبرو حال مین کہا ہے کہ حاکم فاسق کی بیعت جائز ہے بعضے پوچھے

جناب امام حسین یزید سے بیعت نکرکے اُس سے لڑکے موئے سو شاید شہید نہین ہوئے تب مُرادنے جواب دیا کہ ہان شہید نہین لیکن یزید جو اُنکو اُنکے وطن کو نجانے دیکے
قتل کیا سو اسلیئے اُنکو مظلوم کہینگے اورحال مین تو مشہور معروف ہی کہ معروف صاحب مرحوم اور ایک بزرگ جناب امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کیبیتی
کرکے پوچھے تو اسلمی خارجی بولا کہ ہاں گزیدہ کی سرکی شہادت ہی حالانکہ ظاہر ہی کہ جنکی شہادت مین کئی احادیث وارد ہین اور تمامی علمائے کبار اُنکو سید الشہدا
لکھتے ہین اور جناب علی کرم اللہ وجہہ اُنکے ہی اُس جناب پاک کے یار و رفیقو نکی شان مین ہم خیر الشہداء عند اللہ بعد الصحابہ فرما چکے ہین باوجود اسکے اس
جناب پاک کی کیا کچھ بڑی اہانت کیا ہی پس معلوم ہوا کہ یہہ ذات مقدس رافضی کا بھائی خارجی اور دشمن اہل بیت ہی اور پھر ایک بار یہی کہا تھا کہ حسنین
کو کیا فضیلت ہی جیسے اور صحابہ ان کی اولاد ہین ویسے ہی یہہ بھی ہین اور مکہ معظمہ کی شکایت مین گھر سے لکھ بھیجا تھا ربنا اخرجنا من ھذہ القریۃ
الظالم اھلھا۔ یعنے ای ہمارے پروردگار نکال ہمکو اس قریہ سے کہ یہان کے باشندے ظالم ہین اور کہتا ہی کہ حرم مین زنا ہوتی ہی اور اپنے رفیق حاجی غا
سنرک کو اُسپر گواہ رکھتا ہی معاذ اللہ اللہ کی پناہ اور سوا اسکے قاضی صدر کوٹ جس فتوی مین لکھے تھے کہ اگر ماکیانی یا شاتی برای نذر بزرگے معین
کنند بعد ازان اگرچہ بر بسم اللہ ذبح کنند حرام است خوردن آن انتہی اس فتوی پر اپنی مہر و دستخط کیا کہ سب صحیح ہی بعد چند روز کے نفسانیت سے اپنی بنائی ہوئی
کتاب سفینۃ النجات مین لکھا ہی کہ جانور کسی کے نذر کئے تو کیا ہوا ذبح کے وقت تو خدا کا نام لیا جاتا ہی پس وہ جانور حلال ہی یارو کاش باوا صاحب
کا مرغا شاید اُسکو بہت اچھا لگتا ہی خوب بھاتا ہی حالانکہ اُسکی حرمت نص قرآنی اور احادیث اور اقوال فقہا سے ثابت ہی چنانچہ حنفیہ کے پیشوا مولانا شاہ
عبد العزیز محدث قدس سرہ سورۂ بقر کی تفسیر کے پانسو تینتوین صفحہ مین لکھے ہین وما اھل بہ یعنے وگر آن جانور کہ آواز برآوردہ شدہ و شہرت دادہ شدہ
درحق آن جانور کہ لغیر اللہ یعنے برای غیر خدا است خواہ آن غیر بت باشد یا روحی خبیث کہ بطریق بھوگ کہ بنام او بدہند وخواہ جنی مسلط بر خانہ یا سرائے
کہ بدون دادن جانور از ایذای سکنۂ آنجا دست بردار نشود یا توپ را روان کردن ندہد وخواہ پیری یا پیغمبرے را باین وضع جانوری زندہ مقرر کردہ
دہند کہ این ہمہ حرام ست ودر حدیث صحیح وارد ست کہ ملعونٌ من ذبح لغیر اللہ یعنے ہر کہ بذبح جانور تقرب بغیر خدا نماید ملعون ست خواہ در وقت ذبح نام خدا
بگیرد یا نے نیز الخ چون شہرت داد کہ این جانور برای فلانی است ذکر نام خدا وقت ذبح فائدہ نکرد چہ آن جانور منسوب بآن غیر گشت وخبثی در وی پیدا
گشت کہ زیادہ از خبث مردار ست زیرا کہ مردار بے ذکر نام خدا جان دادہ است وجان این جانور را از ان غیر خدا قرار دادہ گشتہ وآن عین شرک ست و
ہرگاہ این خبث در وی سرایت کرد دیگر بذکر نام خدا حلال نمی شود مانند سگ وخوک کہ اگر بنام خدا مذبوح شوند حلال نمیگردند وکنہ این مسئلہ آن است کہ جان
را برای غیر جان آفرین نیاز کردن درست نیست وماکولات ومشروبات ودیگر اموال را نیز اگرچہ از راہ تقرب بغیر اللہ دادن حرام وشرک ست اما
ثواب آن چیزہا را کہ عائد بہ دہندہ میشند از ان غیر ساختن جایز ست زیرا کہ انسان را میرسد کہ ثواب عمل خود را بغیر خود بہ بخشد چنانچہ میرسد کہ مال خود را
بغیر خود بدہد وجان جانور مملوک آدمی نیست تا او را کسبی نمو اند بخشید ونیز دادن مال از ینجہت مستوجب ثواب ست کہ آدمیان بوی منتفع می شوند وچون
مردہا بعد از مفارقت این جہان قابل انتفاع بعین مال نماندہ اند طریق نفع رسانیدن بآنہا در شرع چنین قرار یافت کہ ثواب اموال را کہ بہ مستحقان
برسانند بآنہا عائد سازند وچون جان جانور اصلا قابل انتفاع آدمی نیست در زندگی پس از مردگی نیز قابل انتفاع او نباشد آری ضحیہ از طرف مردہ
کردن در حدیث صحیح آمدہ است لیکن معنیش ہمین است کہ دادن جان برای خدا ثوابی کہ دارد بآن مردہ بخشیدہ شود نہ آنکہ ذبح برای مردہ کردہ آید وبعضے
جہال مسلمین درین مقام کج فہمی میکنند ومیگویند کہ گوشت را پختہ بنام مردہا دادن بلاشبہہ جایز ست وما نیز از ذبح کردن جانور بنام آن مردہ ہمین قدر
قصد میداریم برای فہمانیدن ایشان یک نکتہ کافی است کہ بایشان باید گفت کہ ہرگاہ شما ذبح کردن جانور بنام غیر خدا نذر میکنید اگر عوض آن جانور
گوشت بہمان مقدار خریدہ وپختہ بفقرا بخورانید در ذہن شما آن نذر ادا شود یا نے اگر می شود درست میگوئید کہ مقصود شما از ذبح غیر از

گوشت خورانیدن برای ثواب مرده نبوده الا التقرب بذبوح نذر و کرده آید و شرک صریح لازم میآید و در لفظ این آیت که در چهار جا از قرآن مجید وارد شده ما اهل باید کرد
ما اهل به لغیر الله فرموده اند نه ما ذبح باسم غیر الله پس ذبح کردن بنام خدا همراه شهرت دادن و آواز بر آوردن باینکه فلانی گاو و فلانی و بز فلانی میکند هیچ فائده نمیکند
گوشت آن جانور حلال نمیگردد و اهل را بر ذبح حمل کردن خلاف لغت و عرف ست هرگز اهلال در لغت عرب و عرف آن دیار آن الوقت بمعنی ذبح نیامده و هیچ شعر و هیچ عبارت
بلکه اهلال در لغت عرب بمعنی بلند کردن آواز و شهرت دادن ست چنانچه اهلال هلال و اهلال طفل نو تولد و اهلال بمعنی تلبیه حج وغیر ذلک مستعمل ست و اگر کسی گوید که
اهللت لله هرگز بمعنی ذبحت لله فهمیده نخواهد شد و نیز اگر اهل را بر ذبح حمل کرده شود پس ذبح لغیر الله مراد خواهد شد نه ذبح باسم غیر الله از کجا فهمیده شود تا مدعای
این مردم حاصل شود پس درین عبارت اهلال را بمعنی ذبح گرفتن باز لغیر الله را بجای باسم غیر الله ساختن تریب تحریف کلام الهی میدهد و در تفسیر نیشاپوری میگوید
اجمع العلماء لو ان مسلما ذبح ذبیحة و قصد بذبحها التقرب الی غیر الله صار مرتدا و ذبیحته ذبیحة مرتد انتهی کافران در جاهلیت در وقت
بر آمدن از خانه و دیار به نام بتان آواز میکردند و چون بمکه معظمه میرسیدند طواف خانه کعبه مینمودند این طواف ایشان نیز بخانه خدا هرگز از ایشان مقبول نبود و لهذا
حکم شد که فلا تقربوا المسجد الحرام بعد عامهم هذا پس درین جا نیز چون آواز بر آوردند و مشتهر ساختند که این جانور از فلانی ست و بنام او ست و برای
او می کنیم و در وقت ذبح بنام خدا ذبح کنانیدند اصلا موجب ترتب حلیت نگشت و سرش آنست که نزد عوام طریق ذبح جانور بهر گونه که نفرست متعین ست برای
رسانیدن جان جانور برای هر که منظور باشد چنانچه فاتحه و قل و درود خواندن طریق متعین است برای رسانیدن ماکولات و مشروبات بارواح خواه بقصد
رسانیدن ثواب بآن ارواح نمایند یا بقصد تقرب و دفع شر و چاپلوسی و تملق آری ذکر نام خدا بر آن جانور وقتی فائده میدهد که قصد تقرب بغیر خدا را از
دل دور کرده و خلاف آن شهرت و آوازه و شهرت آواز دیگر دهند که ما این کار بسبب تیمم انتهی اور امام فخر الدین رازی تفسیر کبیر مین وما اهل به لغیر الله کے معنی
مین لکھے ہین وقال ربیع ابن انس و ابن زید یعنی ما ذکر علیه اسم غیر الله پھر کہے کہ هذا القول اولی لانه اشد مطابقة للفظ
یعنے یہہ قول اولیٰ اسلئے کہ نہایت مطابقت ہی لفظ کے ساتھ انتہی اور شمس العلوم مین بھی لکھا ہی کہ مراد اس سے ما ذکر علیه اسم غیر الله ہی اور
تاج المصادر اور صحاح اور صراح مین لکھا ہی وما اهل به لغیر الله یعنی ما نودی علیه بغیر اسم الله یعنی جو چیز کہ پکارا گیا سوا اسیر الله کے نام کا
کا غیر انتہی - واخرج مسلم عن ابی الطفیل ان علیا رضی الله عنه اخرج صحیفة فیها لعن الله من ذبح لغیر الله یعنی مسلم ذکر کیئے کہ ابو طفیل
نقل کیئے کہ حضرت علی ایک کتاب نکالے کہ اسمین یون لکھا تھا کہ لعنت کرے الله اس شخص کو کہ ذبح کرے واسطے غیر الله کے انتہی - اور در المختار مین
لکھا ہی ذبح لقدوم الامیر ونحوه لواحد من العظماء یحرم لانه اهل به لغیر الله ولو ذکر اسم الله تعالی علیه
اور منح الغفار مین مرقوم ہی لو ذبح لقدوم الامیر و لقدوم واحد من العظماء لا یحل اکله ان ذکر اسم الله تعالی علیه لانه ذبح
لتعظیم غیر الله ولهذا لا یضربون بین یدیه بخلاف الذبح للضیف فانه لا یقدم بین یدیه وهو العادة اور قنیه مین لکھا ہی ذبح للضیف وسمی
الله تعالی علیه حل ولو ذبح لقدوم الامیر او واحد من العظماء وذکر اسم الله علیه لا یحل لانه میتة ویکفر بذلک والناس
عنه غافلون خواصهم فکیف عوامهم اور جامع الرموز مین ہی لو سمی و ذبح لقدوم الامیر او غیره من العظماء لا یحل وهکذا فی
الزاهدی اور اشباه النظائر مین ہی لو ذبح لقدوم الامیر او واحد من العظماء یحرم وان ذکر اسم الله تعالی علیه لانه
مما اهل به لغیر الله انتہی - ان سب قولون کے معنی کا حاصل یہہ ہی کہ ذبح کرنا قصد سے تقرب اور تعظیم کسی مخلوق کے حرام و کفر ہی اگرچہ بسم الله
بولکے ذبح کرے اور ذبح جو واسطے مہمان کے ہی سو روا ہی اسلئے کہ وہ قصد تقرب و تعظیم کے قصد سے نہین بلکہ اسمین فقط مہمان کو کھلانا مقصود ہے
اور نہایہ مین لکھا ہی وفی حدیث ابن عباس لا تاکلوا من معاقر الاعراب فانی لا امن ان یکون مما اهل به لغیر الله هو

عقرهم الابل كان يتبارى الرجلان في الجود والسخا فيعقر هذا ابلا ويعقر هذا ابلا حتى يعجز احدهما الآخر وكانوا يفعلونه رياء وسمعة وتفاخرا ولا يقصد

بدوجه الله فشبهه بما ذبح لغير الله یعنے ابن عباس کی حدیث مین ہے مت کھاؤ اُن جانورونکو جو بدوؤن نے فخر کے واسطے ذبح کئے ہین کیونکہ مین بے ڈر

نہین ہون جو ہووے ان چیزون مین سے جو اللہ کے غیر کے واسطے ذبح کئے گئے ہین وہ کیا ہے انکا اونٹان ذبح کرنا ہے جب دو شخص مقابلہ کرتے تھے سخاوت مین یعنے

اونٹان ذبح کرتا وہ بھی اونٹان ذبح کرتا یھان تک کہ ایک دوسرے کو عاجز کرتا اور یہہ کام کیا کرتے تھے دکھلانے اور سنانے اور بڑائی دکھلانیکے واسطے اور اللہ

کے واسطے کا قصد نہین رکھتے تھے سو اسواسطے اسکو حدیث مین اللہ کے غیر واسطے ذبح ہوئی سو چیز کی تشبیہ دئے ہین انتہی اور شیخ ابو الفتح کمال الدین دمیری حیوة

الحیوان مین ذکر الفرع مین لکھے ہین روى ابو داؤد باسناد حسن ان النبي صلے الله عليه وآله وسلم نهى عن معاقرة الاعراب وهي مفاخرتهم فانهم

يتفاخرون بان يعقر كل واحد منهم عددا من ابله فايهما كان عقره اكثر كان غالبا فكره النبي لحمها لئلا يكون مما اهل به لغير الله وروى

ابو داؤد ايضا ان النبي صلے الله عليه وآله وسلم نهى عن طعام المتباريين فائده حكى الامام العلامة ابو الفرج الاصبهاني وغيره ان الفرزدق

الشاعر اسمه همام بن غالب كان ابوه غالب رئيس قومه ووجه جفنة الى سحيم بن وثيل الرياحي رئيس قومه فلما وصلت الجفنة الى سحيم

كفأها وضرب الذي اتى بها وقال سحيم انا مفتقر الى طعام غالب اذا نحر هو ناقة نحرت انا اخرى فوقعت المنافرة بينهما فعقر سحيم لاهله ناقة فلما

كان من الغد عقر لهم غالب ناقتين فعقر سحيم لاهله ناقتين فلما كان اليوم الثالث عقر غالب لاهله ثلثا فعقر سحيم لاهله ثلثا فلما كان الرابع عقر غالب

مائة ناقة فلم يكن عند سحيم هذا العدد فلم يعقر شيئا واسرها في نفسه فلما انقضت المجاعة ودخل الناس الكوفة قال بنو رياح لسحيم جررت

علينا عار الدهر هلا نحرت مثل ما نحر وكنا نعطيك مكان كل ناقة ناقتين فاعتذر بان ابله كانت غائبة ثم عقر لهم ثلثمائة ناقة وقال للناس

شانكم والاكل وكان ذلك في خلافة علي بن ابي طالب رضي الله عنه فاستفتي في حل الاكل منها فقضى بحرمتها وقال هذه ذبحت لغير

ماكله ولم يكن المقصود منها الا المفاخرة والمباهاة فالقيت لحومها على كناسة الكوفة فاكلتها الكلاب والعقبان والرخم یعنے روایت کئے ابوداؤد باسناد حسن سے

کہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منع فرمائے کھانے سے گوشت کو اُن جانورونکے جو بدوان بڑائی اور فخر واسطے ذبح کرتے تھے اسطور سے کہ ہر ایک اُنمین سے ذبح کرتا تھا کتنے

اونٹونکو اپنے اونٹون سے یعنی جو اُنمین بہت اونٹ ذبح کرتا تھا وہی غالب ہوتا پس مکروہ رکھے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم انکا گوشت کھانیکو تاکہ نہووے اُس چیز سے

جو ذبح کی گئی ہے اللہ کے غیر کے واسطے اور بھی روایت کئے ابوداؤد کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منع کئے کھانیکو اُن دونوں کے جو آپسمین بڑائی جتلانے کیلئے دین

فائدہ حکایت کئے امام علامہ ابو الفرج اصفہانی وغیرہ کہ فرزدق شاعر جسکا نام ہمام بن غالب تھا اُسکا باپ غالب اپنے قوم کا سردار تھا ایک کاسہ بھیجا سحیم بن وثیل

ریاحی کو جو اپنی قوم کا سردار تھا جب وہ کاسہ سحیم کو پہنچا اُسکو اوندھا کر دیا اور مارا اُسکو جو لایا تھا اور کہا کہ مین غالب کے کھانے کا محتاج ہون جب وہ ایک

اونٹ کاٹیگا مین اور ایک اونٹ کاٹونگا پھر دونوں مین بڑائی جتلانا منظور ہوا سحیم اپنے لوگ واسطے ایک اونٹ کاٹا جب دوسرا روز ہوا غالب اپنے لوگ کے لئے

دو اونٹ کاٹا پھر سحیم اپنی قوم کی خاطر دو اونٹ کاٹا پھر تیسرے دن غالب اپنے لوگ کے واسطے تین اونٹ کاٹا چوتھے روز غالب سو اونٹ کاٹا سحیم کے یہان اتنا

نتھا پھر کچھ ذبح نہین کیا اور اپنے دل مین رکھ لیا پھر جب قحط کے دن جا رہے اور لوگ کوفے کو گئے بنی ریاح سحیم کو کہے ہمارے پر ہمیشہ عار رکھا کیون تو ذبح نکیا جتنا

او ذبح کئے تھے اور ہم تجھے دیتے ہر ایک اونٹ کی جگہہ دو دو اونٹان پھر عذر کیا سحیم کہ اونٹان اپنے غائب تھے بعد تین سو اونٹ کاٹا اور لوگونکو کہا کہ

کھاؤ اور یہہ معاملہ ہوا تھا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے خلافت مین پس فتویٰ پوچھا گیا اُن اونٹون کے گوشت کے حلال ہونے پر جناب امیر المومنین علی

کرم اللہ وجہہ فتویٰ دئے اُسکی حرمت پر اور فرمائے کہ یہ کھانے واسطے ذبح نہین ہوئے ہین اور اُس سے مقصود تھا مگر فخر و بڑائی جتلانا پھر ڈالے گیا گوشت اُن اونٹون

کا کوفے کے گھورے پر اور اُسکو کتے اور عقاب اور رنگدھ کھائے انتہی اور قد روى ابن ابي حاتم عن الجارود بن ابي سبرة قال كان رجل من بني رياح

يقال له ابن وثيل وكان شاعرا فاخر غالبا ابا الفرزدق بماء بظهر الكوفة على ان يعقر هذا مائة من الابل وهذا مائة من ابله اذا وردت الماء فلما وردت الماء قاما بالسيوف يكسفان عراقيبها قال فخرج الناس على الحمرات والبغال يريدون اللحم قال وعلى رضي الله عنه بالكوفة قال فخرج على على بغلة رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم البيضاء وهو ينادي يا ايها الناس لا تاكلوا من لحومها فانها اهل بها لغير الله يعنے

روایت کیا ہی ابی حاتم کے بیتے نے ابی سبرہ کے بیتے جارود سے کہ تھا ایک شخص تھا بنی ریاح میں کا جو ابن وثیل کہلاتا تھا اور شاعر تھا مقابلہ کیا فرزدق کے باپ غالب سے ایک پانی پر جو کوفہ کے سامنے تھا اس بات کا کہ جب اونٹ پانیکو آوین تو یہہ سو اونٹ ذبح کرے اور وہ سو اونٹ پھر جب اونٹ پانی کو آئے دو تلوار لیکر کونچے مارتے کھڑے رہے سے راوی نے کہا کہ پھر لوگ گدھون پر اور خچرون پر سوار ہو نکلے گوشت لینے کے واسطے اسوقت علی رضی اللہ عنہ کوفہ مین تھے سو نکلے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خچر پر سوار ہو کر جسکا نام بیضا تھا اور پکارتے تھے ای لوگو انکا گوشت مت کھاؤ کیونکہ یہے ذبح ہوے ہین اللہ کے غیر کے واسطے انتہی کیون یاروا اب اُس مرعیکی بات رہ گیا جھوٹھ یسو اسلی جو کمال توہین وتحقیر ابا بن حسنین رضی اللہ عنہما اور اہانت فاحشہ مکہ معظمہ کی کیا اور حرام چیز وفعل شرک کو حلال وجایز جانا اور اُن آیت اور احادیث وفقہا کے اقوال کے خلاف اُسپر فتوی دیا سو اُن وجوہات سے بھی آپنے نعوذ سے آپ کافر ہو گیا یہان ایک نادر بات سن رکھیے کہ مولوی ولایت علی رد شرک کی کتاب میں سولھوین صفحے سے سترھوین صفحہ تک اسی آیت مذکورہ کے مضمون کی دوسری ایک آیت کی تفسیر انھین اسناد مذکورہ کے معنی کے مطابق یہہ لکھے ہین کہ اللہ تعالی نے فرمایا حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما اهل لغير الله به فرمایا اللہ تعالی نے حرام کیا ہم نے تم پر کھانا مردیکا اور خون اور گوشت سور کا اور وہ چیز کہ مشہور ہو سوا اللہ کے اور کے نام پر انتہی سو اُسپر قاضی صدر کوٹ اور اسلمی و فرنگی محلی وغیرہ شاگردان بے شعور اور یاران حماقت معمور اپنے استادون اور آقاؤن کے اعتراضون پر نازان ہو کے رات بازون سے جھگڑتے ہین کہ دیکھو ولایت علی اس مقام میں قرآن کی معنی مین تحریف وتصحیف کیا ہی کیونکہ لکھا ہی کہ حرام کیا ہم نے تم پر کھانا مردیکا یعنے طعام میتہ افسوس صد افسوس آن بے شعور ونکو ہندی سمجھنے کا بھی شعور نہین کہ وہان تو لفظ کھانا معنی سے خون کے مربوط ومعقود ہے معنی سے طعام کے یاروان مردون کے کھانے پر مرتبو الونکی سمجھ ولیسی ہے جیسے ایک کوئی نے کسی کتاب فارسی مین لفظ کون بفتح کاف کیتین دیکھ کے کون بضم کاف سمجھا تھا آدیم بر سر مطلب اشتہار نامہ مذکور کے شروع مین لکھے ہین کہ چون کتاب تقویۃ الایمان مولوی محمد اسمعیل دہلوی و رسایل ولایت علی عظیم آبادی وخرم علی وغیرہ خلفاء سید احمد بزبان ہندی مشتمل بر تنقیص شان سرور عالم وانکار توسل وشفاعت دی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وانکار ہمدون عزتی بآن جناب سوای رسالت واہانت دیگر انبیاء و اولیاء از چند عرصہ درین ملک رواج یافتند الخ یار وادنا جھوٹھ اُن جھوٹھون کا یہہ ہی کہ اس ملک مین سوا تقویۃ الایمان اور نصیحت المسلمین کے رسائل ولایت علی رواج پانیکا تو کیا ذکر بلکہ اُنکے نام بھی کوئی نہ سنا تھا مگر اُسی فساد عظیم میں منشی مدنی کتب فروش ان رسالون کو لاکے دوتین رسالے بیچا تھا کہ نائب مختار خبر پاکر اُن سب رسالون کو ایکمشت خرید کئے اور پانی مین بھی غرق کروا دیئے باوجود اسکے تقویۃ الایمان اور رسالہ خرم علی کے ساتھ شریک کرکے لکھے ہین کہ از چند عرصہ درین ملک رواج یافتند اور ادنا جوری اُن چورونکی یہہ ہی کہ رسالہ خرم علی یعنے نصیحت المسلمین پر سابق مین تو مہران کر دئیے تھے اسلئے نصیحت المسلمین کا نام نہ لکھ کے فقط رسالہ خرم علی لکھے ہین غرض یہہ عاصی اُن کاذبون اور مفتریون کے ہر کذب وافترے کو اللہ تعالی کی توفیق سے اب مومنونکی خدمت مین بخوبی ظاہر کرتا ہین سکیۂ کہ ساتوین صفحہ مین نصیحت المسلمین کے لکھا ہی ہمارے حضرت بھی جب اللہ کا حکم پاوینگے تب قیامت کے دن شفاعت امت کی کرینگے اور نوین صفحہ مین اُسی کتاب کے مرقوم ہی جو پیغمبر کی شفاعت کی امید رکھتا ہو اسکو لازم ہی کہ پہلے اللہ کو راضی کرے انتہی اور تقویۃ الایمان کے اٹھاون صفحے سے چوسٹھوین صفحے تک لکھا ہی کہ اس جگہہ ایک بات بڑے کام کی ہی اسکو کان رکھکر سن لینا نہایت ضرور ہی کہ اکثر لوگ انبیاء و

شفاعت پر بہت بھول رہے ہین اور اسکے معنے غلط سمجھکر اللہ کو بھول گئے ہین سو شفاعت کی حقیقت یون سمجھ لیا چاہیے یعنے شفاعت کہتے ہین سفارش کو اور دنیا مین سفارش کئی طرح کی ہوتی ہے جیسے ظاہر کے بادشاہ کے یہان کسی کی چوری ثابت ہو جاوے اور کوئی امیر وزیر اسکو اپنی سفارش سے بچا لیوے سو اسمین ایک تو یہہ صورت ہے کہ بادشاہ کا جی تو اس چور کے پکڑنے ہی کو چاہتا ہے اور اسکی آئین کے موافق اسکو سزا ہی پہنچتی ہے مگر اس امیر سے دبکر اسکی سفارش مان لیتا ہے اور اس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہے کیونکہ وہ امیر اسکی سلطنت کا بڑا رکن ہے اور اسکی بادشاہت کو بڑی رونق دے رہا ہے سو بادشاہ یہہ سمجھا ہے کہ ایک جگہہ اپنے غصے کو تھام لینا اور ایک چور سے درگذر کر جانا بہتر ہے اس سے کہ اتنے بڑے امیر کو ناخوش کر دیجے کہ بڑے بڑے کام خراب ہو جاوین اور سلطنت کی رونق گھٹ جاوے اسکو شفاعت وجاہت کہتے ہین یعنے اس امیر کی وجاہت کے سبب سے اسکی سفارش چلی سو اس قسم کی شفاعت اللہ کے جناب مین ہرگز نہین ہو سکتی اور جو کوئی کسی نبی ولی یا امام وشہید کو یا کسی فرشتے کو یا کسی پیر کو اللہ کی جناب مین اس قسم کا شفیع سمجھے سو وہ اصل مشرک ہے اور بڑا جاہل کہ اسنے خدائی کے معنے کچھ بھی نہ سمجھے اور اس مالک الملک کی قدر کچھ بھی نہ پہچانی اس شہنشاہ عالی جاہ کی تو یہہ شان ہے کہ ایک آن مین ایک حکم کن سے چاہے تو کروڑون نبی ولی اور جن وفرشتے جبرئیل اور محمد صلی اللہ علیہ کے برابر پیدا کر ڈالے اور ایک دم مین سارا عالم عرش سے فرش تک الٹ پلٹ کر دے اور ایک اور ہی عالم اسکی جگہہ قایم کرے کہ اسکے تو محض ارادے ہی سے ہر چیز ہو جاتی ہے کسی کام کے واسطے کچھ اسباب وسامان جمع کرنے کی کچھ حاجت نہین اور جو سب لوگ اگلے اور پچھلے آدمی اور جن جبرئیل اور پیغمبر ہی سے ہو جاوین تو اس مالک الملک کی سلطنت مین انکے سبب کچھ رونق بڑھہ نجاویگی اور جو سب لوگ ملکر شیطان اور دجال ہی سے ہو جاوین تو اسکی کچھہ رونق گھٹ نجاویگی وہ ہر صورت سے بڑون کا بڑا اور بادشاہون کا بادشاہ ہے اسکا نہ کوئی کچھ بگاڑ سکے اور نہ کچھ سنوار دوسری صورت یہہ ہے کہ کوئی بادشاہ زادون سے یا بیگماتون سے یا کوئی بادشاہ کا معشوق اس چور کا سفارشی ہو کر کھڑا ہو جاوے اور چور کی سزا نہ دینے دیوے اور بادشاہ اسکی محبت سے لاچار ہو کر اس چور کی تقصیر معاف کر دے اسکو شفاعت محبت کہتے ہین یعنے بادشاہ نے محبت کے سبب سفارش قبول کر لی اور یہہ بات سمجھی کہ ایکبار غصہ پی جانا اور ایک چور کو معاف کر دینا بہتر ہے اس رنج سے کہ جو اس محبوب کے روٹھہ جانے سے مجھکو ہوگا اس قسم کی شفاعت بھی اس دربار مین کسی طرح ممکن نہین اور جو کوئی کسیکو اس جناب قدس مین اس قسم کا شفیع سمجھے وہ بھی ویسا ہی مشرک ہے اور جاہل جیسا اول مذکور ہو چکا وہ مالک الملک اپنے بندون کو بہتیرا ہی نوازے اور کسی کو حبیب کا کسیکو خلیل کا کسیکو کلیم کا کسیکو روح اللہ وجیہہ کا خطاب بخشے کسیکو رسول کریم ومکین وروح القدس روح الامین فرماوے مگر پھر مالک مالک ہی ہے اور غلام غلام کوئی بندگی کے رتبے سے قدم باہر نہین رکھہ سکتا اور غلامی کے حد سے زیادہ نہین بڑھہ سکتا جیسا اسکی رحمت کے سبب ہر دم خوشی سے جھکتا ہے ویسا ہی اسکی ہیبت سے رات دن زہرہ پھٹتا ہے تیسری صورت یہہ ہے کہ چور پر چوری تو ثابت ہو گئی مگر وہ ہمیشہ کا چور نہین چوری کو اسنے کچھ اپنا پیشہ نہین ٹھہرایا مگر نفس کی شامت سے قصور ہو گیا سو اسپر شرمندہ ہے اور رات دن ڈرتا ہے اور بادشاہ کی آئین کو سر اور آنکھون پر رکھکر اپنے تئین تقصیروار سمجھتا ہے اور لائق سزا کے جانتا اور بادشاہ سے بھاگ کر کسی امیر وزیر کی پناہ نہین ڈھونڈھتا اور اسکے مقابلے مین کسیکی حمایت نہین جتاتا اور دمبدم اسکا منہہ دیکھہ رہا ہے کہ دیکھیے میرے حق مین کیا حکم فرماوے سو اسکا یہہ حال دیکھکر بادشاہ کے دل مین اسپر ترس آتا ہے مگر آئین بادشاہت کا خیال کرکے بے سبب درگذر نہین کرتا کہ کہین لوگون کے دلو مین اس آئین کی قدر گھٹ نجاوے سو اس مین کوئی امیر وزیر اسکی مرضی پاکر اس تقصیروار کی سفارش کرتا ہے اور وہ بادشاہ اس امیر کی عزت بڑھانیکو ظاہر مین اسکی سفارش کا نام کرکے اس چور کی تقصیر معاف کر دیتا ہے سو اس امیر نے اس چور کی سفارش اسلیے نہین کی کہ اسکا قرابتی ہے یا آشنا یا اسکی حمایت اسنے اٹھائی ہے بلکہ محض بادشاہ کی مرضی سمجھکر اسنے یہہ بات کی ہے کیونکہ وہ تو بادشاہ کا امیر ہے نہ چورون کا تھانگی جو چور کا حمایتی بنکر اسکی سفارش کرتا تو آپ ہی چور ہو جاتا اسکو شفاعت بالاذن کہتے ہین یعنے یہہ سفارش خود مالک کی پروانگی سے ہوتی ہے سو اللہ کی جناب پاک مین اسی طرح

کی سفارش ہو سکتی ہے اور جس نبی ولی کی شفاعت کا قرآن وحدیث میں مذکور ہے سو اسکے یہی معنے ہیں پس بندے کو چاہئے کہ ہر دم اللہ ہی کو پکارے اور
اسی سے ڈرتا رہے اور ہمیشہ اسکی التجا کرتا رہے اور اسیکو اپنا مالک بھی اور حمایتی بھی سمجھے اور جہاں تک خیال دوڑاوے اللہ کے سوائے اپنا کہیں بچاؤ نجانے اور کسی کی حمایت
پر بھروسا نکرے کیونکہ وہ خود بڑا غفور رحیم ہے سب کلیں اپنے ہی فضل سے کھول دیگا اور سب گناہ اپنی ہی رحمت سے بخشیگا اور جسکو چاہیگا وہ اپنے حکم سے اسکا شفیع
بناویگا غرض کہ جسطرح ہر حاجت اپنی اسکو سونپا چاہئے اسی طرح یہہ حاجت بھی اُسکے اختیار پر چھوڑ دیجئے جسکو وہ چاہے ہمارا شفیع کر دے نہ یہہ کہ کسیکی حمایت
پر بھروسا کیجئے اور اسکو اپنی حمایت کے واسطے پکارئیے اور اُسکو اپنا حمایتی سمجھکر اصل مالک کو بھول جائیے انتہی کہو اے ایماندارو ان عبارتوں میں انکار
شفاعت ہے یا اثبات شفاعت بالاذن ہے اور ایسے ہی اور دوسرے تفسیروں اور کتب عقائد وغیرہ سے بھی دیکھلو چنانچہ تفسیر خازن میں جو شیخ علامہ زین الدین
بغدادی سے ہے لکھا ہے قال تعالی من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ ای بامرہ وھذا استفہام انکار والمعنی لا یشفع عندہ احد الا بامرہ و
ارادتہ وذلک ان المشرکین زعموا ان الاصنام یشفعون لھم فاخبر انہ لا شفاعۃ لاحد عندہ الا ما استثناہ بقولہ الا باذنہ یرید بذلک
شفاعۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وشفاعۃ الانبیاء والملائکۃ وشفاعۃ المومنین بعضھم لبعض یعنے کہا اللہ تعالی من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ
یعنے حکم سے اللہ کے اور یہہ استفہام انکاری ہے معنی یہہ ہے کہ نہ شفاعت کریگا نزدیک اسکے کوئی شخص مگر حکم سے اُسکے اور ارادے سے اُسکے اور یہہ اسواسطے کہ
مشرکان لوگ کہ اپنے بتان شفاعت کرینگے پس خبر دیا اللہ تعالی کہ نہیں شفاعت کسیکی نزدیک اللہ کے مگر اذن سے اسکے اور ارادہ کیا اللہ تعالی اپنے قول
سے جو الا باذنہ ہے شفاعت کیتیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور انبیا کے اور ملایکے اور مومنین کے جو بعض بعضوں کے لیئے کرینگے۔ انتہی جب کہ الا باذنہ میں ہمارے
پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انبیا اور ملایک اور مومنین داخل ہوویں تو پھر پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذن ہو چکا کہنا کیونکر ہو سکیگا حضرت کو حکم ہو چکا
کہیں تو لازم آتا ہے کہ سبکو بھی حکم شفاعت ہو چکا ہو حالانکہ یہہ بات باتفاق غلط ہے اور صاحب تفسیر نیشاپوری بھی اسکا معنے بھی لکھے ہیں ویلزم منہ
ان یکون حکمہ جاریۃ فی الکل ولا یکون لغیرہ فی شیء من الاشیاء حکم الا باذنہ وامرہ وھو المراد بقولہ من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ
انتہی اور تفسیر کبیر میں جو امام فخر الدین رازی سے ہے لکھا ہے ان شفاعۃ الملائکۃ والانبیاء فی حق العصاۃ انما یکون باذن اللہ تعالی یعنے شفاعت
کرنا فرشتوں اور پیغمبروں کا گنہگاروں کے حقمیں نہوگا مگر حکم سے اللہ تعالی کے انتہی اور شیخ زین الدین بن علی المقری شاگرد ابن حجر مکی کے کتاب مرشد الطلاب
میں لکھے ہیں۔ واعلم انہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لا یشفع لجمیع عباد اللہ بل یشفع لمن اذن اللہ فی شفاعتہ یعنے جانیو کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
شفاعت نکرینگے اللہ تعالی کے تمام بندوں کے لئے بلکہ شفاعت کرینگے اسکے لئے کہ جسکے لئے شفاعت کا اذن اللہ تعالی نے دیا انتہی اور فرمایا اللہ تعالی لا یشفعون
الا لمن ارتضی وھم من خشیتہ مشفقون یعنے شفاعت نہیں کرینگے مگر اسکے حقمیں کہ مرضی اللہ تعالی کی اسکی شفاعت میں ہو حالانکہ شفاعت کرنیوالے خوف سے خدا کے ترساں ہونگے
اور فرمایا اللہ تعالی لن تنفع الشفاعۃ عندہ الا لمن اذن لہ یعنے ہرگز نہ نفع دیگی شفاعت کسیکی اللہ تعالی کے پاس مگر اسکے حقمیں کہ جسکے لئے اللہ
تعالی نے حکم دیا انتہی۔ قال صاحب تفسیر جامع البیان فی تفسیر قولہ تعالی قل للہ الشفاعۃ جمیعا الآیۃ ای ھو مالکھا لا یستطیع احد
ان یشفع الا باذنہ ولا تنفع الا لمن اذن لہ یعنے کہے صاحب تفسیر جامع البیان تفسیر میں آیہ قل للہ الشفاعۃ جمیعا کی یعنے اللہ ہی مالک شفاعت کا ہے نہیں
طاقت رکھتا ہے کوئی شفاعت کرنیکی مگر اذن سے اللہ تعالی کے اور نہیں نفع بخشیگی مگر اسکے حقمیں کہ جسکے واسطے خدای تعالی حکم دیا انتہی اور محمد ہاشم بن
عبد الغفور بن عبد الرحمن السندی التتوی الحنفی کتاب فرایض الاسلام میں لکھے ہیں ان شفاعۃ نبینا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسایر الانبیاء علیہم
الصلوات وشفاعۃ الاولیاء والعلماء والصلحاء بعد ان یاذن اللہ تعالی لھم حق یعنے تحقیق شفاعت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اور تمام انبیا
علیہم السلام کی اور اولیا اور علما اور صلحا کی حق ہے بعد اذن دینے اللہ تعالی کے ان سبھوں کو انتہی۔ اور امام نووی شرح صحیح مسلم میں لکھے ہیں قولہ صلے اللہ

علیہ وآلہ وسلم فیاتونی فاستاذن علی ربی فیوذن لی قال القاضی عیاض یحتمل معناہ فیوذن لی فی الشفاعۃ الموعود بہا والصفا قال عیاض
جاء فی حدیث انس وحدیث ابی ھریرۃ ابتداء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد سجودہ وحمدہ والاذن لہ فی الشفاعۃ بقولہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امتی امتی یعنے قول نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہی کہ پس آوینگے آدمیاں نزدیک میرے تو اذن چاہونگا مین اپنے پروردگار سے
پھر اذن دیا جاونگا مجھکو قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ اسکا معنے یہہ کہتے ہین کہ پس اذن دیا جاونگا مجھے شفاعت کا جو وعدہ کیا گیا تھا اُسکا اور پھر کہتے قاضی
عیاض کہ آیا ہی حدیث مین انس اور ابی ہریرہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعد سجدہ ہونے اور حمد کرنے اور اذن شفاعت پانے کے پہلا لفظ امتی
امتی فرماوینگے انتہی اور ملا جلال الدین دوانی شرح عقاید عضدیہ مین لکھتے ہین والشفاعۃ لدفع العذاب ورفع الدرجات حق لمن اذن لہ
الرحمن من الانبیاء والمؤمنین بعضہم لبعض یعنے حق ہی شفاعت کرنا عذاب کے دور کرنے اور درجون کے بلند کرنیکے لئے اُنکو کہ جنکو اذن دیگا رحمن یعنے
انبیا کو اور مومنونکو جو بعض کے لئے بعض کرینگے انتہی اور جامع صغیر کی شرح مین امام مناوی شرح مین حدیث شفاعتی لامتی کے لکھتے ہین والشفاعۃ انما ہی لمن
شاء اللہ شفاعتہ لہ من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعنے شفاعت نہین ہوگی مگر اسکے لئے کہ جسکی شفاعت اللہ تعالی چاہے کون ایسا ہے
کہ سفارش کرے اسکے پاس مگر اسکے حکم سے انتہی اور مواہب اللدنیہ کے چھٹوین مقصد کے پانچوین نوع کے دوسرے فصل مین لکھا ہی ثم وعدہ بما یقر بہ
عینہ وتفرح بہ نفسہ وینشرح بہ صدرہ وھو انہ یعطیہ فیرضی وھذا یعم ما یعطیہ من القرآن والھدی والنصر والظفر باعدائہ
یوم بدر وفتح مکۃ ودخول الناس فی الدین افواجا والغلبۃ علی بنی قریظۃ والنضیر وبث عساکرہ وسرایاہ فی بلاد العرب وما فتح علی
خلفاء الراشدین فی اقطار الارض من المداین وما قذف فی قلوب اعدائہ من الرعب ونشر الدعوۃ ورفع ذکرہ واعلاء کلمتہ و
وما یعطیہ بعد مماتہ وما یعطیہ فی موقف القیامۃ من الشفاعۃ والمقام المحمود وما یعطیہ فی الجنۃ من الوسیلۃ والدرجۃ الرفیعۃ والکوثر وقال
ابن عباس یعطیہ الف قصر من لؤلؤ ابیض ترابہا المسک وفیہا ما یلیق بہا وبالجملۃ فقد دلت ھذہ الآیۃ علی انہ تعالی یعطیہ کلما یرضیہ صحہ
واما ما یغتر بہ الجہال من انہ لا یرضی وواحد من امتہ فی النار او لا یرضی ان یدخل احد من امتہ النار فھو من غرور الشیطان لہم ولعبہ بہم
فانہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یرضی بما یرضی بہ ربہ تبارک وتعالی وھو سبحانہ یدخل النار من یستحقہا من الکفار والعصاۃ ثم یحد
لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حدا یشفع فیہم ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعرف بہ وبحقہ من ان یقول
لا ارضی ان یدخل احد من امتی النار او یدعہ فیہا بل ربہ تبارک وتعالی یاذن لہ فی الشفاعۃ فیشفع فیمن شاء اللہ ان یشفع فیہ
ولا یشفع فی غیر من اذن لہ ورضیہ یعنے اللہ تعالی جو وعدہ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اُس چیز کا جو خنک ہووے اُس سے آنکھ حضرت
کے اور خوش ہووے اُس سے جان حضرت کا اور کشادہ ہووے اُس سے سینہ حضرت کا سو وہ یہہ ہی کہ عطا کریگا حضرت کو ایسی چیزان جو حضرت راضی ہوجاوینگے
اور وہ وعدہ عام ہی عطا کرنے سے قرآن اور ہدایت کے اور فتح ونصرت دینے سے اعدا پر روز بدر کے اور فتح مکہ کے اور فوج فوج دین مین داخل ہونے سے
لوگون کے اور بنی قریظہ اور نضیر پر غلبہ دینے سے اور پھیلانے سے لشکران اور ٹکڑیاں اُنکے بلاد عرب مین اور فتح پانے سے خلفائے راشدین کے روے زمین کے
شہرون پر اور ڈالنے سے رعب کے دلون پر اُنکے دشمنون کے اور دعوت اسلام کی پھیلنے سے اور ترقی پانے سے ذکر آنحضرت کے اور چرچا پانے سے کلمے آنحضرت
کے اور عام ہی اُس چیز سے جو عطا کرے بعد رحلت حضرت کے اور قیامت مین شفاعت اور مقام محمود سے اور اُس چیز سے جو عطا کرے جنت مین وسیلہ اور درجہ
اور کوثر اور ابن عباس کہتے ہین اللہ تعالی اُنکو ہزار محل دیگا سفید موتی کے اور اسکی مٹی مشک ہی اور اس مین وہ چیز ہی جو لایق اُسکے ہی الغرض
گھران والے ہم بھی اگر خدا چاہے تو تم سے ملنے والے ہین ہم اپنے اور تمھارے لئے اللہ سے عافیت مانگتے ہین اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہی سیدھا رستہ تھا کہ قبرون کی زیارت کے وقت جو کچھ دعا اور استغفار اور رحمت کہ نماز جنازے مین فرمایا کرتے تھے اسی قسم سے فرماتے پھر حضرت کی چال کے خلاف مشرکان میت ہی کو پکارنا اور اُسکو اللہ کا شریک ٹھہرانا اور اُس میت کی قسم اللہ کو دینا اور اُس سے مراد و مدد مانگنا اور متوجہ ہونا اُسکی طرف اپنے کامون کے لئے اختیار کر لئے برعکس طریق رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کیونکہ حضرت کی راہ توحید ہی اور بھلائی چاہنا میت کے حق مین اور اُن لوگون کی راہ شرک کی راہ ہی اور برائی کرنا اپنے جانون کے ساتھ اور میت کے اور وے لوگ تین قسم کے ہین یا میت کو پکارتے یا اُسکی بدولت مانگتے یا اس سے قریب دعا مانگتے اور اعتقاد رکھتے ہین کہ یہہ دعا مانگنا مسجدون مین دعا مانگنے سے بھی زیادہ ضرور اور بہتر ہی پھر جو کوئی رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چال اور اُنکے اصحاب کے چلن پر چلیگا سو اُسکو اُن دونون کامون مین جو فرق ہی سو معلوم ہو جائیگا اللہ توفیق دیوے

فصل ولم یکن من ھدیہ صلی اللہ علیہ وسلم تعلیۃ القبور ولا بناؤھا بآجر ولا بحجر ولبن ولا تشییدھا ولا تطیینھا ولا بناء القباب علیھا فکل ھذہ بدعۃ مکروھۃ مخالفۃ لھدیہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد بعث علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان لا یدع تمثالا الا طمسہ ولا قبرا مشرفا الا سواہ فسنتہ صلی اللہ علیہ وسلم تسویۃ ھذہ القبور المشرفۃ کلھا ونھی ان یجصص القبر وان یبنی علیہ وان یکتب علیہ وکانت قبور اصحابہ لا مشرفۃ ولا لاطئۃ وھکذا کان قبرہ الکریم وقبر صاحبیہ صلی اللہ علیہ وسلم مسنم مسطوح ببطحاء العرصۃ الحمراء لا مبنی ولا مطین ھکذا کان قبر صاحبیہ وکان یعلم من یرید تعرف قبرہ بصخرۃ

یعنی اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ قبر کو اونچی کرنیکا نتھا اور اسکو کچی یا پکّی اینٹ اور پتھر سے باندھنیکا نہ اسکو بلند بنوانے کا نہ اسکو گلابہ کرنیکا نہ اسپر گنبد بنانیکا پس یہ سب کردہ بدعتان اور حضرت کی راہ کے خلاف ہین اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم علی ابن طالب رضی اللہ عنہ کو بھیجے تھے کہ کسی تصویر اور پتلے کو مٹائے بن نچھوڑین اور کسی اونچی قبر کو برابر کئے بغیر چھوڑین پس حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت تو اُن سب اونچی قبرون کو برابر کر دینا ہی اور منع فرمائے ہین قبر کو گچ کرنے سے اور اُسپر مکان بنانے سے اور اُسپر لکھنے سے اور صحابہ کی قبران نہ اونچے تھے نہ زمین کے برابر اور اسیطرح حضرت کی قبر کریم اور اُنکے دونو یاران رضی اللہ عنہما کی قبران اور حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر شتہ دار تھی صحن کی لال باریک بالو کنکر کی بنی ہوئی تھی پختہ بنائی ہوئی نہ گلابہ کی ہوئی اور اسیطرح حضرت کے دونو صحابیون کے قبران اور حضرت جسکی قبر کی پہچانت رہنا چاہتے تھے تو کوئی پتھر سے نشان رکھ دیتے

فصل ونھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عن اتخاذ القبور مساجد وایقاد السرج علیھا واشتد نھیہ فی ذلک حتی لعن فاعلہ ونھی عن الصلوۃ الی القبور ونھی امتہ ان یتخذ وا قبرہ عیدا ولعن زوارات القبور وکان ھدیہ ان لا تھان القبور وتوطأ وان لا یجلس علیھا ویتکأ علیھا ولا تعظم حتی تتخذ مساجد فیصلے عندھا والیھا وتتخذ اعیادا

اور بت نا بنانا یعنی منع لئے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قبرون کو مسجدان ٹھہرانیسے اور اُنپر چراغان لگانے سے اور اس بات مین آپکی تاکید بڑی ہی یہانتک کہ لعنت کئے ہین اسکے کرنیوالے پر اور منع فرمائے ہین قبرونکی طرف نماز کرنے سے اور اپنی امت کو منع کئے ہین اپنی قبر کو عید بنانے سے اور لعنت کئے قبرونکی زیارت کرنیوالی عورتون کو اور حضرت کی سیدھی راہ تھی کہ نہ قبرونکی اہانت ہونا اور نہ قبران کھند لے جانا اور نہ اُنپر بیٹھنا اور نہ اُنپر تکیہ کرنا اور نہ اُنکی بڑائی کرنا یہانتک کہ مسجدان ٹھہراکے نماز کئی جاوے اُنکے نزدیک یا اُنکی طرف یا عیدان اور تہبان ٹھہرائے جاوین انتھی دیکھئے کہ شیخ ابن حجر مکی کیا لکھے ہین اور امام العلام ابن قیم کیا کچھ بیان کئے ہین بلکہ مشہدان گنبدان کو جو بتون کے سریکھے ٹھہرائے گئے اور پوجے جاتے ہین اللہ کے سوائے اُنکو توڑ ڈالنیکے قدرت کسیکو رہتے ہوئے ایک دن بھی باقی رکھنا جائز نہین کر کے لکھے ہین ظاہری ہے بیچارہ مولانا اسمعیل شہید ایسا بھی نہین لکھا ہی پھر جب اس شہید کو کافر ٹھہرائے ہین تو اس امام اجل کو بطریق اولی کافر کہینگے معاذ اللہ اور اُسی کتاب مین لکھا ہی

من ظن ان له تعالی ولدا او شریکا او ان احدا یشفع عنده بدون اذنه او ان بینه و بین خلقه وسایط یرفعون حوائجهم الیه او انه

نصب لعباده اولیاء من دونه یتقربون بهم الیه ویتوسلون بهم الیه ویجعلونهم وسایط بینهم فیدعوهم ویخافونهم ویرجونهم

منهم فقد ظن به اقبح الظن واسواه یعنی جو شخص گمان کیا ہو کہ اللہ تعالی کو فرزند ہی یا شریک یا کوئی سفارش کرتا ہی اللہ کے پاس بے پروانگی

اسکے اور گمان کرے کہ تحقیق اسکے اور اسکے خلق کے درمیان واسطے ہین جو خلق اللہ کی حاجتونکو اسکے جناب مین پہنچاتے ہین یا یہہ کہ ٹھہرا لیا ہے

اپنے بندون کے لئے یاران اور مددگاران اپنے سوائے جو ان کے سبب سے اپنی نزدیکی طلب کرین اور انکو اپنے پاس وسیلہ کرین اور انکو خدا کے اور

اپنے درمیان واسطہ ٹھہرا کے پکارا کرین اور انکے ڈرا کرین اور امید رکھا کرین سو اس شخص نے برا بدگمان کیا اللہ پر اور اسی کتاب مین لکھا

ہے من ظن به تعالی انه اذا عصاه او اسخطه ثم اتخذ من دونه ولیا ودعا من دونه ملکا او بشرا او حیا او میتا یرجو بذلک ان ینفعه

عند ربه ویخلصه من عذابه فقد ظن به تعالی ظن السوء وذلک زیادة فی بعده من الله تعالی وفی عذابه یعنی جس نے

اللہ تعالی پر گمان رکھا کہ آپ جب اسکا کہا نہ کرے یا اسکو ناخوش کرے بعد از اللہ کے سوائے دوسرے کو مددگار ٹھہرایا اور پکارا اللہ کے سوائے

دوسرے کو فرشتہ ہو یا آدمی اس امید سے کہ اپنے کو فائدہ پہنچاوینگے اللہ کنے اور چھڑا دینگے اپنے کو اللہ کے عذاب سے پس مقرر وہ شخص بدگمانی

زیادہ دور کرتی ہی اللہ سے اور زیادہ کرتی ہی عذاب کو انتہی کیون یار و اس عبارت کے رو سے بھی شاید امام العلامہ ابن قیم کو بیتامل کافر

کافر کہہ دینگے کیونکہ اس زمانے کے جھوٹے دینداروں کا تو فخر یہی ہے کہ جو شخص موافق حکم خدا و رسول کے کچھ لکھا یا کہا تو اسکو کافر کہہ دیا اور

اسلمی سفینة النجات مین دو سو چھتیرین صفحے کے درمیان لکھا ہے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ میفرماید کہ کشیدہ شود جہنم بہفتاد ہزار زمام

و ہر زمام بدست ہفتاد ہزار فرشتہ باشد بجا ایکہ آواز خشمناکی بسیار از و شنیدہ شود و آواز ہولناک کہ ہیچ فرشتہ مقرب و ہیچ پیغمبر

مرسل و قتیکہ آن آواز از شنود باقی نماند مگر آنکہ بروی خود افتد از جہت تضرع و طلب سلامت و نجات از ان اور اسی صفحے کے آخر مین لکھا ہے یعنی

وقتیکہ بہ بیند دوزخ کفار را از جاے دور کہ مسافت یک صد سال یا پانصد سال باشد بشنوند اہل عرصات مراد آواز غلیان آتش از شدت غضب

چون خشمناکی کہ در سینہ اش خشم بجوشد و آوازی برہیبت کہ دل مقربان از ان بلرزد و بر روی خود خواہند افتاد از جہت التجا و تضرع و زاری و در

حدیث صحیح وارد است کہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم در یک مجلس ہفتاد بار اللہم اجرنی من النار میفرمودند و حال آنکہ امام المقربین و سید المعصومین بودند

مراد از ان یا تعلیم و تخویف امت است یا اظہار اہانت نفس خود از نظر بعظمت و جلال باری سبحانہ کہ ہر چہ کند پرسیدہ نشود و از آنکہ لا یسئل عما یفعل

شان او است پس معصوم و غیر او در نظر این شان یکسانند و از ین جہت است کہ مقربان پناہ از دوزخ ہمیشہ بجد ابتہالی می برند و از و سلامت میخواستند

این ست حال مقربان انتہی دیکھئے انبیا و مرسل جو قیامت کے دن سب کے شفیع ہونگے سو انکو دوزخ کے ڈر سے اوندھے منہہ گرینگے کر کے

لکھا ہے حالانکہ کسی بزرگ نے ایسا نہین لکھا اور سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین ؎ دران روز کز فعل پرسند و قول ٭ اولو العزم را تن بلرزد

ز ہول ٭ ؎ گر بمحشر خطاب قہر کند ٭ انبیا را چہ جای معذرت ست ٭ اور حضرت مولانا شاہ مراد اللہ سنبھلی قدس سرہ تفسیر میں غاشیہ

کے لکھے ہین کہ غاشیہ کو عربی مین کہتے ہین جو چیز ڈھانپنے والی ہے کسی چیز کا قیامت بھی اپنے ہول مین سب کو اول و آخر کے لوگون کو ڈھانپ

لیویگا اسکی ہیبت سب خلق کے اوپر پڑیگی چھوٹا بڑا اسکی ہیبت سے بچ رہیگا نہین سبکو بیہوش کر دیویگا اپنے ہول و ہیبت مین سب بے

ہوش ہو اسکو چھپا لیویگا اس سبب قیامت کا نام غاشیہ رکھا ہے انتہی پس معلوم نہین کہ ان بیانون سے تنقیص شان انبیا و مرسل سمجھکر

اسلمی وسعدی ... انکو کافر کہتے ہین یا فقط تنظیم شان حق سبحانہ جلشانہ کا جانتے ہین اللہ تعالی توفیق خیر نصیب فرماوے

اور مولانا شاہ عبدالعزیز محدث قدس سرہ سورۂ بقرہ کی تفسیر کے ایک سو چوالیسویں صفحہ میں لکھے ہیں دریں جا باید دانست کہ چنانچہ عبادت غیر
خدا مطلقا شرک و کفرست اطاعت غیر او تعالیٰ نیز بالاستقلال کفرست معنی اطاعت غیر بالاستقلال آنست کہ او را مبلغ احکام او ندانستہ ربقۂ طاعت
او در گردن اندازد و تقلید او لازم شمارد و باوجود ظہور مخالفت حکم او با حکم او تعالیٰ دست از اتباع او برندارد و این ہم نوعی ست از اتخاذ انداد
کہ در آیۂ اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ والمسیح ابن مریم بگوش آن فرمودہ اند انتہی اور اسی کتاب کے پانسو انیاسی
صفحہ سے اسی تک مرقوم ہے بالجملہ محبت بندہ را با خدای خود از قبیل محبتہائیکہ مبنی بر غرضی و تصور نفعی و ضرری و توقع حصول مشتہیات باید فہمید و در تاویل
ظواہر آیات و احادیث قدم نباید نہاد و لہذا در معرض عتاب ارشاد شدہ کہ یحبونہم کحب اللہ زیرا کہ محبت مخلوقات رنگی دیگر دارد و محبت خالق رنگی دیگر بلکہ اگر
از حال محبت کسانیکہ مخلوقات را ہمتای خدا میسازند و در محبت با او برابر میکنند نیک لشکافتیم البتہ آن محبت ایشان را مبنی بر خیال انتفاعی و استمدادی در وقت
حاجت خواہیم یافت اگرچہ قابل این محبت ہم ذات پاک حضرت حی لا یموت است نہ مخلوقات لیکن این گروہ را غشاوہ حجابی بر بصر بصیرت مستحکم گشتہ در غیر او تعالیٰ
توقع امداد معتقد میشوند و او تعالیٰ را حلیم و بردبار می فہمند و از غیرت او و شدت عقوبت او نمی ترسند ولو یری یعنی و اگر ببینند الذین ظلموا یعنی کسانیکہ
ستم میکنند بگرفتن ہمتایان برای خدا و برابر ساختن آنہا با او در بندگی و قربانی و عبادت و طاعت و محبت اذ یرون العذاب یعنی وقتیکہ می بینند عذاب الہی
را در دنیا با آمدن مصیبتی یا حدوث مرضی یا غلبۂ فقری و در آنوقت متوقع امداد آن چیزہا می باشند کہ بکار نمی آیند و از این عذاب مارا خلاص کنند و بر حسب توقع ایشان
واقع نمیشود ان القوۃ للہ جمیعا یعنی این مضمون را کہ قدرت و قوت محض برای خدا است در جمیع امور ہیچ چیز از مال و فرزند و یار و دوست و بادشاہ و امیر
و پیغمبر و پیر و فرشتہ و پری بدون حکم او مدد نمی توانند کرد و اگر بالفرض آنہا را قوتی ہم می بود برابر ساختن آنہا با خدا ہرگز روا نبود زیرا کہ خدا تعالیٰ غیور
است از برابر کردن مخلوق او با او در غضب میآید و ان اللہ شدید العذاب یعنی و آنکہ خدا سخت است عقوبت او و البتہ از ہمتایان خود دست بردار
می شدند بلکہ بیزار میگشتند لیکن اینہا در آنوقت ہم این ہر دو مضمون را نمی بینند بلکہ عذاب الہی را بر ناخوشی ہمتایان و خشم نمائی آنہا بر قصوری کہ در ادای
نذر و قربانی و طاعت و عبادت و محبت آنہا کردہ اند حمل می نمایند و زیادہ تر در رضا و چاپلوسی آنہا میکوشند آری وقتی خواہند دانست کہ ایشان را فائدہ
نخواہد کرد اذ تبرأ الذین اتبعوا یعنی وقتیکہ بیزار خواہند گشت کسانیکہ متبوع شدہ بودند و بفرمودۂ آنہا مردم ہمتایان برای خدا گرفتہ مانند پیشوایان
گمراہی در ادیان و حکام بیدین و شیاطین دستور انداز زندہ من الذین اتبعوا یعنی از آن مردم کہ تابع ایشان شدند و بکفر افتادہ بودند و ایشان در دنیا برای
گرم بازاری خود وعدہای باطل بمردم میدادند و میگفتند کہ اگر در حضرت شما را ضرری رسد ذمہ ماست در آنوقت پہلوتہی خواہند کرد و خواہند گفت کہ ما از ایشان
واقف نیستیم و ایشان را باین کفر مشورہ ندادیم تا تحمل پارۂ از عذاب ایشان لازم نیاید لیکن این پہلوتہی کردن و تبرا خواندن آنہا را ہم فائدہ نخواہد کرد
زیرا کہ حق تعالیٰ علام الغیوب است بر ضلال و گمراہ کردن ایشان مطلع است ایشان را مہمل نخواہد گذاشت بلکہ سزای خود خواہند یافت و رأوا العذاب
یعنی و ببینند عذاب را از جہت اضلال و گمراہ کردن خلایق نیز و تقطعت بہم الاسباب یعنی و گسستہ شود در حق ایشان ہمہ اسباب خلاص چہ تابعیت
و متبوعیت و چہ قرابت و دوستی و چہ انکار و تبرا و گریز و چہ عہود و مواثیق بر تناصر و تعاون کہ در دنیا باہم بستہ بودند و چون تابعان و پیروان خواہند دید کہ
معبودان ما از مددگاری ما پہلوتہی کردند در آنوقت خواہند دانست کہ گرفتن ہمتایان محض خطا بود و قدرت و قوت محض برای خدا ست در ہر چیز و الا معبودان
ما آن ہمتایان مدد میکردند و اینہا از ما گریز نمیکردند و نیز خواہند دانست کہ حق تعالیٰ ہر چند حلیم و بردبار است اما غیور است از شدت غیرت او شدت عتاب
او است کہ معبودان ما این مرتبہ از آن ہراسان شدہ خود را از ما کنارہ میکشند لیکن دانستن این ہر دو مضمون در آن وقت ہیچ سود نخواہد داد ناچار در
تاسف خواہند گذرید انتہی ای یارو ان آیتوں اور تفسیر کے مضمون کو خوب سوچو اور کسیکے دھوکے میں مت پڑو اور دیکھو یہ حوال بعینہ اس زمانے

کے بدعتی مولویون اور مشایخون کا ہی کہ قطع نظر ولیسے اعتقاد ان رکھنے کے ظواہر آیات و احادیث مین تاویلات کرتے ہین اور سید واعظ کے
کے مریدون کو ترغیب فسخ بیعت کی دیکے کہتے ہین کہ اسکا عذاب کچھ ہو تو ہماری گردن پر ہی افسوس ایسے حمّال عصیان کے نیچے کیا بیجا نقطہ لگ گیا
سو یہ عکس شدہ سہت نام نکی کافور ہٗ اور اپنے مریدونکو شرک کفر کے کامونمین پھنسا کے کہتے ہین کہ ہم دنیا اور آخرت مین تمھارے
مددگار ہونگے اور بچاوینگے چنانچہ اسی سید وکھمنڈ پر اکثر جاہلان نافہم ان گمراہون کے فریب مین آ جاتے ہین لیکن آخر دے دونو گروہ بڑے عذاب مین
گرفتار ہو جاوینگے اور تبارک کے سیپارے کی تفسیر کے دوسو پہلے صفحہ مین لکھے ہین چنانچہ در حدیث شریف وارد است کہ لا یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل
حتی احببتہ فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بی و بصرہ الذی یبصر بی و یدہ اللتی یبطش بہا و رجلہ اللتی یمشی بہا لیکن این
طریق تقرب خاص ذات او تعالی است اگر کسی خواہد کہ باین طریق بیکی از مخلوقات تقرب پیدا کند ممکن متصور نیست و سببش آنست کہ درین نوع تقرب
متقرب الیہ را دو چیز میباید اول احاطۂ علمی باذکار قلبیہ و لسانیہ ذاکر باشد باوصف تخالف الکنہ و ازمنہ و مدارک و السنہ تا ذکر قلبی و لسانی ہر ذاکر را
معلوم کند دوم قوت نزدیک شدن و در مدرک او در آمدن و آن را پر کردن و حکم صفت او پیدا کردن کہ در عرف شرع آن را نو قدلی و نزول و قرب
خوانند و این ہر دو صفت خاصۂ ذات پاک او تعالی است ہیچ مخلوق را حاصل نیست آری بعضے کفرہ در حق بعضے از معبودان خود و بعضے پیر پرستان
از زمرۂ مسلمین در حق پیران خود امر اول را ثابت میکنند و در وقت احتیاج ہمین اعتقاد با آنہا استعانت میجویند الا ماہر دو نمیباشد و در حقیقت در آنجا
واقع شدہ اند کہ بیان آن اشتباہ درین مقام اجنبی است انتہی کیون ایماندار واب تو تمھارے رو برو صاف کھلگیا اور دلونکا شبہ نکل گیا کہ ان رسالون
مین ہین سو تمام اگلے مجتہدونکے تفاسیر مین اور احادیث کے شروح اور کتب فقہ و صوفیہ کرام مین بھی مرقوم ہین تو گویا یہ رسالے انکے ترجمے ہوئے اسی لیے
ہندوستان کے عالمان جو کتب تفسیر اور احادیث اور فقہ وغیرہ سے خوب واقف تھے تقویۃ الایمان کی صحت پر فتوی اپنے مہرون اور دستخطون
سے لکھکر نکالے ہیں بھیجوائے اور حقیقت مین وہی عالم ہین کہ ان سب کتب دینی کو خوب جانتے ہین سو علم دین فقہ ہست تفسیر و حدیث ہر کہ
خواند غیر ازین گردد خبیث ہٗ کہ منطق و حکمت اور چند کتب فقہ پڑھکر بڑے عالم کہلا تاویلات کیا کرین اور منقولات مین معقولات کو دخل دین اور تصورات
و تصدیقات جانین آخر انکے صغرٰی کبرٰی کا نتیجہ بربادی عقیدت اور خرابی آخرت ہی ہے جیسے ناعاقبت اندیشان جو ان رسالون کو مردود اور
انکے مضمون اور معتقدونکو کافر ٹھہرا کر اپنے فعل سے آپ کفر مین پڑے بلکہ اشد کفر مین کیونکہ حقیقت مین گویا ان سب تفسیرونکو اور احادیث و فقہ
اور صوفیہ کی کتابونکو مردود کر گئے معاذ اللہ دے تمام ائمۂ ظاہر و باطن کو بھی کافر ٹھہرا چکے اور یقین ہی کہ اپنے کیے کی پاس سے ہر بات مین آیندہ بھی تاویلات
کرینگے پر آخر بجز وقوت انکی فضیحتی و رسوائی روز افزون ہو گی غرض یہ گرفتاری انکی دو حال سے خالی نہین یا تو ان سب کتابونکی باتون کو
جان بوجھکے بعضے ظاہر الفاظ کو ان رسالون کے جاہلوں کو فریب دینے کے لیے خاطر خواہ دام بنا کر اپنی عداوت و حسد دلی خوب ظاہر کر گئے ہین
اس صورت مین تو بڑے بیدین اور جھوٹے ہو گئے یا حقیقت مین بخت سے علم تفسیر حدیث اور فقہ و تصوف کے یا اسکی فہم کے بے نصیب تھے اس
حال مین تو وے سب جاہل اور کور سواد ہین ایسی دونون صورت سے انھونکا کہا اور لکھا ایماندارون اور شہر مندون کے پاس لوچ و مہمل ہے اور شرع مین
بیدین عالمون اور جاہلون کے قول و فعل کا اعتبار کرنا درست نہین بلکہ انکے شر سے ڈرنا چاہیے چنانچہ شیخ عبد الحق دہلوی کتاب زاد العباد آ الفصیحہ مین
لکھے ہین دوم تعظیم علما و تصدیق ایشان واجب است در آنچہ موافق دین نقل کنند و تمسک بکتاب و سنت نمایند نہ در آنچہ مخالف دین گویند و بہوای نفس محبت
دنیا حیلہ آموزی و فتنہ اندوزی نمایند در حدیث آمدہ است العلماء ورثۃ الانبیاء ما لم یمیلوا الی الدنیا و یدخلوا السلاطین فاذا مالوا الی الدنیا
و دخلوا السلاطین فاحذروہم فانہم لصوص الدین فرمود علما وارثان پیغمبر انند کہ علم دین باایشان بوراثت از پیغمبران رسیدہ است و خود دنیا را

جز این میراثی نبود تا دفتنیکه مین بدنیا نکنند در میان سلاطین نه درآیند و چون چنین کنند بتر سید از شر الشیان که ایشان دزدان دین اند نسال الله العافیه و مراد مبین د سبا و مداخلت سلاطین آنست که دین بدنیا بفروشند و مداهنت نمایند و فتوی ناحق دهند و اگر ترویج دین نمایند نمایند و باعث امداد و اعانت مسلمانان و تقویت دین حق شوند آن خودکاری سکرف و شانی بزرگ است و بالله التوفیق انتہی اور شیخ ابن حجر مکی خیرات الحسان مین مناقب نعمان کے لکھے ہین عن عباس اسمعوا کلام العلماء ولا تصدقوا بعضهم فی بعض فوالذی نفسی بیده انهم اشد تغایرا من التیوس فی زرابیها ومن ثم ذکر فی المبسوط من مذهب مالک انه لا یجوز شهادة القاری علی القاری یعنی العلماء لانهم اشد الناس حسدا و تباغضا یعنے روایت ہے ابن عباس سے کہ سنو عالمونکی بات کو اور باور مت کرو اسکو جو ایک دوسرے کے حقمین کہتے ہین قسم اسکی جو میری جان اسکے ہاتھ مین ہے تحقیق کہ وے رشک رکھتے ہین چھیلون سے زیادہ اپنے ہتی کی جگہہ مین اور پھر ذکر کیا مبسوط مین مالک کے مذہب سے نہین جایز ہے گواہی قاری کی قاری پر یعنے عالمونکی گواہی کیونکہ وے بڑے سخت ہین حسد مین اور بغض مین انتہی اور اس فرقہ نوابیہ کے اشتہار نامہ مذکور پر مہران اور دستخط کئے سو لوگونمین سے چھ سات نام کے عالمان ہین سو انمین بھی بعضے تو فتنہ کی جڑ اور بانی فساد ہین اور بعضے تو نوکری کے ڈر سے اور بعضے تو بڑے جوڑ دعوت کی موقوفی کے خوف سے اور بعضے اپنی تکفیر کے اندیشے سے مہر کر دئیے ہین اور باقی سب مہران بعضے نامو جاہل اور بدعتی مشایخ کے ہین کہ جنکو ہندی کتابون تک پڑھنے اور سمجھنے کا پورا حوصلہ نہین اور ایک مدت سے رات دن اسی گھات مین اور اسی بات کی تدبیر مین لگ رہے تھے اور اس بات کو اپنا بڑا فخر جانتے کہ ہم بھی جھوٹ مولویون مین مفت داخل ہو گئے اور از عناد و حسد کا بڑا بھید یا ئے طرفہ یہ ہی کہ ایک وہ زمانہ تھا کہ سلطنت پناہ دھیریا حضرت بادشاہ سید احمد صاحب کو خواب مین دیکھ کے ایک قصیدہ بڑی دھوم دھام کا انکی شان مین لکھکر پڑھتا پھرتا تھا اب ایک روز یہہ ہوا کہ سید واعظ کی بیعت شرعی کے باغ کو سرسبز و بار آور دیکھنے سے اور اپنی بدعتی پیری مریدی کی کھیتی شادی یعنے خشک ہو جانیکے سبب سے اپنی سیادت کی مہر جو نظام الدین احمد خان ناظم صوبہ ارکات کی بدیانتی تر و اگئی تھی سو اسکو سید احمد صاحب اور سید واعظ وغیرہ کی تکفیر پر ثبت کر کے اپنی سیادت مشہور کر لیا اگر اسکو حسرت بادشاہ پکارے تو کیا گناہ بھلا ایسے مجموعہ کینہ و پیمانہ دینیہ کو سوا نادانون کے کون دانا جمہور کہیگا اے یاروان مولویون کے شیوہ اطوار مذکورہ کے سوا آپ فرقہ انھون کے دوسرے کچھ اعمال حسنہ اور اوصاف حمیدہ بھی کان لگا کر سن لیجئے کہ فرقہ نوابیہ کے مجتہد اول قاضی ہزہا کے جہنڈے کھڑے ہو محرم مین لنگر کھینچے جاتی گویا ہو ی خاندان مین کہین بڑی جنگہہ ہو تو پر لگا جاتا اور بانگ دیگر اپنا میراثی رسوم لیتا اور پگڑی بندھائی مین بھی شاید کچھ حصہ پاتا اور شادی بیاہ مین تورن باندھنا موز کے چھاتہ کھڑ کرنا مالن درزی آگے ریت رسم کرنا دھلیز گھر کو کنگن باندھنا ڈھول دھرانا وغیرہ تمام رسمان ہنود کے اسکے گھر تو یہان تک کہ اپنے دست مبارک سے سہرا باندھتا اگرچہ دولھا مولوی ہو چنانچہ حسن علی مفتی صدر کوٹ طوعا و کرہا سہرا باندھنے راضی تھے تو اسنے با صرار تمام اپنے دست قضا دا نے سہرا باندھا اور خاندانیان اپنی شادی بیاہ کے ہندی رسمون کے مسئلون مین کچھ شک و شبہ لا کر پاچھول جا کر اس سے فتوا چاہے تو ان رسمونکی پوتی پڑھمن سر یکا کھولکر فتوی لکھ دیتا لیکن دو نگول کے مسلمانان اللہ تعالی کی توفیق سے بدعتی رسمونکو ترک کر شادی شرعی کرنے اور بیوونکو نکاح کر دینے لئے آپسمین عہد و پیمان کرو کے اس سے استفتا کئے تو اس استفتا کو خلاف شرع جانکر پھینک دیا اور بولا لوگون کے نسب لگا رہا جاتے ہین یارو غور کیجئے یہانتک کہان سے کہان تک پہنچتی ہے نعوذ باللہ منہا سبحان اللہ قاضی کو ایسا ہی لازم ہی ؎ چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی ؛ غرض وے شرفا قاضی ہانیل کو ثانی ابو جہل جانکے جو اپنے کام کر نیکے تھے کر گذرے یعنے بیوونکو نکاح اور شادی بیاہ ترک رسوم بدعت کے ساتھ کر رہے اور از روے اس حدیث شریف کے عن علی رفعہ من احیی سنة من سنتی امیتت بعدی فقد احبنی ومن احبنی کان معی یعنے علی کرم اللہ وجہہ روایت کئے کہ فرمائے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم جو شخص میرے بعد میری موئی ہوئی سنتون مین سے کسی سنت کو جلایا سو مجھے دوست رکھا اور جو مجھے دوست رکھا سو میرے ساتھ

۴۲ نواب کے اشتہار نامہ پر مہر و دستخط کئے سو علما سے ... فرقہ نوابیہ کا مجتہد اور قاضی ہزہا کے اعمال حسنہ اور اوصاف حمیدہ کا بیان

ہی معمول رسول الثقلین ہوے اور قاضی جی سنت رسول کو مردود کرنیکا فتوی دیکے مردود الدارین بنگئے اور سوائے اسکے کالج کے امتحان مین یا خدمت افتا ملنیکے زمان
مین اپنی برادری والون اور آشنا اُن کے پاس سے نمبر کی تقدیم و تاخیر کر دیتا اور مستحق کو غیر مستحق بنا دیتا اور سابق مین مولوی محمد میر صاحب قراتی مولوی
شجاع الدین صاحب کے ساجے کے طور پر تریا تور دانم باڑی طرف جا نکلے تھے تو وہان نصیحت المسلمین کا وعظ بولنے لگے اللہ تعالے کے فضل سے بہت سے لوگ انکے
ہاتھ پر بیعت کرکے اپنی قدیم شرک بدعت کی چالونکو چھوڑنے لگے یہہ خواجہ بادشاہ حق نما حقیقت مین باطل نما اپنی شیخی کی بیرونقی دیکھ مارے حسد کے کچھ تہمتین مولوی
محمد میر صاحب پر لگا ایک خط خاطر خواہ مضمون کا لکھا ہے کسی قرابت دار کی معرفت سے اسلی کے یہان مدراس کو بھیجا تو یہہ جاہل بے تامل ایک فتوی مولوی
محمد میر کی تکفیر پر لکھا قاضی ہا زبل اُسپر اپنا مُہر کر دیا اور اپنے دونون مفتیون کے بھی مُہران کروا دیا اور وہ فتوی خواجہ حمید کے ہاتھ سے ویلور کو
بھیجا گیا مولوی محمد میر صاحب اس بلا نا گہانی سے بچنے اپنے تئین مدراس کو پہنچائے تو پھر قاضی ہازبل اور اُسکے تابعین اُن سے ملاقات کر عذر و معذرت
کئے معاذ اللہ عذر گناہ بتر از گناہ غرض نصیحت المسلمین چھاپی کی منگوا مطالعہ کر اسکی صحت پر مُہر کر دیا اور رقعہ بھی لکھ بھیجا بدستور اُسکے دونو
تابعین چنانچہ یہہ حوال آگے مذکور ہو چکا ہی سبحان اللہ پہلے تو اُنکی تکفیر پر مہربان کر دئیے پھر بعد اُنکے ساتھ عذر و معذرت سے پیش آئے
اور جس کتاب کی بدولت انکی تکفیر ہوئی تھی پھر اُسی کتاب کی صحت پر مُہران ہو چکے اور رقعے لکھے گئے اور حال مین مولوی حافظ رشید محی الدین صاحب
قادری کہ جنکے آبا و اجداد ایک سے ایک بڑھکے صاحب شریعت و طریقت ہوتے آئے ایک رسالہ سنت و بدعت کے بیان مین مسمّی بہ احیاء السنۃ معتبر کتابونکی
سندان لائے بڑے استحکام سے لکھکر ویلور سے قاضی ہازبل کے یہان بھیجوائے اور لکھ بھیجے کہ نظر غور سے دیکھکے کہین کچھ غلطی پاوین تو بے تامل بتا دین
اور اگر مناسب جانین تو اسپر مُہر بھی کر دین تا سدباب فتنے کا ہو جاوے تب قاضی ہازبل کئی روز تک دیکھکے آخر اسکی صحت و وصف پر ۔۔ اُسکے ادرد
خاص سے کچھ عبارت لکھ دیا بدستور دونو مفتیان بھی عبارت لکھ دئیے جب فرنگی محلی اور قاضی ہازبل مین کچھ باتین ہوئے اور نایب مختار نے کہا کہ مولوی سید شاہ
محی الدین صاحب ہمارے اشتہار نامہ پر مُہر نہین کئے پھر اُنکی کتاب پر کیونکر مُہران کیا چاہئے قاضی ہازبل اتنی بات کے سنتے ہی جھٹ اپنی دستخط اُس کتاب سے
پھاڑ لیا اور دونو مفتیان قاضی ہازبل کی سنت پر چلنے والے بھی اپنے اپنی دستخطان پھاڑ لئے اور حق سے روگردان ہوئے حدیث شریف مین آیا ہے
کہ من سکت عن الحق فھو الشیطان الاخرس یعنے جو شخص چپ ہوا حق بات سے تو وہ شیطان گونگا ہی ٹہرا اور فرنگی محلی اس رسالہ مین دستخطونکی
پھاڑ لینے کے نشان رہ جاتے ہین کرکے اُن ورقون کے تئین نکال دوسرے ورق ویسے ہی کاغذ و خط کے مانند طیار کروا اُس رسالہ مین لگا دیا دیکھئے یا
کیسا جعلی کام ہاتھ کاٹنے کے کیا ہی اور اُس رسالہ کی نقل بھی کروا لیا ہی معلوم نہین کہ آیندہ یہہ دغاباز اُسمین کیا کیا بد باتان لکھکے اُس مجدد کب
کو بدنام کرنا چاہتا ہی سبحان اللہ یہ تو عالمان ہوئے اور ہی کوئی ہو پایے آدھے تیتر آدھے بٹیر ہین اور قاضی ہازبل نے عبد الجبار ساکن قندہار کے
ساتھ تلویث مسجد کے مسئلہ مین جو جو بیان کیا تھا اور داوان کھیلا تھا سو عالم پر مشہور ہی چنانچہ فرنگی محلی بھی اُس وقت وعظ مین علانیہ اُس
بت پرستی تشنیع کیا کرتا تھا اور ہو رہتے اُسکی دغابازیان اُسپر قیاس کر لیجئے کہ اپنی خیر از دین علانیہ کلکٹے کے فتوی کو اشتہار نامہ کر
لکھا ہی کہ واقف لوگو یہ باتین جھوٹھ ہین یا سچ باوجود ایسے اعمال حسنہ کے اب تو دلی بن بیٹھا ہی آیندہ محمد حسین لوگڑی مفتی جتور کے
سر کیا ولایت نامہ سے کامیاب ہوگا تو بے شک لایتی ولی بن جائیگا اور قاضی ہازبل کے دونون تابعین یعنے عبد الودود اور حسن علی صدر کورٹ
کے مفتیونکی تبعیت تو معلوم ہو چکی کہ جہان اُسکا مُہر ہوا تو یہ دونو بھی اُسکے اجتہاد خیر و شر پر گواہی دیتے ہین پھر ویسے ہی اور با تونمین بھی
اُسکی سنت پر چلتے ہین یعنے وہی سب رسوم ہنود کے کرتے اور گھر دینمین ڈھول دھراتے عیدین کو گاتے بجاتے بچونکے سرون پر چوٹیان رکھتے
اور چوٹیان اُتارتے زن مریدی بنکر جودوان جہان ملاتے تہان جلاتے اکر در منشی مستان علیہا عبد الودود اول نمبر مفتی صدر کورٹ کے

گھر اُنکی بیٹی کی شادی کی تہنیت کے لئے گئے تھے باتون باتون مین وہ مرد دیندار پوچھے مفتی صاحب یہہ رسوم کیا اسلام مین درست ہین مفتی نے
جواب دیا کہ مین جو ہاتھون باندھا ہون اور مُونہہ کے جھاڑ ہندوؤن کے طور پر کھڑا کیا ہون اسواسطے ہے کہ ہند کے لوگ ایسے رسمان نہین کرینگے تو انکو
اشراف نہین گنتے پس اپنی عزت بچانا فرض ہے تب منشی موصوف اس تازے فرض کے سننے سے بہت محظوظ و متحیر ہوا پنے گھر آئے واہ واہ مفتی جی
کی شرافت و عزلت تو مونہہ کے جھاڑ اور تورن پر لٹکی ہے یارو اس فرض کو نہ جناب علی نہ امام حسن نہ امام حسین وغیرہم ائمہ اطہار رضی اللہ عنہم پائے
تھے نہ ائمہ اربعہ رحمۃ اللہ علیہم باوجود دین کے رواج مین کئی طرح کی مصیبتان اور ذلتیان اٹھانے اور مسائل کے بہت سی تحقیقات کرنیکے جانتے تھے مگر
الحمد للہ اب ہمارے مفتی جی کو معلوم ہو گیا ظاہر ہے کہ ایسے فرض ایجاد کرنیوالیکو کسیکی تکفیر فرض کر دینا کونسی بڑی بات ہے افسوس کہ یہ قاضی اور
مفتیان باوجود از روے شرع کے شرک و بدعت کے رسمونکو چھڑوانیکے لئے اپنی جورؤن پر حاکم جابر ہونیکے ان بیدینی رسمون سے باز آنیکے واسطے
تعدی نکرسکے اور خلاف شرع جانے طلاق دینیکا تو کیا ذکر لیکن اہل بیت اور اکابران دین کی تکفیر ٹھہران کر دینا اور کفر کے رسمان
کرنا اور اُن رسمونکا فتوی دینا اور اُسکو فرض مقرر کرنا اور شرع کے خلاف فتوی لکھنا اور اُسپر ٹھہران کر دیکے اُسکی اثبات پر جھوٹھے تاویلان
کرنا حکم اللہ جانے یہہ حدیث شریف حقیقتہ قرآن ہی ہے اذا ظھر البدع وسکت العالم فعلیه لعنة الله والملائکة والناس اجمعین
یعنے جسوقت ظاہر ہووے بدعت یعنے نئی رسم اور چپ رہے عالم تو اُسپر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتونکی اور آدمیونکی اور سب کی انتہی ظاہر ہے کہ چپ
رہنے والے عالم کا یہہ حال ہو تو پھر بدعت کے فتوے دینے والے اور فرض جاننے والے کیسے لعون ہوینگے اور یہہ قاضی اور دو نو مفتیان اور نا اہل کافرونکو بُرا بات
مین جناب جناب کہتے پھر منہہ پر ناک لیکر دو مردونکی عیب جینی کرتے خود فضیحت و دیگران را نصیحت اور فرقہ نوابیہ کے مجتہد ثانی اسلمی ملعاجی کے اوصاف
پسندیدہ یہہ ہین کہ وہ مکہ معظمہ مین رہنیکے دنونمین اُسکا درماہہ حافظ یار جنگ عرف اولیا طاغوت کی معرفت سے مکہ معظمہ مین اُسکو پہنچتا تھا
جب وہ مدراس کو آیا تو طاغوت مذکور پر اپنے دو ہزار روپئے کے قریب باقی ہے کرکے فریاد کیا لیکن دریافت کے وقت آخر اُسی کے خطوط سے اُسکی
دغابازی ثابت ہوئی اور جھوٹا ہوگیا اور یہان اور بعضے حاجیان کہتے ہین کہ یہہ ملعاجی مکہ مین رہنیکے ایام مین دس بارہ ہزار دینار صمد کی بابت کے
محمد اکرم تاجر کو چھپا کے تجارت کو دیا تھا وہ حبشی اُسکا بھی ستا دکھلا یعنے سب پیسے داب لیا اور حقوق دونونکے آگے تبین جا ایسی کتابان بیچنے نکالا تھا
تو اتفاقاً اُن کتابونمین سے ایک کتاب شرح قصیدہ ہمزیہ کی جسپر مہر نواب امیر الامرا بہادر مرحوم کی تھی مولوی جلال الدین حسین خان داروغہ کتبخانہ
کی نظر پڑی تو کیا دیکھتے ہین کہ اُس مہر کو سفیدہ یا اور کسی چیز سے مٹا دئے ہین لیکن نام صاف معلوم ہوجاتا ہے تب داروغہ مذکور اسلمی کو پیام کہلا
بھیجا کہ حضرت سلامت یہہ کتاب سرکار کی ہے شاید غلطی سے بیچنیکی کتابونمین داخل ہوگئی ہوگی اسلمی یہہ بات سنتے ہی تیتین مین آکے نایب مختار
کو کہلا بھیجا کہ آپکا داروغہ مجھپر کتاب کی چوری لگایا ہے مین اس کتاب کو حرم مین خرید کیا ہون اسکو حد افترا پہنچایا جائے نایب مختار جواب دیے
کہ داروغہ کو ایسی بات کی دریافت لازم ہے یہہ کچھ بد بات نہین غرض دریافت وقت جو رسید آگے سرکار مین دیکے کتاب عاریتاً لیا تھا سو دفتر سے
نکلی اور نمبر اور مہر وغیرہ علامات کے رو سے بھی سرکار کی کتاب ثابت ہوئی تب اسلمی امانت دار و دیانت شعار حرم کی خریدی عجل جاکر نایب مختار کو بول
بھیجا کہ مین سمجھا نہین میری کتاب ہے اگر سرکار کی ہو تو لیلیجئے الحاصل وہ کتاب سرکار کے کتبخانہ مین داخل ہوگئی سبحان اللہ داروغہ کو حد افترا پہنچانے
کے بدلے آپ خود حد سرقت کے لائق ہوگیا یارو اب کوتون کے دغابازون پر ہنسنا بہت بیجا ہے کہ نوابیہ فرقیکے بڑے جیسے اور داڑھی والے ایسے بات
کئے۔ اور اُسکی جہالت کی صفت مت پوچھو کہ جاہلان وہان تعلیم پایا ہے جب اُسکی ما اُسکو عاق کئی تو آپ بھی غصہ مین آکے فرمائے کہ مین بھی تمکو
عاق کیا یہہ بات کچھ چھپی ہوئی نہین لوگون پر مشہور ہے کیا خوب بیٹا بھی ماکو عاق کرتا ہے ۵ طرفہ یہہ ماجرا ہے دنیا کا دیکھئے

ماکو بتیا عاق کیا * اور حدیث مین آیا ہی اور مسلمان دیندار دل ہی دستور ہی کہ دو مسلمانون مین خلاف ہو جاوے تو صلح کردا دینا اسلیے حافظ مولوی سید شاہ
محی الدین قادری جو اسلمی کے بزرگون کے مرشدزادے ہوتے ہین مصالحت کی تدبیر کر مولوی سید محمد علی صاحب واعظ کو اسلمی کے گھر لیجا کر ملوائے تو ہنسی خوشی سے
گفتگو کیا اور نیت اخلاق سے گاڑی تک ساتھ آکے رخصت کیا پھر ایک دو روز کے بعد بعضے عزیزون کے اغوا سے سید واعظ اور مولوی سید شاہ محی الدین صاحب
کے حق مین انواع و اقسام کے گالیان دینے لگا صاحبزادگی اور سیدی کا بھی پاس نکیا ملا علی قاری شرح فقہ اکبر مین لکھے ہین من قال العلوی علیو یا قصد الاست
خفاف فقد کفر یعنی جو کوئی کسی سید کو حقارت سے چھوٹا سید کہیگا تو کافر ہی انتہی طرفہ یہہ ہی کہ اسلمی اپنے سفینۃ النجات کے تین سو بتیالیسوین صفحہ مین
مودر لکھا ہی ہر کہ گوید عالم عویلم یا علوی علیوی بتصغیر و استحقاق او را کافر گردد انتہی لیس ان صحیح النسب سیدونکو جو عالمان با عمل بھی
ہین اسنے گالیان دیا سو اپنے قول سے آپ کافر ہو گیا غرض باوجود ان گالیون کے مولوی سید شاہ محی الدین صاحب اپنے وطن ویلور کو جانیکے روز رخصت
کے لئے اسکے گھر کو جاکر ایک پہر کامل بیٹھے رہے تو وہ بدکیش ہرگز نملا آفرین اسکی دینداری پر مسلمانی کی چال اور خلق محمدی ایسی ہی ہوتی ہے
خوی بد در طبیعتی که نشست ٭ نرود جز بوقت مرگ از دست ٭ اور مشہور ہی کہ مکہ مین کوئی سیدانی جوان برقعہ پوش صدقہ کے پیسے لینے اسکے پاس
گئی تو بوا کرم تو جہر پر سے نکالا ہی تب وہ بی بی یہہ بات خلاف شرع جانکر پیسون سے ہاتھ دھو چلا گئی اور یہہ بدگمان کیا سمجھا معلوم نہین کہ اس بی بی کو کیونکر
منگوایا پھر اس بات کی خبر عربون کو ہوئی تو یہہ مردود بنی ہاشمی کو بے پردہ کرنیوالا ہو اسکیلئے دو تین کر اسکی خوب سی خدمت بجا لاوے آہ کیون نہ ہو نوابیہ کے
مجتہد ثانی مکہ کو جاکے اور تو کچھ اخلاق نسیکھے مگر دکھے کھائے اور چھیالیسوین سنہ مین عشرہ محرم کے اندر ایک روز نائب مختار کے دربار مین کہا کہ کسی
زندہ سے کٹ کے جدا ہوئے ہاتھ پاؤن پر جنازہ کی نماز پڑھنا فرض ہی تب مفتی بدرالدولہ نے اس سے پوچھا کہ گرے ہوئے دانتون پر اور ختنہ کئے ہوئے
چمڑے پر بھی کیا جنازہ کی نماز ضرور ہی اسلمی نے کہا کہ ہان انپر بھی نماز پڑھنا چاہئے تو مفتی بدرالدولہ نے ہنسا اور کتب فقہ دکھلا اسکو الزام دیکر شرمندہ کیا
اور ایک بار قاضی القضات غلام نبی خان مرحوم کے فرزند محی الدین خان صاحب کو دھوبیونکی مزدوری تلف کرنیکا فتوی دیا اور اسپر قولہ تعالی حبطت اعمالہم دلیل لایا اگر کسیکو
تامل ہو تو صاحب موصوف کو خدا کی قسم دیکے پوچھلو اور اسکا شاگرد امتیاز الدولہ بھی اس کی روایت اسی سے کیا ہی اب اگر انکار کر جاوے تو عالم الغیب
تو جانتا ہی اور اپنی کتاب سفینہ کے ایک سو انتیسوین صفحہ مین لکھا ہی کہ فعل حق تعالی درین عالم جز بتوسط اسباب نباشد انتہی ظاہری کہ صانع بے آلہ
جلت قدرتہ نے ایک کن کے کہنے سے کروڑون خلقت کو پیدا کر ڈالا اور کرتا ہی اور کریگا اور قیامت تک اسی کن کا ظہور سمجھ لیجئے افسوس پھر تھا
سو تھا عقل کا بھی اندھا ہی کہ نص صریح وھو علی کل شئی قدیر کو بھی نہ سمجھا ٥ قادری گویا فرید سبب ٭ بے سبب آفرینش چہ
عجب ٭ اور یہہ کینہ کیسا مفتری و پر کینہ ہی سو غور کیجئے کہ اپنے سفینہ کا حاشیہ جو زینہ لکھا ہی اسمین طریقہ محمدیہ والونکی طرف نسبت کرکے ذکر
کیا ہی کہ گذارش روایت و سنن و استنجا بکلوخ نیز حرام میدانند انتہی معلوم ہوا کہ سید واعظ پہلے تشریف لانیکے وقت مین دو ہنڈی کلوخ جنتی پور
سے بنے بنائے سید واعظ کے یہان بھجوا گئے تھے سو شاید وہ سب کلوخ استنجے کے بدلے اسی مفتری کے حلق مین غڑپ ہو گئے * اور سید واعظ کے
مریدان جو شب و روز سنت و نفل نماز پڑھتے ہین اور علانیہ کلوخ لیتے ہین سو اسکو بھی نہین دیکھ سکا نجانین اسکی آنکھون مین کیا پھر گیا ہی
یا اس جویبل افزا کے کاسہ چشم مین وے کلوخ اپنے مصرف سمیت ہضم ہو گئے اور ایسے ہی افترون کا رد بہ تفصیل کسی نے رسالہ مین تازیانہ نعلی بر
پشت اسلمی کے لکھا ہی دیکھلو اب ایماندارون اور شعور مندونکو ان مفسدون اور مفتریونکی ہر بات کی تاویلات اور بناوت اور جھٹائی سمجھ لینیکے
لئے دوسری کسی دلیل کی احتیاج نہین رہی اور فرنگی محلی جمال کا کمال یہہ ہی کہ اپنے باپ کے عرس مین صندل کی مٹکی سر پر دھرکے ننگے پاؤن جلو
وحشم کے ساتھ گھر سے قبر کو لیجاتا اور وہان کے سب رسوم ادا کرتا اور وردالدین صاحب کے عرس مین جہان کسبیان ناچتیان ہین جاتا اور وہان

شربت کی گھڑی لیجانے وغیرہ رسموں میں ان بدعتی مشائخوں کے ساتھ شریک رہتا اور قرآن سننے معروف صاحب مشائخ اور متولی کے گھر جاتا اور قرآن خوانوں کو اپنے گھر بھی بلاتا یہہ حدیث
شریف کتاب ابن ماجہ میں ہے نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عن المراثی یعنی منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرثیوں سے انتہی اور کہتا ہے کہ جناب
فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے بی بی مریم رضی اللہ عنہا افضل ہیں چنانچہ کسی بزرگ دیندار نے اسکے رد میں ایک رسالہ بھی لکھا ہے اور وہ رسالہ سرکار نائب مختار میں آج
موجود ہے دیکھ لیجئے واہ واہ جمال خوش خصال کا کیا عقیدہ پاک ہے شاید عیسی کی امت میں داخل ہوا چاہتا ہے اور ایک روز بولا اگر عیسی امام حسن اور امام حسین کے زمانے
میں ہوتے تو باوجود نبوت کے حسنین کی جوتیاں بغل میں دابتے انکی ہر کتاب میں ورق تیار وہیلے تو حضرت مریم کی ویسی فضیلت بڑھاتا تھا بعد اسکے عیسی علیہ السلام کی ایسی اہانت
وحقارت کیا اسکا تو یہی مثل ہے دھوبی کا گدھا گھر کا نہ گھاٹ کا اور وعظ بولنے کے وقت نائب مختار کا بلاوا آجاوے تو اسکو حکم معراج سمجھ حاکم حقیقی کے احکام کو بیان کرنا موقوف
کر اٹھ کھڑے ہوتا اور کہتا کہ صاحبو نواب صاحب نے بلایا ہے اب جاتا ہوں پھر بعد بولا ہونگا سبحان اللہ واعظ ہو تو ایسا ہو یارو فرنگی محلی کے منبر کے بیٹھنے پر ایک خوش مصرع
یاد آیا ہے سنگ شکستہ بجای گیا پی بنا اور اسکی مشورت سے سید الواعظ کے بعض مریدوں نے جو ملازم سرکار تھے تو بنابرہ اس مضمون کا لکھوا لیا کہ اگر اپنے مرشد کا معتقد نہ ہوں
تو اپنی جورو پر طلاق ہے حالانکہ بیچارے ہر چند اللہ کی قسم کھاتے تھے پر وہ مالک تو لغو قسموں کو مانا ابن حجر مکی لکھتے ہیں کہ جو شخص اللہ تعالی کی قسم کو نمانا تو وہ کافر ہے غرض انمیں
سے ایک نے سید قاسم نامی کہا کہ میں تو جب تم نہیں کھاتا ہوں پھر کسکی جورو کو طلاق دیوں فرنگی محلی بولا اپنی ماں پر طلاق دے اس سید نے کہا کہ ماں کو طلاق سے کچھ نسبت نہیں اور میں ماں بھی
نہیں رکھتا ہوں اپنے باپ کی ماں کو طلاق دیوں پھر تو اس سید کے سبب سے وہ بات موقوف ہوگئی دیکھئے دیندار وکیسا ان لوگونکی بے دینی اور جہالت ہے کہ ماں اور جورو دونوں
کے مابین برابر ہیں اور ماں کے ساتھ انھی نسبت لگادے کیوں نہ ہو ایسے بیوں جاہلوں کے بھی کان کاٹتے یارو انہوں سے تو اسباب میں قرآن بھلے ہیں ماں اور جورو کو برابر نہیں جانتے اور رسالہ
حقیقۃ الصلوۃ جو بنایا ہوا مولانا عبد الحی قدس سرہ کا ہے سوا اسکے چوبیسویں صفحہ میں یہہ لکھا ہے کہ مالک یوم الدین مالک ہے جزا کے دن کا جزا کا دن قیامت ہے اور اللہ کی
مالکیت ہمیشہ ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی مگر اندنوں میں اتنا فرق ہے کہ دنیا میں بظاہر اور بھی مالک کہلاتے ہیں گو وہ مالکیت عاریت و ناپایدار ہے کیونکہ اصل مالک اللہ ہی
ہے لیکن قیامت میں یہہ ریت کی مالکیت بھی و تھہ جاوینگی انتہی فرنگی محلی اس رسالے کو ہاتھ میں لے منبر پر بیٹھ کے ابلہ فریبی سے پڑھنا شروع کرا اندنوں میں کے لفظ کو اندنوں میں پڑھا
اور کہا بعد اسکے بابت سید احمد مغفور لیاہی صاحب جو فرقہ کیو کہ بھلا سید احمد صاحب سے مقتولوں میں کچھ بھی ہو سکتا ہے اولیا اندنوں میں بھی کہاں ہے بلے تیری
راستگوئی جھوٹوں کے پیر اور اسی رسالے کے آخر میں چھاپنے والا لکھا ہے کہ جناب مولوی محمد علی صاحب کی تصحیح سے چھاپا ہوا ہے اور رسالہ نصیحۃ المسلمین وغیرہ رسالوں کے ساتھ
جلد بندھا ہوا تھا یہہ قاعدہ ہوا کر یہہ کچھ نصیحۃ المسلمین کی بد بختی سے دلخواہ بیان کر اسکے ثبوت وقار ن لوتا کے بولا اعجو محمد علی نصیحۃ المسلمین کا معتقد تھا دیکھ لو کر اسمیں
لکھا ہے کہ مولوی محمد علی کی تصحیح سے چھاپا ہوا ہے دیکھو تو یارو یہہ چھاپنے والے کی بات کہاں لگا کے لوگونکو دھوکا دیتا ہے سبحان اللہ عالم دیندار ایسا ہے تو کہ جیسا وقت
دیکھتا ویسی بولی بولتا اور یہ کچھ تو نقل تا کچھ لیس عالم نہوا گا تو رہی ہو آو عید اضحی کے روز قربانی کے وقت بکرے کا سر شمال طرف اور پاؤں جنوب کی طرف کر کے مرد کو جیسا
قبر میں سلاتے ہیں ذبح کیا اور لوگوں کو بھی ایسا ہی فتوی دیا اور آپ جگہ جگہ کے بتلا کر ایسا ذبح کرتا تو دانا لوگ یہہ تو دیکھ کے ہنستے تھے اور نادان شک میں گرفتار ہوگئے کہ
ایسا کتا تو مولوی ہر نکو اسطرح سے سمجھا رہا ہے غلط ہوگا اور دو سال کے بیشتر ازیں کہا کہ ست شوال کے روزے حرام ہیں و بعضوں کے روزے بھی تڑوایا اور مستوجب لعبولبیا [illegible]
مولوی شہاب الدین کے رو برو بھی ایسا ہی کہا حالانکہ ست شوال کے بابت حدیث شریف وارد ہے چنانچہ کسی بزرگ نے اس دونوں بوڑھی میں رسالہ لکھا ہے سرکار
نائب مختار میں آج دھرا ہے دیکھ لو اور حال شرف الامرا کے فرزند کی کتخدائی کے روز فرنگی محلی نے تقی الدین خان کے چوتیکے ساتھ شرف الامرا مرحوم کی لڑکی بے گواہ نکاح پڑھا
نائب مختار سنکر فرنگی محلی کو خوب سا جھڑک کر پھر دوبارہ نکاح موافق شرع کے پڑھوا اے عیاش لوگو خوشیاں مناؤ اور فرنگی محلی کے قدم چوم لو کہ تمہارے واسطے اچھی فتوی
دیا ہے اور انکو بھی یہہ بشارت سنا دیں کہ تمہارے خاطر خواہ اچھا قاضی پیدا ہوا ہے اب تمہاری وہ تی ہملیتہ چلکی چرپی ہیگی اور یہہ فرنگی محلی ایسا خیر گیر نکاح خواں ہوگیا
ہے کہ مردوں کو بھی نہیں چھوڑتا ہے چنانچہ ایک روز ربیع الاول کی اکیسویں ۱۲۵۲ ہجری میں عبد القادر خان مرحوم کے فرزند اکبر بادشاہ کے گھر فاتحہ کی تقریب کے سبب سے

سید محمد خان نواب حلیم خان مرحوم کے نواسے اور سید نظام الدین بانکے اور عزیز النسا بیگم کے فرزند اور حشمت جنگ بہادر غرہ محرم جمع آئے تھے تب ان باتون مین فرنگی محلی نواب والا جاہ اور نواب
نظام الدولہ بہادر فردوس مکان مالک دکن کی تکفیر کر بیٹھا سید نظام الدین بانکے نے یہہ سنتے ہی ایسا گھرکا اور دانٹ کے کہا کہ نواب نظام الدولہ رسول اکرم صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم مین انکی تکفیر کیا سو وہ کافر ہو گیا فرنگی محلی بیچارے کا برقعہ لے اپنا منہہ بنا کے ہو کے دم کھایا اور ایسی سال کہ ربیع الثانی کی دوسری تب مین امیر الہند نواب محمد غوث خان بہادر
دامت حشمتہ و سلطنتہ اپنے دار الامارہ مین جلوس فرمائے ہوئے تھے اور حکیم احسن الدین خان حال اور امین علیخان اور حاجی فہیم اللہ خان فرزند مولوی وحید اللہ مرحوم کے اور کئی عمدگان
بھی حاضر حضور تھے اتنے مین جمال الفرودی فرنگی محلی کی ہوئی تب حاجی موصوف کو ایسی خواب اپنا نواب معزی الیہ کے جا مین عرض کرنے لگے بعد تمام ہونے کے فرنگی محلی بولا کہ علی تقی
کے خواب کا تو اعتبار نہین تمھارے خواب کا کون اعتبار کرتا حاجی موصوف بولے کہ امیر المومنین کے خواب کو جب تم معتبر نجانین تو تمھاری بکا کیا اعتبار پھر تو بڑھتے بڑھتے دونون
بیچ گفتگو ہونے لگی آخر بایک دیگر تو کافر تو کافر کی دھوم مچگئی تب نواب معزی الیہ خفا ہو کر اٹھ گئے ہو قضیہ کو تمام اور ایسے ہی ایک روز سید حسین جنگ چھانپ کے ساتھ گفتگو کرکے گالی
گلوج کی نوبت پہنچا اسکے ہاتھ سے نواب بیگم کی ڈیوڑھی ایسی اپنی فضیحتی کر لیا کہ آنکھوں مین آنسو بھر لا رونیکی صورت بنا کے چپکا ٹل گیا اور ایک روز اسکی مجلس مین نجوم
کی ذکر نکلی تو مولوی میر علی نے کہا کہ نجوم پر اعتقاد رکھنا شرک ہی پھر اس پر ملا علی قاری کی سند بھی بیان کیا تو وہ کفر مجسم یعنے فرنگی محلی بولا ملا علی جھک مار کے کھایا وہ کافر ہی
پھر تو دونون مین گفتگو بڑھی فرنگی محلی آستینان چڑھانے لگا کہ اب دیکھ تجھے کیا کرتا ہون تب میر علی کہنے لگے خبردار تجھکو مستر ملیت کے یہان بھیجوا کے بیٹھ پھروا دونگا
سبحان اللہ فرنگی محلی کیا ایماندار شخص ہی کہ اپنی بات کے خلاف کسی عالم کے قول کو پایا تو اسکو کافر کہہ بیٹھتا ہی اور کیا حیادار مرد ہی کہ ہر کہین دنیا اعلا سے فضیحت و رسوا ہو
کرتا ہی یہہ تو عالم نہین بلکہ بیحیا ہی بلکہ بیحیائی کے عالم کا مولانا کہا چاہیئے کیون نہو خدا نے فرنگی محلی کو عزت بخشا او مولانا او مولوی علاؤ الدین کی نام کو روشن کیا سپوت ہوے
کپوت ہوے اور کئی بار سید حسین جنگ چھانپ سے بطور مسخری کے کہا ہی کہ اگر یزید حسین کو قتل نکرتا تو تم لوگ یہہ سر و پیڑ کہان سے پاتے اس بات کو نواب کرناٹک غلام
غوث خان بہادر کی ڈیوڑھی کے بھلے آدمی اور شاگرد وغیرہ سب نے مین بیٹھ تو نہ سمجھ زادہ ہی کہ یزید کو اہلبیت کا محسن جانتا ہی اور جب کلکتہ سے تقویۃ الایمان کی صحت پر فتوی
بیالیس عالمونکی دستخط و مہر سے چھاپا ہوا آیا تو اسنے قانون جی ایما ایک جمعہ کو منبر پر بیٹھ کر وہ فتوی ہاتھ مین لیا اور اسکا باطل کرنا مکما مولوی شہاب الدین حقیقت مین حجاب الدین
منبر کے نیچے تفسیر کبیر اور تفسیر مولانا شاہ عبد العزیز کھولے ہوے ہاتھ مین لئے کھڑا ہا بعد از فرنگی محلی خاطر خواہ جو بکنا تھا سو بک کر کہنے لگا اس فتوے مین سندان لکھکر جو عمدہ
عمدہ کتابونکا حوالہ دیا ہی سو غلط ہی دیکھئے تفسیر کبیر اور تفسیر شاہ عبد العزیز کا حوالہ دیا سو اسمین ایسا لکھا نہین ہی فقط بہتان و افترا کیا ہی اور ورقان لوٹ لوٹ کے صفحون پر
انگلیان رکھ رکھکے دکھلاتا اور اسکا چیلا حجاب الدین بڈ کو بھی حق کو چھپا کر وجہ موافق ہان ملا کرتا یار و حالانکہ وہ تمام سندان حوالہ موافق انھین کتابون مین موجود
ہین جاہلان جو اسکے چیلے چپاٹی مین انکو تو حقیقت حال کچھ معلوم نہین پھر کیا تو چھپا نہایت خفتی و فخر سے کہنے لگے کہ ہمارے گروجی نے ایسے بڑے فتوے کو ایک باتمین رد کر ڈالا اور سندان
جو ان سندونکو جانے والے تھے اس ہجو سے انکے بڑے انکار صریح حیرت ناک ہو کہنے لگے سبحان اللہ دزدے دلاور است کہ بکف چراغ دارد بعد اسکے اس جلسے جو تھے کے تسنیمند طرفدار
بھی ان سندونکو جوانے کے مطابق انھین کتابونمین پاکر طرفداری سے باز آئے لیکن بانی محبانے جو کہا تھا کہ کلکتے کے علما سے دوچار بھی تقویۃ الایمان کی صحت پر گواہی دین تو مین اسکی طرف
ہو جاؤنگا سو با وجود اتنے عالمونکی گواہی کے اپنا عہد وفا نکیے حالانکہ وفا بعہد شرط ایمان کی ہی اور ایک روز وہ دشمن سادات یعنے فرنگی محلی دسترخوان پر غلام مرتضی خان
بہادر عضد الملک کے بیٹھے جو کھانا کھاتا تھا اسوقت غلام جیلانی خان و شرف الامرا بہادر اور کئی لوگ بھی موجود تھے اتفاقاً کسی حاضرین مجلس سے فرنگی محلی سے پوچھا کہ سید محی
الدین بادشاہ صاحب شیخ حیدر آبادی کون مین سو آپ جانتے ہو فرنگی محلی نے کہا ہان جانتا ہون سید صاحب نامی ایک زن کے ہزل مین تھے سو نکالے بالک ہیں غوث
الاعظم کی اولاد نہین ہی جب یہہ خبر اس زن کو پہنچی تو فرنگی محلی سے وہ پوچھے کہ آپ کو میرے نسب کی تحقیق کہان سے ہوئی جو ایسا کہتے تب فرنگی محلی جھوٹ سوگند کھا کے کہا
کہ مین نے نہین کہا اور جب تک وہ سید اعظم کی و دوسرے علما دیندار اسکی اور سادات کبار کی گرد جھکا او توبہ لینے کی خدمت مین بسر و چشم اہتمام کلی بکار الایات ع ما نعلم سمجھے کہ بدر الدولہ
مفتی محکمہ کو واسطے سے نامختار رو عرض سلام کیا کہ میرا تقاضہ عنایت فرماو پر یہہ توبہ طرف مجلسکی خصوصیت پر بانی مختار نے برخلاف فرنگی محلے کے مقصود کے کہا کہ بسم اللہ رخصت

ہے فرنگی محلی نہایت مایوس ہو گیا پھر یہہ خبر نواب بیگم نے سنی تو فرنگی محلی سے تعرض کی کہ بے اطلاع میرے تم رخصت کیون چاہتے ہو فرنگی محلی جہت انکار کر گیا کہ مین نے ایسا پیام نہین دیا تھا
مفتی بدر الدولہ نے اپنی طرف سے لگا دیا ہے اور ادھر مفتی بدر الدولہ کو پیام بھیجا کہ مین نواب بیگم سے ایسا بولا ہون سو آپ بھی مجھے بچالین بلے تیری جرأت میان فرنگی محلی
سچے اور سچی قسم کھانیوالے ایسا ہی کرتے ہین اور چند روز کے آگے یہہ فرنگی محلی بعد نماز جمعہ کے جو ہنوز بعضے لوگ سنت و نفل نماز مین مشغول تھے ابو المعالی بازاری کی تحریک سے
بہت سے لوگون کو جمع کر کے منہہ برسنے کے لئے نماز استسقا کے عوض مین بطور اجتہاد کے مرغ بے ہنگام کے سر بکا سات بار بانگ دیا تب متولی مسجد کا ان دونونکو خوب دانتا بلکہ تکفیر
کی نوبت پہنچی اور وے دونو متولی کو لعنت ملامت کرنے لگے غرض بالکدیگر تکفیر کی دھوم مچگئی اوس تکفیر کے بازار مین متولی اپنے پیر کی بھی تکفیر خرید کر بیٹھا کیونکہ وہ بھی ابو
المعالی بازاری کی شراکت کا سودا رکھتا تھا غرض حسب الحکم نایب مختار کے حسب موافق حکم شرع کے فتوی لکھا گیا تب مجتہد اول و ثانی و قاضی بلدہ و غیرہم سے اپنے مہران کر دئے
کچھ عبارت بھی اپنے ہاتھ سے لکھہ دئیے کہ یہہ کام ضلالت کا ہے مگر فرنگی محلی مہر نکر کے کہا کہ اگرچہ یہہ فتوی جو منع اذان پر ہی سو صحیح ہے لیکن مہر کر دینے سے میری بڑی
رسوائی و بدنامی ہے کیونکہ یہہ بدعت مجھہ سے ہوئی ہے پر وہ عالم دیندار کا تو یہہ کام نہین کہ حق بات کو چھپاوے اور اپنے کئے کی پاس سے فتوی صحیح پر مہر نکر دیوے ابھی دلی
دور ہے اس کفر اہل بیت اور مومن کو دینداری سے کیا نسبت دیکھئے ایک روز نایب مختار کے حضور مین کہا کہ دو بزرگ ایک طرف بیٹھے تھے ایک کی تو عادت یہہ تھی کہ ہمیشہ تمامی اولیاء
اللہ کو بیان بزرگ جناب علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کو گالیان دیتے تھے اور دوسرے بزرگ بڑے مودب تھے اتفاقا خشک سالی ہوئی تو لوگ منہہ برسنیکے لئے بزرگ مودب سے التجا کر کے
اپنا مقصد نہین پایا بعد گالیان دینے والے بزرگ سے التجا کئے تو آسمان پر ابر خوب ظاہر ہو گیا لیکن برسا نہین پھر وہ بزرگ اپنی جوتیان آسمان کی طرف پھینکنے لگے تو دیر کے وقت کے بعد
منہہ برسنے لگا نایب مختار نے پوچھے کیا جوتیان ابر کو مارے تھے فرنگی محلی بولا ابر کو نہین خدا کو اور کہا دیکھئے بزرگون کو خدا کے ساتھہ ایسا ناز ہوتا ہی نایب مختار اس بات کو
باور کئے یا نکئے سو خدا کو معلوم ہے پر لعنت کرو ایسے عقیدہ پر اور ایسا کہنے والے پر اور اسکو باور کرنیوالے پر اب کہو ایماندارو تو کوئیے سب باتان جھوٹھہ مین یا سچ بھلا طرفہ
محمدیہ والے غریبان ایسے بد عقیدہ والے سے کیا مقابلہ کر سکینگے کہ انہو کا عقیدہ تو موافق قرآن و حدیث اور کتب عقاید کے ہی اور وہ بدبخت اپنی خاطر خواہ نقش جوڑی عقیدہ
بکرا ہی اب اسکو منانا تو کفش ہی سے منایا چاہئے وہ تو قدرت غریبون کو نہین لیس اللہ ہی کو سونپ دیا چاہئے کہ وہ سب بھلی بری کا جاننے والا ہی سو آن بانو لیکے
و غلط مین جو جہالات جھوٹھے قصے کہانیان وہیان لکہا ہی سو لکھون تو ایک دفتر عظیم ہو جاویگا روشن ضمیرون پر اجمال خوب روشن ہے کچہہ احتیاج بیان کی نہین
جب علمائے نامدار کے اوصاف ایسے ہون تو بے نام عالمون کی صفتان کیسے ہونگے سو قیاس کر لیجئے چنانچہ ایک خط کا ابو المعالی بازاری نے ان کے مقدمہ مین ایک جہل خط
نایب مختار کو لکھا تھا اور وہ خط متولی کے پاس تھا سو اسکی عبارت بجنسہ یہہ ہی بسبب گرانی نرخ غلہ و کشش باران غریبان و مسکینان بحال ابتر ہنوز این حالت آینده
چگونہ باشد مرسان گشتہ آل نبی صاحب انتقام نبی صاحب قرار داده التجا کرد لہذا حکم نمود کہ ہمہ مردم جماعت صف کشیدہ بعد نماز جمعہ و بعد فرض وقتی اذان بابداد
در صورت متولی اعظم نواز خان مانع التجا گشت و گفت کہ نواب صاحب در غضب می آیند و منع میفرمایند و میگویند کہ در مسجد چراغ علی خان میکنند و اذانہا در وقت
بابداد کرده میان جانوران بمیرند الخ دیکھئے کہ اسنے اپنے کو سید بنایا ہی حالانکہ اسکے وطن کے لوگ یعنے جالنے کے باشندے کہتے ہین کہ اسکا باپ شیخ تھا اور انگریز کا نشتر باز
لعنۃ اللہ علی خارج النسب و لعنۃ اللہ علی داخل النسب اور اس عبارت جہلہ سے کیسی اسکی جہالت و حماقت پائی جاتی ہی اور اپنے کو تو نبی بھی ٹھہرایا ہی ... اور کہتا ہی
کہ نبی تو کیا بلکہ ولی کو بھی ہم سجدہ کرینگے ایسی ہی باتون سے جاہلون و گانجہ کشون مین بڑا صوفی بن گیا ہی اور نکھیان چولیان کے سودے کے دور مین تا نیا او سو بکتا ہی آیتون
اور حدیثونکی بھی جو باتین آتے ہین سر بکا کر کے لوگون کو گمراہ کر دیتا ہی چنانچہ قل انما انا بشر مثلکم کے معنی جو لکھا ہی سو بجنسہ یہہ ہے کہ اللہ نے کہا مین بھی انسان
سر بکا ہون تب یون کہا محمد رسول اللہ کو ان نبی نعوذ باللہ منہا یہہ توصیح کفر ہی قال النبی صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اذکرکم اللہ فی عترتی اس حدیث شریف کا معنے
اپنی کتاب ہندی مین یہہ لکھا ہی یعنے فرماتے نبی صاحب نے کہ معلوم کراتا ہون تمکو کہ اللہ میرے فرزند و مین ہی نہتے حالانکہ صحیح معنا اس حدیث شریف کا یہہ ہی کہ فرمائے
رسول صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم یاد دلاتا ہون تمھین اللہ تعالی کو میرے اولاد کے باب مین یعنے میری آل کی حق ادا کرنے مین اللہ تعالی سے ڈرو دیکھئے اس معنی کو کس طور سے بدل کے

مصارف سے بھی بڑھ گیا نعوذ باللہ کی پناہ افسوس ہے ایسے کی مہر بھی قابل اعتبار ہو گئی تھی تو یہی ہے کہ ویسے بے دینی اشتہار نامہ پر ایسے ہی مرتد فرقے کی مہران چاہئیے ہے کہ در تعمیر این ویرانہ
معمار چنین باید اور بے دغا بازان بالکل دیگر ایک کی ایک پاسداری ایسی کرتے ہیں کہ اپنا ایمان جانے سے بھی خبر نہیں رکھتے چنانچہ محمد نامی طالب العلم نے آیت موصوف
کی معنی کا کاغذ جو ابو المعالی نے لکھ دیا تھا بجنسہ فرنگی محلی کو دکھلا کے پوچھا ایسی معنی لکھنے والے کو کیا کہینگے فرنگی محلی دیکھتے ہی شور مچایا کہ وہ بے شک کافر ہے پھر وہ
طالب العلم بولے بھلا غور کر کے فرمائیے تو پھر کہا بیشک کافر ہے تب طالب العلم بولے ابو المعالی نے لکھ دیا ہے فرنگی محلی بولا ہاں ابو المعالی نے لکھ دیا ہے شاید کچھ سمجھ کے لکھ دیا
ہو گا اور جب اسلمی اور ارتضا علیخان کے درمیان نماز جمعہ متعدد مسجد میں جایز ہونیکے مسئلہ میں جھگڑا پڑا تھا اور ایک دوسرے کے رد میں رسالہ لکھا کرتا تھا تب ارتضا علیخان نے عدم
جواز پر فتوی لکھا تو مدراس کے علما باوجود وہ فتوی غلط ہونیکے اسپر اپنے مہران کر دئے تھے اور ارتضا علیخان نے لوگوں کو تلبیس و مغالطہ کیا تھا سو یہ حقیقت اسلمی نے خود
اس رد و قدح کے ایک رسالے میں لکھ چکا ہے چنانچہ وہ عبارت یہ ہے خصوصا درین بلدہ کہ علماء آنسوی نفسانی بدماغ بسیار پیچیدہ است و ادراک حق ازان خیلی عسیر شدہ
چنانچہ اخبار الشہادت میکنند و بخبر مشہور یہ میکردانند و فتوی بلا تامل دادہ مردم را در چاہ ہلاک میکنند و تغافل و تساہل را در امور مہمہ دین شعار خود ساختہ اند و مراعات
خواطر بحدیکہ بر ایشان است کہ از کتمان حق و نقصان دین ہیچ باک نمی دارند و نادیدہ و نادانستہ دستخط و خواتم بطریق شہادت ثبت میکنند و الی غیر ذلک چنانچہ اینہمہ نقد حال
است و آئندہ انکشاف احوال و مآل آنکہ علماء معصوب بدین در حزم و احتیاط در آئین عوام بیشتر میباید قضات و مفتیان را نیز لازم است کہ از علماء بلد مشاورہ کنند و بعد تصویب در
امضای فتوی گستاخ انصفون حدیث اجرأکم علی الفتوی اجرأکم علی النار کہ وعید شدید است در رعد باشند بحکم انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء لان العلم ہو
الخشیۃ لا کثرۃ الروایات انتہی اور دوسرے مقام میں اسی رسالے کے لکھا ہے و قول قید روایات احتراز است از قول شافعیہ عجیب و غریب است زیرا کہ شافعیہ خود
قایل بمفہوم اند این قسم تخصیص را نگاہ کند خطابات شرعیہ قبول میکنند چرا در روایات انکار ازان خواہند ورنہ بالجملہ دین قول از سر تلبیس و مغالطہ بود و ہیچ مساس بمدعا
سایل ندارد کما لا یخفی علی العالم المتدبر انتہی دیکھئیے تو اسیہ فرقہ والے خود آپس میں ایک دوسرے کی بیدینی اور حق تلفی و تلبیس و مکر و مغالطہ ثابت کرتا ہے حالانکہ خود بھی
وہی صفتان رکھتا ہے چنانچہ اسلمی خود ایک بدعتی مرزا دہ کے لکھنے سے اخبار کو دیکھے سرکا سمجھ کے بلا تامل مولوی محمود صاحب کی تکفیر پر فتوی لکھ کے اپنے ساتھیوں کے بھی مہران
کروایا اور ارتضا علیخان کے فتوی پر تمام صحیح ہی کر کے مہر و دستخط کر بعد اسکے اپنے سفینہ میں پھر آیۂ وما اہل بہ لغیر اللہ کی معنی میں تحریف کر اسی فتوی کے خلاف
فتوی دیا اور اسی کتاب سفینہ میں شفاعت بالاذن لکھا تھا سو اسکو اندنوں میں طریقہ محمدیہ والونکی ضد سے بطور تلبیس و مغالطہ کے دو ورقی رسالہ شفاعت کے باب میں لکھکے
فضیحت ہوا ہے چنانچہ یہ مقدمہ آگے مذکور ہو گا سبحان اللہ جمہور اور اجماع کے لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں مثل مشہور اسی طبل بلند بانگ و در باطن ہیچ ؛
۱۲ اور بہت سے ناسمجھ جاہلان جو اشتہار نامہ مذکور پر مہران کئے سو انکا حال یہ ہے کہ قبروں پر سر پر تلوار رکھ کر اپنے علاقہ دارونکو حکم کرتے ہیں کہ قبر کے پاس پگڑی باندھکر جانا اور ادب بجا لانا
ظاہر ہے کہ شرع میں تو ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روضۂ مطہر و مقدس پر آداب بجا لانیکا بلکہ رکوع کا حکم نہیں لیکن معاذ اللہ یہ کونسے نبی کے امتی ہیں سو معلوم نہیں ہوتا،
اور چھلہ یا چھٹی کے رسم کے روز ادھر سے بہن یا چچی ہوتی ہے تو ادھر بھائی رتھ بنا کے ہو سامنے جاتے اور چھٹی کے دن جو لکھتے ہیں اور اعتقاد کرتے کہ چھٹی اس دن بچے کی تقدیر
لکھتی ہے اسلئے اسکا پاس بھر اونڈے پھوڑتے ہیں تاکہ تقدیر نیک لکھے اور شادی بیاہ و تولد وغیرہ کے کاموں میں ہندونکی رسمان کرتے اور کوئی کام یا رسم شروع کرتے ہیں جو یہ سمجھ
کو عالم الغیب جانکر ان سے حکم لئے بغیر نہیں شروع کرتے اور شگون لیکے وقتیں ایسے جو ہیں بتاتے ہیں حالانکہ یہ کام کفر اجماعی ہیں اور عرسوں میں روشنی کی کثرت اور مشکل علاقہ وغیرہ کی بد
بدعتان بے شمار ہوتے اور قبر جو عبرت لینیکی جگہ ہے سو ایک عالم کا تماشہ گاہ بن جاتا اور وہاں بندیاں و مردان بیٹھے اپنے دلونکے اور مقصدونکو پا کے عرس کرنے والوں کے حق میں دعا
خیر کرتے یار و اگر پوچھو تو عرس کرنیوالونکو یہی بڑا فایدہ ہے اور محرم وغیرہ کسی قسم کی بدعت منکرہ نہیں چھوٹتی بلکہ بدعتوں کو سب وقت پیلے و ھوئے لوگ تیوں اور
اور دشمن ایک دشمن سے مدد کرتے حتی کہ کافرونکی عید و ہمین بھی اپنے علاقہ دار کا منتر برہمن وغیرہ کے ان سب جو ہیں ایسے کمک فرماتے ادھر یہ برہمن ہیں وان سے سرفراز کرتے میوہ
تحفہ ہدیہ بھیجواتے انکی سرکی تعظیم و توقیر بجالاتے اگر سید زنانے حضرت حوا رسول مقبول ہیں ان یا توہمن دموا جسے جگہ آتے تو معمل مسلمانوں میں شمار کئے جاتے فقط القصہ وغیرہ

